**انگشت چہارم** استرخائے قضیب میں کہ ہوتا ہے کا سبب اُسکا نشان سلامت رہنے اعضا اور مقوت ہونے کے ساتھ نہونا نفخ اور قرار کا

قوم لوط کے کہ بدون ڈاڑھی اور مونچھوں کے عورت سے جماع کی قدرت نہیں رکھتے ہیں اور جو کبھی واقع بھی ہو
تو جلدی سے وقت دخول ذکر استرخا رہوکر منزل ہوتے ہیں یہ تمام نہونے عادات کا سبب ہے اور شک
نہیں ہے کہ جسم قضیب بسبب برودت محل کم عمر بدون ڈاڑھی شکاسف ہوتا ہے ضرور ہے کہ فرج کی
گرمی بسبب کھلنے مسام کے سبب استرخا رکا ہوتی ہے اور طبیعت بسبب ملاقات خلاف عادت کے آپ عضو
کھانیوالی قوت جاذبہ سکم کی ہے منی کو نہیں روک سکتی ہے اور ایسا ہوتا ہے کہ کبھی بسبب خلاف ہونے
طبیعتوں فریقین کے گرمی اور تری میں طبیعت کم سن کیوقت دخول سبب انزال اور استرخا رکا ہوتا ہے اور
طبیعت سے اپنے وہموں کے مرض میں گرفتار شرم اور حیا کا ہوتا ہے ان تمام صورتوں میں انتظام سرعت
انزال کا کیا جاوے اور جو چند روز اسی طرح سے بیکاری میں چھوڑ دیں تو لید منی میں طبیعت بیکار ہو جاویگی
اور پھر مایوس علاج سے ہوگا اسکی نشانی واقع ہونا ان سببوں اور خفقان اور رنج اور خوف کا وقت
مجامعت میں اور قایم ہونا شرم و حیا کا کبھی کبھی وقت تنہائی کے ہے اور سنگڑ جانا وقت قربت کے سبب
اندیشہ یا انفعال سے دیکھنے سے عورت یا حشمت کے اور سننے آواز سے بلا تمام کے سننے سے خیال اسکی صورت کا قطع
رجولیت کرتا ہے علاج اسکا بدلنا مزاج کا ہے تقویت دینا اعضا کا خاصکر دل دماغ کا اور بدلنا خیال کا جو
دلمیں جا بیٹھا ہے خاص رفع کرنا خیال کا مسکرات سے مگر بیچ جماع سے چاہیے اور مفرحات اور تقویت کو اسکی
دوستاں شوار المسک ایک رطل گلاب ہر روز کھانا کمال فائدہ مند ہے اور عرقیات سے مانند عرق مشک
جو نشہ لاوے اور عرق خوش کیفیت اور شراب خالص اور معجون سکرا اور معجون زائد الشکر مفرح
جالی عجیب الاثر رکھتی ہے ۔ سرگین خوشیان ایک تولہ ۔ تین تولہ لونگ خوب گھسکر شیشہ میں
رکھیں اور ایک یا دو گولی کے برابر نہار ہمراہ دودھ مادہ گاؤ کے پلاویں چند روز یہ عمل کریں دور کرنے
حیا اور شرم میں اثر تمام رکھے اگر عورت پر قادر نہیں ہو سکتا ہے ضرور قادر ہوگا اور اسی طرح بخور کرنا گدہ
کے گوشت سے شرمگاہ کا عمل رکھے ایک ہفتہ تک واسطے کشود کاری بستہ رجولیت مرد کے جو جادو اور طلسم
اسکے مانند سے بستہ ہوا سار رہے ہے اور جو باحیا و شرم آدھی رات میں اٹھکر چوراہہ میں ننگا ہوکر
توے پہ پیشاب کرے واسطے دور کرنے بستگی رجولیت اس شخص کے کہ جادو اور کسی طلسم یا اور اسکے مانند سے ہو
خواص عجائب اور اسرار سریانی سے ہے مفید زیادہ ہے اور بعض عملوں مخصوصہ معمولہ شاہجہان خاندان سے اقوام
عشق ہندسے مکرر کر عمل میں آیا ہے عمل مثلثہ یہ ہے کہ واسطے تمام قسموں حیا و شرم اور ہر طرح کی ضعف

سبب انزال کا ہوتا ہے اور جو قولی پاک انبیا علیہ السلام لوث یعنی ناپاکیوں کی شہوات سے پاک ہیں اور
موصوف ہی آ ترنے کے ہیں لاحالہ یعنے بالضرور وقوع ایسی حرکات ناقص کا اُن سے ممکن نہیں ہے
چنانچہ حکیم مطلق سے حکم ہے اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطَانٌ
آنکھی اور یہ یعنی تابعین کی شان میں وارد ہے **حاصل کلام** نقصان باہ اور استرخا رقضیب
کہ تصرفاتِ نفسانی سے ہو نام کیا گیا ہے حیا اور شرم سے اور وہ لغت میں محویت ہے ہیبت اور
حشمت ایک دوسرے کے اور اصطلاح اطبا میں وہ ایک مرض وہمی ہے باوجود صحت اور اعتدال کے
جس شخص کے خیال میں تمکن یعنی جائے قرار ہو مباشرت پر قادر نہو گا ضرور وہموں کے سبب کار کے
وقت قدرت نہ پاویگا چنانچہ ایک سخنور نے کہا ہے ؎ گو ہے استعداد سب پر آپ اپنے وہم سے ٭ ہوں
پھیلنے تر پہ پر مایوس ہوں اہل حیا ٭ اس غلبہ کا ایک سبب عارضی ہے اور عوارض نفسیہ ہے وقت
مباشرت اور استرابیعت کے زیادہ ہی حیا کہ لکھے ہیں ؎ بہت نوجوان شیر دل پیچہ گیر ٭ بنے آکے وہ جنگ میں
روبہ پیر ٭ اکثر نوجوانان آزمودہ کار معاملہ الٰہی میں حرکتیں بیقراری یعنے خوفناکی کی کرتے ہیں اور
تشا ہیاں بدلنے حالات اور رنگت کے باعث ایک رعب دل میں ہو جاتا ہے اُس وہم میں کوئی
کام نہیں چلتا ہے یا یقین ہوتا ہے کہ کسی نے مجھ پر جادو کر دیا ہے اور میری رجولیت کو باندھ دیا ہے
پس اُس خیال سے گھوڑا میدان میں نہیں چلا سکتا ہے یا یہ سبب کہ وقت مباشرت خوف کی جگہوں میں
پہنچا ایک ڈر دل میں سبب بیکاری کا ہے پس طبیعت بسبب وہموں اور خیالات کے سرگرداں تذلیل ہو یا معشوقہ
بیوی کی صحبت میں شرم کے غلبہ کرنے سے میدان میں پاؤں نہ رکھ سکے یا نہایت خوشی محبوبہ کی سے یا محبوبہ غائب
حرکت اور مضبوطی روحوں کے ظاہر باطن میں وقوع ہو کر بے اختیاری باعث بیکاری کا ہو یا طبیعت
کراہیت معمول سے متغیر ہو کر ابھرنے کو فرو گذاشت کرتی ہے اور جب خیال اس عادت کا قرار پکڑے
بہرحال اس احوال کا وقوع وقتوں نوعروسی میں کہ ابھی تک تجربہ عورتوں سے نہ پہنچے ہوں عارض
ہو تو بہت سخت اور مشکل ہے اور ممکن ہے کہ کسی ایک عورت کے ساتھ صحبت کرنیکی دست قدرت
نہ پاوے بسبب مضبوطی وہموں اور نہ ہونے مہارت عورتوں کے باب میں بخلاف تجربہ کاروں کے جو
ضرور استقدر مایوس کار۔ نہیں ہوتے ہیں اور اکثر یہ ہے کہ باوجود نہونے زن باحشمت کے عورتوں
ما بعد سابقہ سے جماع کر سکتے ہیں نہونے تمام وہموں کے سبب اور یہ ہو سکتا ہے اور اکثر عادت والے افعال

خاص ہے اور جو دماغ کو رنج پہنچا ہو سبب بیداری اور سوائے اسکے سے اور جماع سے لذت نہ پانا اور
قضیب سست ہونا ہے اور جو ضعف برودت سے ہو تنفع پانا ضد سے اور نقصان اُس سے ظاہر ہوگا
اور جو حرارت سے ہو برخلاف ہے اور جو رطوبت سے ہو مرطوب کھانے سے نقصان رہتا ہے اور حمام میں
قدر کی رطوبت ہے اور رطوبت سے خالی کرنیوالی چیزیں نفع دینگی اور جو خشکی سے ہو اُس کے
برخلاف ہوگا **علاج** تقویت دماغ کا ہے ادویات مقوی سے **مثل خمیرہ** بادام مانند انڈے
اور حلویات خاصکر حلوب **مسکہ** کہ اسمیں زردی بیضہ کی ہے اور حرکت چہارم میں لکھی ہے اور
**حریرے** اور مغزیات حیوانات اور انڈے اور جانوروں کے سوائے اسکے عمل میں لاویں **جاننا چاہئے**
کہ اکثر بیماریاں نفسانی انسان کے بدن میں قوی تر اور سرعت کنندہ تر ہیں اور بدن کی بیماریوں سے
جیسی حالت غضب غصہ خوشی اور گریہ وزاری اور شرمندگی اور غم اور رنج ہیں کہ ان سبھوں میں سے
بہت جلد پہنے ہر ایک واقع ہوکر تغیرائی جسم میں اور چہرہ وغیرہ میں نمایاں ہوتے ہیں وقت استرار
تغیر بدن کا ہوتا ہے یہ تمام انسانی خواص سے ہے جیسا قول مولانا روم کا ہے **بیت**
کھانے اور پینے سے فربہ ہوتے ہیں چوں گاؤ خر * گوشت سے ہوتا ہے فربہ اسطرح جسم البشر *
اُس سبب سے کہ واقع وظاہر ہونا نجاست کا خواب کے عالم میں وجود انزال کا بیداری میں کہ احتلام
عبارت اُس سے ہے اسپر دلیل ظاہر ہے بخلاف غیر ناقص حرکات کے کہ کوئی اثر انکا جاگنے میں نہیں
ہوتا ہے اور سبب اسکے سوا نہیں ہے کہ نیند میں بیکاری حواس کی ظاہری ہے۔ تصرف اندرونی سے
اور زیادہ ہونا خرچ حواس باطنی کا ہے مددگاری اصلاح سے صلح کرتی بدن میں - پس بجہت تصرف
اور سیل کرتے روحوں کے طرف باطن کے لازم مضبوطی بدن کا وہ ہے بالضرور ایک سختی اور غلبہ
ہونا سواد منویہ کا حادث ہوتا ہے اور طبیعت مصالح درستی کرنے والی نگہبان بدن کی ہے اُسکے
دفع کرنے کے واسطے مستعد ہوتی ہے پس قوائے باطنہ کہ ہمیشہ مائل شہوات اور مشتاق
لذتوں کے ہیں اپنی خدمت ادا کرنے کے واسطے صورت کسی کی ہم شکل دل میں خیال کے
خزانہ سے پیش کرکے انزال کا سبب بہم پہنچاتے ہیں اس جگہ سے خواب کے عالم میں تمام تصرف
قوائے باطنی سے ہے اور اکثر مدار قوائے شہوانی کا اُنپر ہے پس ضرور بسبب دغدغہ اور مضبوطی
کے کہ اُس میں ہے نچوڑ دینی والی عضلات آلات تناسل تعینات استفراغ پر ہوکر

اور بط اور ستر ساق گاؤ اور چربی جو آمل اور شیر اور ناکوکی اور روغن موم - اور راسج اور جو مانند انکے ہو
عمل میں لاویں اور جو بھونی پکائی ہوئی ادویات کی کہ اسمیں بابونہ اکلیل الملک بنفشہ شبت اور تل
اور مال کنگنی اور شل اسکے ہو بعدہ ساف کرنے کی کوئی شے روغنات مذکورہ سے ملاکر نیم گرم قضیب کو
دھوتے رہیں مکرر چند بار جب تک حصول فائدہ اور نرمی فضلات نہ دکھاوے اور راست ہواؤ
بعدہ ملوسے دینا - پوٹلیوں سے سیکنا جو خاص کجی کے واسطے ہیں عمل میں لاویں اور جو
تدابیر مذکورہ سے فائدہ کم ظہور میں آوے استعمال ضمادات یعنے لیپ اور روغنات حارہ یعنے گرم فرحت
دہندہ اور ابھارنے والے خاصکر آگ کے دودہ یا خر جمال گوٹہ یا بھلاوہ کا ہو فقط **یا عمل**
**شیر دوائیوں مخصوصہ میں** کہ مشت دوم اور تجربہ دوم میں لکھونگا عمل میں لاویں اور یہی استعمال
علاوہ اینے جونکوں کا اُس دستور سے کہ مشت دوم تجربہ اوّل میں ذکر کئے جاتے ہیں مجربات حقیقیہ اور اسرار
ز تربہ سے ہے اور جو کجی طرف راست کے ہو اُس طرف جونک لگوادیں یا جس طرف کو مائل ہو جونک لگوادیں
اور طرف ثانی کو ایسے ہی چھوڑ دیں تاکہ خون اس طرف آکر گوشت کو پُر کرے اور کجی کو دور کرے -
پس حفاظت شرط ہے - **حرکت ششم** - سکڑ جانے قضیب میں کہ ضعف دماغ اور دل اور جگر
اور معدہ سے یا ترک کرنے جماع سے یا عدم ریح یا کوئی اور سبب اسباب خارج سے عارض ہوا ہو -
شربت خورہ پانچ انگشت پر ہے **انگشت اوّل** استرخائے قضیب میں کہ ضعف اور خلل دماغ اور
دل سے ہو اگر فقط ضعف کثیر ریح دل سے یا مرض طویل سے یا بہت بھوک پیاس سے ہوتا ہے کہ
سبب دل ضعیف ہو روح شہوانی اور ریح ناشرہ پیدا شدہ ہو علامت نرمی اور ضعیفی نبض اور سستی
قضیب اور دیر میں سخت ہونا اور کمتر جماع چاہتا اور ساتھ خوشی کا کمتر اور بعد جماع ایک حالت
سختی کی پہنچنی اور ظاہر ہونا پیاس کا اور خفقان اور پے در پے آنا نفس یعنے دم کا لازم اس مرض کا
گرم مزاجوں کا ساہے خاصکر جو صاحب بسبب شرم و حیا کے باز رہیں اس کام سے - **علاج** -
قوت دینے میں کوشش کریں اور ہم آتشی مجوبہ جمیلہ جز دوائیوں کی سے راگ رنگ اور گانا آواز
خوش سے اور لبوب کبیر و معجون مجرب خاصیت میں ہے اور جو فقط دماغ ضعیف ہو پس مادہ قوت نفسانی
معلوم کرنے کا اعضائے تناسل سے منقطع ہوا اور اُسکے سبب اعضائے مذکور حرکت شدید منی سے متنبہ
ہو اور نشان اُسکا کند ہونا حواس اور پھلنا طبیعت اور اسکی حرکات کا اور جماع کی کمتر آرزو کرنا

اور استعمال مشہیات خاص کر کشتہ مطلق سفید سادہ مسلی اور کشتہ فولاد و قنزالسیقل در حجر جراحت و کشتہ رانگ اور
سوائے اسکے اور جس دستور سے مخزن الاکسیر میں اور مجموعہ عطر کے اندر جیسے لکھا ہے عمل میں لاویں کہ بہت تاثیر
اور قوی دخل رکھتے ہیں اور وہ جو سفوفات اور معجونات غیر مخصوص واسطے جریان کے **مشت دوم** میں
انکو انکا کام میں لاویں **حرکت پیچر** اعوجاج ٹیڑھے ہونے ذکر میں کہ ہمزہ اور سکون عین مہملہ اور کسرہ واو اور
فتح جیم اور الف اور جیم ثانی اصل میں کجی کے آیا ہے اور ذکر فتح ذال اور کاف اور سکون رائے مہملہ قضیب
کو کہتے ہیں اور وجہ تسمیہ یعنے نام رکھنے کی پوشیدہ ہے ترکیبی معنی کے لحاظ سے جو ظاہر ہنا ہی اور نکالی گئی
ہے ملتی ہے وہ تمددی ہے اور میلان یعنی خواہش اُس طرف کہ قضیب کو عارض ہو اور کیفیت حدوث
یعنے پیدایش کی اُسکی یہ ہے پس وار خلط اور غلیظ بلغمیہ بعضلہ یعنی پٹھے گوشت اُسکے عضلوں کے
ہوئے اُس طرف جذب کرنے والی ہے کہ خشک اور جذب کرے اور ایک سبب اسباب سے عضلہ مذکورہ
متورم یعنی ورم شدہ کے ساتھ ٹیڑھے ہوتے ذکر کی ہے یا ایک عصب یعنی پٹھا اعصاب سے کہ اُس سے ملی
ہوئی ہیں اُس طرف کو پہنچے ہوئے ہیں یا کمجاوت استلائی سے یا یبسی تشنج پائے ہوئے ہوں اور
مرض مذکور کجی ہونے ذکر سے صورت پذیر ہو پس اگر حدوث تشنج ایک پٹھہ میں ہو کہ پیڑو سے قضیب
میں آیا ہے ٹیڑھا پن اوپر ہو اور جو اسی عصب میں ہو کہ قطن کی طرف رو دکھاوے ٹیڑھا پن اسفل
کی ہو خاصکر بعد نماز کے جلوق استرخا ریا سبب تشنج عضلہ یا عضلات عانہ یعنے پیڑو الیسری یا الیمنی
یا قطنی جوزی یا اسپتی سے خلط غلیظ لزجہ بلغمیہ یا سوداویہ سے نازل ہو کر قضیب کو ساتھ ایمن یا الیسر
یا اسفل یعنے نیچے کی طرف یا اعلے بسبب علت عضلہ کج ہو اور دہنی طرف انتشار نہ ہو بلکہ تقویت باہ
میں اور اٹھنے قضیب میں بہت خلل ڈالے اور کبھی ہوتا ہے کہ انتشار میں لغزش کرے اور بکر یعنے
باکرہ عورت پر قادر نہو کمی کرنے والا ہو جو ایک دفعہ جماع کرے دوسری دفعہ مشکل ہو اور حاصل کلام کا
یہ دخول قضیب کا عنق یعنے گردن رحم میں مانع آوے اور سیدھے راستے سے برگشتہ ہو کر اسکے
اندر نہ گرے اور دانشمند لکھتے ہیں کہ جو کجی قضیب کی طرف ایمن کے ہو یعنے جانب راست ہو سبب
تولید تذکیر اور جو طرف الیسر ہو موجب تانیث کا ہے **علاج** بعد زوال اسباب موجبہ یعنے واجب کے تنقیہ
خلط لزجہ بار بار بعد منضجات سے اور تریاق و کرتا مالشات اور لیپ سخت کا مل سے اور لنگوروں کا مل سی یعنے
پوٹلیوں کا مل اور چنہ سے سینکا اور روغن چنبیلی اور روغن نرگس اور روغن زنبق اور چربی مرغا کی

کر چمچے میں پکا دیں یعنی گرم کریں اور ایکدرم سفوف تضیب گاؤ اسمیں ملا دیں اور ایکدرم سفوف اسکا ساتھ میں کہا دیں دو ہفتہ تک یہ عمل کریں بہت فائدہ دکہاتے ہے ص۔ عاقرقرحا دارچینی تخم گاجر تخم پیاز تخم تخم شلغم تخم مولی تخم اسگند تخم کونچ ہر ایک چھ دام کوٹ چھانکر سفوف کرکے ایک درم کام میں لا دیں اور اور اسیطرح واسطے لطیف مزاجوں حاریابس کے مخصوص پیدائش منی میں اور قوت باہ میں شریف تاثیر رکھتا ہے ص زردی مرغ پچاس عدد کپڑے سے چھانکر زکالکر دس تولہ گلاب و دو درہم مشک اور نیم ماشہ زعفران ایک لاکر ایک سیر مصری میں نرم قوام لیکے ملاکر ساتھ پاؤ سیر مسکہ گاؤ تازہ میں تیار رہنا رکھیں اور جلدی جلدی چمچے سے مسکہ داغ کرکے پاتیلی میں بتدریج گراتے رہیں تاکہ تمام مسکہ اسمیں صرف ہو جاوے پس برتن چینی میں نگاہ رکھیں اور بقدر برداشت مزاج وطبیعت ایک ہفتہ میں کم یا زیادہ مقرر کرکے کہا دیں نہایت عجیب تاثیر زود دکہاوے معمولات حکیم ذکاء اللہ سے ہے اور پس یہ تدبیر مسکہ ہذا کی معمولات خاندان اس راقم گنہگار کی ہے واسطے تولید منی اور تقویت باہ میں اثر تمام رکھے نہایت مزیدار اور شیک سب تداؤں کی ہے تماسکر علاج مطبوق میں بھی یہ ہی تداعمل میں لا دیں موافق صفت کے پس گائے کا دودھ ایک سیر کو اور پاتیلی میں ڈالکر آگ پر رکھدیں اور چمچے سے ہلاتے رہیں اور چلاتے رہیں جبوقت کہ قوام غلیظ یعنی گاڑھا ہو پاؤ سیر مسکہ تازہ گاؤ گرم کرکے پارچہ میں صاف کرکے چھانکر بیس عدد زردی بیضہ مرغ نیم برشت اسمیں حل کریں اور تین پاؤ مصری کو ملکر اسمیں ملاکر خوب لت کریں اور قوام دودہ گاڑھا شدہ میں ملا دیں اور آگ نرم پر رکھکر گرم کریں جبوقت خوب باہم ملجاوے نیچے لا دیں ایک تولہ دانہ الائچی اور چھ ماشہ تنبول چین اور تین ماشہ دارچینی اور دو ماشہ زعفران بہت اچھی طرح حل کرنے کے بعد ملاکر پیالہ کے بیچ میں یعنی مٹی کے پیالوں میں کہ کورے آب نادیدہ ہوں مقدار پانچ پانچ تولہ یا کم و بیش اسمیں سے ایس بھر کر محفوظ رکھیں مانند شیرینی برفی کے ہو جاویگی وقت حاجت صبح کے وقت یا عصر کے ہمراہ نان ہمیشہ استعمال میں لا دیں ایک پیالہ یا دو پیالہ کہاتے رہیں اور اثنائے استعمال میں روغن بزر البنج جو بعد تر کرنے کے شراب دو آتشہ میں وقت تخفیف ہونیکے شکنجہ میں یا معصرہ یا دیگچہ میں بدستور تصویر ذیل کشیدہ کرکے گردہ اور شانہ اور انثیین پر مالش کرتے رہیں یعنی ملتے رہیں اسمیں سے بقدر یک حبہ یا یک ماشہ ہمراہ شربت خشخاش کہلانا واسطے حبس سیلان منی اور مذی کے عجیب تاثیر رکھے

صورت یہ ہے

ہوتا ہے اور یہ بھی موافق دریوں کمزوری بتفاوت الحال یعنی فاصلہ کے ہوتا ہے کہ بعد اتمام اُس کے یا
فاحشہ سے صحبت کرنے کے وقت کہ عبارت ہے ملاقی فرجین سے بدون دخول چنانچہ حرکت دوم وضع دوئم
میں میں نے سب حال مفصل لکھدیا ہے ۔ چونکہ اس مرض میں شدت اُٹھانے قضیب کے صورت
نہیں بندھتی ہے علاج دور کرنا اُن اسباب میں جو سبب ہو اور تدبیر جلق کی اُن دواؤں سے جو مالش
میں آتی ہیں اور اُن لیپوں سے جو تناسل میں ہیں اور برتاؤ ماسکات بول اور منی اور مقویات گردہ اور
مثانہ تمام کو مقیہ اور معجون ۔ بلوط اور کندر اور چھالیہ اور استفاف یعنے سفوفات اُن کے
اور پینا دودھ بچہ نوزاد کا کہ جو نئے دودھ پیا ہو یعنے جو سانہ ہو دوہ ہوکر اُسی وقت گرما گرم پیویں بس
اسی طرح تین روز یہ عمل کریں واسطے حبس جریان منی پیرانے مایوس علاج خاصکر کہ جلق کرنے
کے بعد میں یا جماع کی کثرت سے ہوگئی ہو مجربات خاصہ سے ہے جو تھن گاؤ دُنبہ میں لیکر جو سکر
اُسکا دودھ پیویں بہتر ہے اور اسی طرح دودھ موصوفہ کو مٹی کے برتن نئے میں کہ جسکو پانی نہ لگا ہو
دھوکر کپڑے سے منہ بند کرکے باندھکر چھت میں لٹکاویں جب رطوبت دودھ کی خشک ہوئے نکالکر
مابقا یعنے جو رہ گیا ہو اُسکو کوٹ چھانکر اُسکے وزن کے برابر شکر تری ملاکر سفوف بناویں ۔
دو تولہ سے پانچ تولہ تک ہمیشہ صبح و شام ہمراہ آب یا شربت خشخاش استعمال رکھیں اور تخم املی چھلا ہوا
بریاں بھنا ہوا شکر تری کے ساتھ مفید ہے اور سفوف ثمر گوندنی خشک سے ۔ اور تالمکھانہ ثمر سپستان
تمام ہمراہ شکر تری مدام مفید تمام ہے اور استعمال پانچ انڈے یعنے ایک انڈے کو توڑکر اُس میں
تشتر شرابِ پیاز کے پانی میں اور روغن گاؤ اور شہد خالص بھر کر باہم ملاکر نیم گرم پیویں چودہ روز تک
پیویں اور اسی کو پنج بیضہ کہتے ہیں اور کبھی بجائے شراب آب عصیر انگور یا پانی ادرک ڈالتے ہیں
موافق مزاج فائدہ بہت کرے اور کھانا انڈے کبوتر اور مرغی چڑیا اور چکور اور مور کا خام یا نیم برشت
آدھا بھونا ہوا یا حلوا ہمیشہ پیدا کرنے خون میں اور مادہ ریح میں خاصکر ساتھ ادویہ کے بھی جلدی
عمل رکھتا ہے اور جب قوت دِل عدد انڈے مرغ خانگی تازہ سفیدی نکالکر شہد مصفی اُوپر تک ڈالکر
بھریں یعنے مونہہ تک بھریں ساتھ میں ڈیڑھ ماشہ دار چینی و قرفہ مسوقہ سحق کیا ہوا یعنے حل کیا
ہوا ڈالکر آگ پر نیم گرم کرکے کھاویں تین دن تک طاقت ایک مہینے کی حاصل ہو اور اسی طرح
پیدائش منی اور تقویت باہ اور انتشار قضیب کو قوی تاثیر رکھے ۔ اور پانچ عدد زردی بیضہ مرغ

اور سکڑ جاتا قضیب کا کہ کثرت جریان اور منی کی کمی سے ہے سو **علاج** کر بعد جلق کے عارض ہو جاتا چاہئے
کہ قضیب میں تین مجری یعنی سوراخ ہیں ایک سوراخ نکلنے پیشاب کا ہے جو مثانہ سے اتصال یعنے ملاپ
رکھتی ہے دوسرا واسطے نکلنے منی کے کہ انثیین سے متصل ہے اور تیسرا رستہ واسطے ودی یعنے رطوبت
لعاب دار سفید کی کہ ذکر کی جڑ میں ملا ہوا ہے اور یہ تینوں جڑ میں قضیب یعنے ذکر کے ملے ہوئے ہیں
اور پیوستہ ہیں احلیل میں اگر ایک رستہ سے یعنی مقعد اور مجری سے متعلق ہیں اور پیدایش ان تینوں مجری
کی ضرور ہے اور نزدیک ایک طرح خاص پر ہو مجری بول مائل بصلابت اس سبب سے منفعل اور
رنج کشیدہ نہو پیشاب کی تندی اور حدت سے اور منی کا سوراخ چاہئے مائل تری ہو کہ وقت نکلنے
اور تندی منی کے کھل جائے اور چھوٹا ہوتا کہ منی اُس تنگی سے نکل آئے اور ابتدا استقرار کی جگہ
اکر ٹھیر جائے جلدی سے قرار لے اور جب یہ دو سوراخ متحقق ہو گئے سوراخ تیسرا درمیان میں اُن دو
کے واسطے نکلنے ودی کے ضرور لازم ہے اور مجری نرم اور تر ملائمی سے رکھی گئی [illegible]
منی دونوں سرد اور حالی ہیں مجری کو وہ بشدت حدت یعنے تیزی کے آ چھلتی ہے - چنانچہ
چھوٹی ہوئی معلوم حس و حرکت سے ہوتی ہے اور رطوبت ودی باعث تعدیل و عذوبت اور
معین یعنے مددگار دونوں کے دفع ہونے کی ہے اور یہ ودی تر ہو اور سکون دال مہملہ اور یائے [illegible]
. . . کے آیا ہے اور یہ ایک رطوبت لعاب دار مانند سفیدہ انڈے عرق سا ہے کہ بعد پیشاب
یا نکلنے منی کے آتی ہے اور مذی بفتح میم و سکون ذال معجمہ اور یائی ایک رطوبت ہے کہ وقت [illegible] ذکر
کے سر پر ظاہر ہوتی ہے اور ہر چند صحبت زنان میسر ہو یہ زیادہ ہو اور بوقت کثرت جلق یعنے
ہاتھ رس [illegible] ہاتھ سے باہر نکلتی ہے اور جگہ اُسکی ایک غدہ ہے کہ شروع مجرای بول میں
واقع ہے خاصکر وقت کثرت جلق اور استمنا - بالید تمام پٹھے چوڑی اور لیستہ گوشت رگیں
قضیب خاصکر جڑ ذکر کی مسترخی یعنی سکڑی ہوئی اور لیستہ ہوتی ہیں اور مادہ مسترخی ہو بسبب
برودت و رطوبت کہ کثرت خروج منی سے کہ لازم مردی کا ہے جان اُس سبب سے قوت ماسکہ اُسکی
کمزور ہو اور منی کی حفاظت نہیں کر سکتی اور خود بخود باہر آ جائے اگر سبب رقت منی کا ہے بدون اُٹھنے
کے قضیب کے باہر آئے اور جو ضعف ماسکہ زیادہ ہو منی اُس طرح کہ ادھر میں آئے اُس طرف کو
سیل کرنے بدون نعوظ یعنی اُبھار نے قضیب کے اور جو ضعف افراط سے ہو ادنے حرکت کا محتاج

اُن تینوں عضو سے رئیس ہے کہ دل اور دماغ اور جگر ہو اور تقویت معدہ کو بھی اُسی میں دخل تمام ہے
اور خللوں ہر ایک کے اُسمیں ایک خلل وارد ہوتا ہے اور اُسکی حرارت رُوح اور قوت قلبی ہے
اور حس حرکت اُسکی پٹھے دماغی نکاعی منتشی رگوں پٹھوں ٹکڑوں جوڑوں پشت سے اور مُہروں سے
عاجز آئے اور اشتہیہ منکا دماغ سے ہے اور قوت تبنیہ لطیف خون بدن اور تغذیہ یعنی غذائیہ اُسکے جگر سے
بشارکت گردہ اور معدہ اور اصل تمام کی دل ہے اور صحت اُسکی زیادہ اور فرحت اور خوشی اِن کی
قوت سے زیادہ ہے **فائدہ** کثرت حس و حرکت حشفہ اِن تمام سے کہ جمع ہوتے اعصاب سے ہے
اُسمیں اُن سے ہے استماک یعنی چمٹنا اور گھِسنا اُنکا فرج اور رحم میں باعث لذت پانے کا مجامعت
اور صحبت کا مباشرت پر ہے اور نرمی اور الفت کرنا اُسکے ساتھ کرے اگر کوئی روغن یا کوئی
لیپ ادویہ قوی حاد کیفیت قضیب پر استعمال یعنی برتاؤ کریں اور حشفہ یعنی بادام سرِ آلت پر لیپ
اُسکا نہو بہت تاثیر اُسکی حشفہ میں ہوجاتی ہے ثبور یعنی پھنسیاں یا قروح ملجائیگی یا اتفاق ہو کہ کثرت
حس کی شدتِ الم ہو کر بسورش غشی یا قلق اور اضطراب وغیرہ سے عارضی خوف وار ہلاک کنندہ
رُو دکھائیں اسی واسطے اطبائے کامل تجربہ کردہ شدہ نے تاکید سخت استعمال ادویہ سخت حاد
کیفیت کو سوائے سرِ ذکر یعنی بادام چھوڑ کر حکم فرمایا ہے فاحفظ پس حفاظت شرط ہے جاننا چاہیئے کہ
کہ طول قضیب چھ انگشت سے کہ معموم اور دوازدہ انگشت تک مذموم ہے یعنی ناقص ہے اور عرض
چوڑائی طول لنبائی حجم موٹائی سے برابر ہے پس عرض اور حجم اُسکا متعلق ہوتا ہے بعض قوی بعض
ضعیف اور ایسے ہی احوال طول اور عرض کا ہے اور جلد زائد بالائے سرِ حشفہ کہ اُسکو قلفہ کہتے ہیں
موجب عدم لطافت تمام پہنچاتا ہے اسیواسطے شرع محمدی صلعم میں مدار کلی پاکیزگی کا ہے کاٹنا قدر زائد
کمال کا جو حشفہ کے سر کے پاک ہونے سے گھیرے ہوئے ہے تمام سنتوں موکدہ یعنی تاکید کی ہوئی
سے ہوا کہ ختنہ خاص عبارت اُس سے ہے اور صاحبان ظرافت کہتے ہیں کہ آلت ختنہ شدہ بہ نسبت
غیر ختنہ شدہ موثر ہے رحم کے لطف زناں یعنی طمانچہ مارنا حشفہ کا موثر رحم میں قوی زیادہ اور سخت
زیادہ ہوتا ہے چنانچہ کہا ہے ؎ کیوں نہ ہو بس زن کا فریفتاں عاشق ❖ ہاں قلم قط زدہ
ہوتا ہے رواں اور زیادہ **حرکت چہارم** - بیان سوراخ مجاری قضیب میں منی
اور مذی یعنے رطوبت غلیظ و دی رطوبت لعاب دار سفید اُس سے منی اور بول وغیرہ باہر آتا ہے

اور مفعولہ فاعل بنجاتی ہے اور اسی طرح سے وہ عمل کرتی ہے - اسکو ہندی میں چپٹی کھیلنا کہتے ہیں
اور **فارسی میں** اس **فعل کو سفری** اور آلت مصنوعی کو جبر جنگ کہتے ہیں اور جو عورتیں
اس عمل سے **عملدار** ہیں یعنو اسکی عادی ہیں وہ صحبت مرد سے نفرت رکھتی ہیں اور قریب مرد کو
کچھ اچھا نہیں جانتی ہیں اور اپنے وصف اور سلیقہ کی تعریف کرتی ہیں چنانچہ ایک مرد ظریف انکے
نقلوں سے بیان کرتا ہے **ابیات** الٰہی ہے مرد بیگانہ کا کرنا استظار + پالتا بچہ کا سفت اوک
ہونا پیار دار + دولت و نعمت بجائے جنگ بس ممکن نہیں + قبر ہی اور طول ضرب و زدر پر ہے اختیار
بالجملہ احوال اشتاے یعنی **تیوز** رحم اور فرج ان ایسی عورتوں کا ضعف اور استرخار شانہ خذ کے ہوتا ہے
مثل حال قضیب مخلوق کے ہرگز مجامعت مردوں سے متلذذ اور متنزل نہیں ہوتا ہے اور مرد بھی
اس سے لذت حاصل نہیں کرسکتا ہے اور اس صورت میں ہرگز حاملہ نہیں ہوتی ہے بالخاصیت وہ
عورت جو اس کام کی عادی ہے غم و الم فقر و فاقہ افلاس میں گرفتار رہتی ہے شرم و حیا رونق چہرہ
بالکل جاتی رہتی ہے جہانتک ممکن ہو اس گروہ شقاوت پژوہ کو تنبیہ اور تاکید سے ممانعت کرنی
چاہیے مگر جو عورت اختناق رحم کے مرض میں مبتلا ہوں اور وصول مرد اسکو ناممکن ہو پس بسبب ضرورت
اس جگہ پر عمل مضائقہ نہیں تامل اور تدبیر کیا جائے **حرکت سوم** تشریح قضیب میں کہ اسکو
ذکر اور احلیل کہتے ہیں اور فارسی میں آلت مردی بولتے ہیں اور بعض احلیل سوراخ قضیب خاص کو
بتاتے ہیں اور وہ ایک عضو تکمیلی ہیئت انسانیت اور ظہور قوت رجولیت سے منسوب ہے لیکن
وہ ایک جسم ہے اندک گوشت سے مرکب اور پٹھے و عروق اور رگوں سے اور پردہ جھلی اور رباطات و
عضلات یعنے لیت گوشت ذی حس کثیر خاص کر اسکے سر میں کہ اسکو حشفہ بادام نام کرتے ہیں -
اور جڑ اسکی ایک رباط ہے ہڈی پیڑو سے جمی ہوئی اور جزو اعظم تحریک عضلہ میں وہ ہی ہے
اور فائدہ اسکا پہنچانا منی کا ہے مستقر میں کہ ہوتی ہے نیز واخراج بول وغیرہ **فائدہ** ہر ایک
اعضا کو ضبط حرارت اور حفظ اور حس اور حرکت اور ہضم غذا اور تنقیہ اور فائدہ حیات اور ملنا ہڈی پیڑو سے اور
تحریک اسکی نظاہر ہو اور جاننا چاہیے کہ گوشت اسکا غدوی ہے بہت نازک اور پردے درونی میں
بہت پردہ جوف ہیں اور رگیں کشادہ چوڑی اس سبب کہ ریح اور روح اور دم ان کے رستہ جاری سے
آ سکے اسکو پھیلا ہوا اور کھنچا ہوا رکھے تاکہ نعوظ حاصل آسکے اور تنزیح تو پیدا کرنا قوت اور روح

باز رکھتا ہے پس اسکو یاس کہتے ہیں وہ ہرگز قابل علاج نہیں ہوتا ہے اور جو کسی کی عادت اور خاصیت ہو کر
یا پانی سرد کے ڈالنے سے نکلیے تو بسبب کم ہونے قوت کے کہ اصلی اسمیں نہیں پس تدبیر اسکی سوائے گرم کھانے اور
خوراکوں اور روغنات سے گرم کرنا ساقات اور بندشات اور لیپ سخت کے اور پوٹلیوں سے سینک کرنے کے اور
کوئی نہیں ہے اور تقویت رئیسہ بر رعایت علاج تابع اثر تام رکھے یعنے رئیسوں کو تقویت ادویات سے دینا چاہیے
اور سب کی تفصیل موقع پر کرونگا **حرکت دوسری** مخصوصہ عورتوں میں اور وہ دو طرح اور صورت پر
ہے **وضع یعنے صورت پہلی** وہ عورتیں یا شوہر کہ جنکے خاوند نہوں مجردہ یعنے صحبت
مرد سے خالی ہوئی وقت طہر بسبب مجامعت اور نزدیکی مرد کے آپس میں جمع ہو کر سرفرجین ملا کر باہم
ملتی ہیں اور سعی کرتی ہیں یعنے فرج سے فرج کو گھستی ہیں اور رگڑ کر سخت مزہ ساحقہ سے
[illegible] اٹھاتی اور [illegible] حاصل کرتی ہیں اور منزل ہوتی ہیں اور یہ عادت اکثر ان عورتوں میں
[illegible] نہیں دیکھی ہوتے ہیں اور غالب ہے ایسے فعل کی مباشرت سے
[illegible] اور اختناق عایض ہوتا ہے اور یہ مرض بسبب رکنے خون اور منی رحم کے
ہوتا ہے اور [illegible] مردوں کے بہم پہنچتا ہے کس واسطے کہ وقت شدت
ہوتی ہے اور غالب ہونے مستی و غلبہ شہوت کے سوا اسکی خالی ہونا اور خارج ہونا یعنے
[illegible] منی کا جیسا چاہیے نہیں ہوتا ہے اور جاری ہونے اور نافذ ہونے عروق در ماندہ مورث
ہیجان ہوتے اختناق الرحم میں گرفتار اور مبتلا کرتا ہے اسکا علاج سوائے نزدیکی مرد کے
اور کوئی علاج ممکن نہیں ہو سکتا ہے **وضع دوسری** اس ہی مساس مالید سے ہے
کہ وہ عورتیں جو چوری پیشہ فسادا اندیشہ ہیں انکی سیری طبیعت اور دلجمعی بفراغت مردوں کی صحبت
نہیں ہوتی ہے آخرکار بضرورت وقت شدت و غلبہ مستی و شہوت اور زیادتی خواہش طبیعت کے
ایک آلت مصنوعی چمڑے یا حریر یا جامہ شمع ریشمی سے موافق طاقت اور ہمت اور حوصلہ
اپنے کے بنا کر بدوال یعنے برادہ بھر کر اور نہایت احتیاط کے ساتھ موٹا اور لمبا مضبوط بناتی ہیں
اور اس سے کمر میں باندھ کر مثل مردوں کے باہم رفع احتیاج اور کالا مثنہ کر کے طبیعت کو خوش
کرتی ہیں یعنے ایک فاعلہ دوسری مفعولہ بنکر یہ کام کرتی ہیں زن فاعلہ اس کے سحق کرنے سے
اور مفعولہ اسکی ضرب اور حرکت سخت سے یوں باہم مزہ حاصل کرتی ہیں اور پھر فاعلہ مفعول

لیکن بسبب نقصان رجولیت یعنی مردی اور انقطاع تناسل میں کہ خاصہ اسکا ہے - حدیث -
نَاکِحُ الْیَدِ مَلْعُونٌ ط اسکے باب تہدید میں صادر ہے کس واسطے کہ طبیبوں کے نزدیک کوئی ایک اسباب
نقصان سخت اور تکلیفات بہت کا واسطہ ناطاقتی باہ اور سکڑ جانے قضیب کے مثل ہاتھرس کے نہیں
ہے بلکہ مُردہ سے جماع کرنے سے بھی بدتر اور براضرر رساں کہتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں ؎ گر بعدہ
مُردہ کو تو آغوش میں لیلے + بہتر ہے کہ خود ہاتھ سے تو آپکو مارے + اور وہ بالخاصیت و کیفیت مورث
غم و رنج کا ہے کس واسطے کہ بسبب قلت التذاذ کے یعنی کمی لذت کم ہونا وجود مطلوب کا پھلوکا اور
غمگین ہونا ہوتا ہے ضعف اور پریشانی حاصل ہے ضرور واسطہ عدم توجہ طبیعت بنا بر دفع انزال
بہ درازی اور کمی قلت انزال بہ سختی بیمار ہے ہاتھرس اور ساس یعنے ہاتھ سے ملنا ذکر کا اس سے
کم طاقتی اور سکڑے ڈھیلائے اعضاء تناسل کو پہنچتی ہے مثل گردہ و مثانہ اور قضیب یعنے آلت تناسل
اسکی جڑ اور جماع ذکر سے ہوتا ہے اور بہت اتفاق ہو کہ دفع منی کی عادت پکڑتی ہے بلکہ قوت
انتشار اور چھوڑ دیتی ہے انتشار کو اس وقت تک کہ عارض ہو - **جریان** تنگی بیرا اور ضعف
شہوت میں اور کبھی اتفاق ہو کہ جریان کی شدت سے چکنائی چربی گردہ وغیرہ رطوبت بدن کی
ہو کر مانند حالت مدقوق یعنے دق والے کے علاج سے ناامید کرے اور غالب ہے بسبب قلت
یعنے کمی طبیعت لذت پیدا ہونے منی میں نہیں اٹھاتی ہے اور بعض کہتے ہیں کہ ہر وقت نہیں ہوتی
**فائدہ** طبیعت کا نکلنی منی میں پس چھوڑ دیتی ہے اور وہ اہتمام کہ تولید منی میں رکھتی ہے
ایسی ہے بسبب مدد کرنا کشش رحم اور نکلنے منی میں تھوڑی ہوتی ہے آخر کار اسکی پیدائش میں طبیعت
کاہل اور سست ہوجاتی ہے پس اس وقت لازم ہوتا ہے ضعف اور استرخا یعنے سکڑ جانا تمام
اعضا تناسل میں مانند فالج زدہ کے یہاں تک کہ قضیب قائم نہیں ہوتا ہے اوپر جماع عورت باکرہ کے
پس اسکو ہیجڑا اور نامرد کہتے ہیں اور اس سبب سے اور صاف ظاہر ہے کہ مجلوق ہمیشہ ضعف حس و
حرکت کا ہوتا ہے اور سوزبیرون زرد بلا اور پتلا ہوتا ہے اور بعض دفعہ ذکر جڑ میں سے یا بیچ میں سے
پتلا اور سکڑ جاتا ہے اور جو ملاعبات وملاسات وقبلات یعنی رگیں پتلی اور نرمی اور آگے سے بھاری پھولا ہوا
ہونے سے انتشار کم زور ہو ایک دفعہ کے جماع کرنے سے دوسری دفعہ میں کمی اور تنگی حاصل ہوگی +
پس جیسا چاہیے پوشیدہ نہیں ہے کہ وقت کثرت کے اور وقت شدت کے خمار ہے **جلق** مطلق جماع

# ترجمہ تریاق تمنا

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## خضخضہ یعنی ہاتھرس

**بیان ہشت اول ہاتھرس میں** بعض مرد بے عورت یعنی مجرد لوگ عادی اس کام کے ہوتے ہیں اور اسکی چھ حرکت ہیں **پہلی حرکت** ہاتھ کی ہے کہ ہاتھ کی مٹھی سے ذکر کو مالیدگی کرتے ہیں۔ **مردوں کے احوال میں** پس جاننا چاہیے کہ خضخضہ اور استمنا و مالیدگی وجلق ایک سی عبارت ہے مراد صرف ہاتھرس سے ہے کہ ہاتھ سے ہاتھرس ذکر کرکے بدون دخول فرج انزال کرتے ہیں چنانچہ بعض شخص ایک خریطہ پشمینہ یا پارچۂ نرم حریر یا چمڑی نرم سے بنا کر کسی چیز پہ مثل تکیہ اسکے ذکر کو نصب کرکے انزال کر ڈالتے ہیں اور وہ ایک مرض بہت برا بڑے نقصان کا ہے اور یہ اکثر عادت ایسے مجرد آدمیوں قوی شہوت کی ہوتی ہے جو کسی طرح عورت پہ دسترس نہیں رکھتے ہیں یا بنظر پرہیزگاری رفع احتیاج یہ کام کرتے ہیں۔ اگرچہ نزدیک شرع بسبب حق تلفی دوسرے کے دلیر ہیں بحکم روایت ابن عباس رض نقل ہے کہ سوال کیا گیا اِس بارہ میں کہ بغیر خروج انزال کرنا کیا ہے **پس** فرمایا کہ بدتر ہے وہ زناکاری سے اور لونڈی کنیزک کے ساتھ اس سے افضل ہے اور لیکن یہ فعل ہاتھرس کا خوف وقوع زنا کی جگہہ جائز ہے اور عادیان ہاتھرس کو کہ ایک عادت بہم پہنچی ہے آپ کو اس سے باز نہیں رکھ سکتے ہیں اور باوجود موجودگی معشوقہ اسکی طرف رخ نہیں کرتے ہیں اور محبوبہ کے وجود کو برابر ایک جو کے گنتی میں نہیں لاتے ہیں اور انکے وصل کو محض فضول جانتے ہیں اور ہرگز اس سے راغب بوصلت نہیں ہوتے چنانچہ ظریفان اس گروہ نے اشعار بطور تحقیر اپنی تعریف میں کہے ہیں چونکہ وہ خلاف قانون سرکار کے تھے اس کتاب سے خارج کیے گئے

# تریاق امتنا اُردو

جس میں

تمام و کمال جلق یعنی ہتلس اور کجی عضو

تناسل کا بیان مع معالجات مرقوم ہے

جسکو

نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی بازار دریبہ

کلاں نے بصرفِ زرِ کثیر با محاورہ اُردو ترجمہ کراکے

خاص و عام کے فائدہ کے واسطے

مطبع افتخار دہلی میں منشی محمد ابراہیم کے اہتمام سے چھپوایا

رجسٹری شدہ

قیمت (جس کتاب پر نراین داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی کی مہر نہ ہو وہ مسروقہ ہے) محصول [illegible]

# اعلان

تاجران مسیحا دم وطالبان عالی ہمم کو
مسرت تازہ وبشارت بے اندازہ ہو کہ اس زمان
صحت آوان مین کتاب لاجواب مخزن ادویہاے مجربہ
وقانون نسخہاے ممتحنہ مقبول ہر فرد بشر مطبوع انام تریاق اکبر نام
بتصحیح تمام وتکمیل مالاکلام جناب مصنف صاحب سلمہ وبعد
اندراج حق تالیف وتصنیف وتکمیل حصول اجازت طبع دائمی کے
چھپوائی ہے بڑی کوشش وصرف زر کثیر سے یہ نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آئی ہے
لہذا کوئی صاحب بلا حصول اجازت راقم باردگر قصد چھاپنے یا
چھپوانے کا نفرمائین نفع کی امید مین نقصان نہ اوٹھائین۔

العبد

ابوالحسنات قطب الدین احمد عفا عنہ مالک مطبع نامی لکھنؤ
کرشنا باؤ ترا خان مکان نمبر (۵۴)
جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۲ھ

# اشتہارات

## ترجمۂ قانونچہ

اُردو زبان مین قانونچہ کا ترجمہ کراکے طبع کیا گیا اور جسقدر مشکل مقامات تھے اون کی شرح بھی کرادی ہے تاکہ کم استعداد طلباء کے کام آوے قیمت فی جلد ۶ ؍ محصولڈاک ا ؍

## زبدة الحکمة

طب کی کتابون مین یہ رسالہ بھی کم خرچ بالانشین ہے قیمت فی جلد ا ؍ محصولڈاک ؍

## علاج الامراض

اس کتاب میں چار دوا ... فنون طب سے بحث کی گئی ہے کم استعداد طلباء کے واسطے یہ کتاب بہت ضروری ہے حکیم مرزا محمد مہدی صاحب نے عمدہ طریق سے شیخ کے قانون کا خلاصہ کرکے اس کتاب کو مرتب کیا ہے قیمت فی جلد ۱۲ ؍ محصولڈاک ۲ ؍

## علاج الغربا

مع تحفہ ... ت و رسالۂ اصطلاحات الاطبا و ... الہ ... اردو ... و رسالۂ بحران و رسالۂ میزان الادویہ اُردو زبان عام فہم میں چھپی ہے یہ کتاب مبتدیوں اور قصباتی طبیبوں کے واسطے مفید ہے دوسری کتاب ایسی ... اور کارآمد نہیں قیمت فی جلد ۱۰ محصولڈاک ۲ ؍

## تشریحات قطبیہ

اس کتاب کو مطبع نامی نے علم طب کی مبسوط کتابوں سے خلاصہ کرکے مع تصاویر اعضاء وغیرہ تالیف کرایا ہے اور ہر ایک اعضا کی تصویر تا امکان ڈاکٹری کتابوں سے بھی تطبیق دے لی ہے قیمت فی جلد ۴ ؍ محصولڈاک ؍

## خلاصة الامراض

یوں تو طب کے اُردو رسالوں میں بہت سے رسالے ہیں مگر جیسا مختصر اور مفید رسالہ یہ ہے دوسرا اس درجہ کا دیکھنے میں کم آیا ہے قیمت فی جلد ۲ محصولڈاک ؍

## موضح القانون (ترجمہ) موجز القانون

دنیا میں شاید کوئی ایسا ہو جسکو علم طب کا شوق ہو اور اوسنے کتاب موجز کو یاد کرکے ... نہ بنایا ہو مدعا یہ ہے آجتک اس کتاب کی شرحیں بہت سی ہو چکی ہیں مگر اسوقت تک ترجمہ اُردو زبان میں نہ ہوا تھا بغرض فوائد عام مطبع نامی نے اس کتاب مع فوائد انتساب کا ترجمہ اُردو زبان میں کراکے طبع کیا ہے قیمت فی جلد ۸ ؍ محصولڈاک ا ؍

## (رسالۃ الفصد) (دقائق الحکمة) (برء الساعة)

انمیں اول رسالہ فصد کے بیان میں شیخ الرئیس کی تالیفات سے ہے اور دوسرا رسالہ حکیم ارسطاطالیس کا ہے اور تیسرا رسالہ علامہ محمد بن زکریا رازی کا ہے طبیبوں کے واسطے یہ تینوں رسالے عمدہ مدد دینے والے ہیں قیمت فی جلد ہر سہ رسالہ ا ؍ محصولڈاک ؍

## فوائد القطبیہ فی تحقیق اوزان الطبیہ

اس کتاب میں جسقدر اوزان طب کے ہیں وہ ردیف وار لکھکے ہندوستانی مروجہ اوزان سے بغرض سہولت اطبا مطابق کردیے ہیں کتاب سدید و قیمتی کے ساتھ یہ کتاب بلا قیمت حاضر کیجاتی ہے اور جو صاحب جدا طلب فرمائیں گے اونکے واسطے قیمت فی جلد ۲ ؍ محصولڈاک ؍

## شفاء الاسقام

یہ چھوٹا سا رسالہ طب میں قصباتی طبیبوں کے واسطے بہت اچھا ہے قیمت فی جلد ا ؍ محصولڈاک ؍

## التماس

یہ جملہ کتب قیمت ... ہونے سے یا بذریعہ ویلیو پی ایبل ... ارسال ہو سکتی ہیں اور ہر قسم کا کام مطبع میں طبع ہوتا ہے ... خط وکتابت سے دریافت ہوگا۔ فہرست کتب موجودات کتبخانہ ... مطبع نامی و دیگر اشیا کی علیحدہ دفتر میں موجود ہے شائقین ...

[illegible]

اوسکی یہ ہے

کولھو

ایضاً اگر دوا کی مقدار کم ہو تو اول دوا کو ہاون دستہ
مین خوب باریک کوٹ کے پتھر کے سل پر پیس لین
بعد اوسکے کسی قلعی دار برتن مین مثل تشتری کے
رکھکے دھیمی آگ پر رکھین جب دوا گرم ہو جاوے
تو تشتری کو ایک جانب جھکا کے دوسری [illegible]
دوا کو کسی پتھر کے ذریعے سے دبا ئین جسقدر روغن نکلے اوسے [illegible] ہو جاوے گا
مصری کے ضامن دینے سے تیل زیادہ نکلتا ہے

## خاتمہ مین

شائقین سے یہ بھی عرض کردینا ضرور ہے کہ عمدہ طلا بعد پختہ نہایت ہی خفیف [illegible]
اور آنچ اسقدر خفیف ہو کہ پہلا قطرہ [illegible] گھنٹہ کے بعد [illegible] آنچ [illegible]
اکثر دھان کی بھوسی کی آنچ عمدہ ہوتی ہے [illegible] بہت دیر مین سلگتی ہے [illegible]
آگ کی ہمیشہ یکسان رہتی ہے یا اور کوئی برادہ [illegible] دھان کی بھوسی سے بہ مفید ہے جب [illegible]
ذرا تیز دیتے ہین تو شیشہ بالو کے حجاب مین رکھتے ہین تاکہ وہ جلنے نپاوے جس طلا مین
جلی ہوئی بو نہ آئے اور رنگ اجزا کے جل کے سیاہ و خراب نہو وہی عمدہ [illegible] باقی
بیکار پس روغن پکانے مین آنچ کی بہت احتیاط کرین اور اچھی طرح خیال رکھین کہ جیسے
آنچ جس روغن کے واسطے مناسب ہو اوسیقدر خفیف آنچ دیا کرین اب شائقین کی خدمت
مین دست بستہ التماس ہے کہ جب اس کتاب کو ملاحظہ فرمائین اور اسکے نسخون سے
حظ اور فائدہ حاصل کرین تو مولف اور صاحب فرمایش کو دعا سے محروم نفرمائین
یاالہی خاتمہ با ایمان اور انجام بخیر ہو

---

رکھکے گل حکمت کرکے اوپر والی شیشی کے گرداگرد
بنوا کنڈے کی آگ روشن کرین صورت یہ ہے۔

**ایضاً** مٹی کی ہانڈی یا قلعی دار تانبے کی پتیلی کے پیندے
مین پہلے چھید کرکے بیچ مین دوسرا ظرف جسکا مُنھ چھوٹا ہو دوا یا جس جانور کا روغن کشید کرنا منظور ہو
اوسے مسلم یا ٹکڑے ٹکڑے کرکے اوس ظرف مین رکھکے
ظرف مذکور کو بیچ ہانڈی مین اس طرح سے رکھدین
کہ ہانڈی کے چھید سے کچھ اونچا رہے اور ہانڈی کے منھ پر
کوئی برتن جس سے منھ ہانڈی کا بالکل بند ہوجاوے
رکھکے گل حکمت کرین بعد اوسکے اوپر والے برتن پر
پیالہ آگ روشن کرین ہانڈی کے پیندے مین جو چھید
کیا ہے اوسمین پیچدار تار کا ایک سرا لگاکے اسی پیالے مین
دوسرا سرا تار کا اوتار دین تو بہت آسانی سے روغن
کشید ہوا وے گا صورت اوسکی یہ ہے۔

**ترکیب نکالنے رس کی** جسکا نقشہ نیچے ذیل مین دیا ہے اکثر لوہے کا ہوتا ہے اول دوا کو گرد و غبار
سے پاک صاف کرکے تھوڑی سی پانی یا کسی عرق کی
دیکے موٹے اور مضبوط کپڑے کی تھیلیون مین بھر کے
مُنھ تھیلیون کا سی دین اور دونون بیلنون کے
بیچ مین دیکے چرخی کو گھمادین مگر تھیلیون مین دوا
زیادہ نہ بھرین تھیلی کا کپڑا ڈھیلا رہے ورنہ دب کے
تھیلی پھٹ جاوے گی صورت یہ ہے

**ترکیب نکالنے تیل کی** اگر روغن دار ادویہ کا
تیل مثل تل یا بادام وغیرہ کے نکالنا منظور ہو
اور وزن بھی زیادہ ہو تو کولھو کے ذریعہ سے تیل اوسکا نکلوالین صورت

**ترکیب نکالنے جوہر ادویہ کی** اول دو ہانڈیان گلی برابر کی لین اور دونونکے منہ گھسکے برابر لین تاکہ خوب وصل ہو جاوین بعد اوسکے ایک ہانڈی نیچے رکھکے اوسمین پہلے گیرو یا ملتانی مٹی بقدر نصف آنچ کے بچھا کے اوسپر وہ ادویہ جسکا جوہر اوڑانا منظور ہو آہستہ سے رکھدین اس طرح سے کر دوا گیرو مین مخلوط نہونے پاوے اور اوسپر دوسری ہانڈی منہ کے بل رکھکے دونون ہانڈیون کے منہ سن سے مضبوط باندھکے گل حکمت کردین بعد اسکے شبانہ روز دھیمی دھیمی آنچ نیچے والی ہانڈی کو دیتے رہین آٹھ پہر بعد آنچ موقوف کردین جب ہانڈیان سرد ہو جاوین تو اوپر والی ہانڈی کو آہستہ سے کھولین اور جسقدر جوہر جمع ہوا ہو وسے صاف برتن مین جھاڑ لین اگر سنگرفیات یا تیز دوا کا جوہر اوڑانا منظور ہو تو گیرو یا ملتانی مٹی کا ضامن نہین اگر کسی تیز دوا کا مثل شورہ وغیرہ کے جوہر لینا منظور ہو تو بجاے مٹی کی ہانڈی کے تانبے کی قلعی دار پتیلی مین اوڑاوین ورنہ دوا کے زور سے ہانڈی ٹوٹ جاوے گی صورت یہ ہے۔

**ترکیب نکالنے روغن ادویہ کی** اول انگیٹھی مین سوراخ بقدر منہ آتشی شیشی کے کرین اور ادویہ کی گولیان بناکے شیشی مین بھردین اور شیشی کے منہ مین بیچ اتار لگا کے اسقدر منہ شیشی کا بند کردین کہ دوا نہ گرنے اور تیل ٹپک آوے پھر انگیٹھی مین دھان کی بھوسی بھر کے آگ دیدین اگر دھان کی بھوسی نملے تو بنوا کنڈے یا مثل اسکے دوسری شے سے آگ دین مگر زائد تیز آنچ نہو ورنہ دوا جل کے روغن خراب ہو جاوے گا صورت یہ ہے۔

**ایضاً** دو شیشیان آتشی جنکے منہ برابر کے ہون لاکے بقدر طول ہر دو شیشی کے زمین کھودین اور نیچے والی شیشی کو خالی رکھکے زمین مین دفن کردین اور اوپر والی شیشی مین دوا کی گولیان بناکے بھردین اور دوا والی شیشی کو خالی شیشی پر منہ سے منہ ملاکے

شکل ق ایک گھڑی مین دوا بھر کے اوسکا منھ بند کرکے پیندی مین سوراخ کرکے ایک بڑے
گڈھے کے اندر ایک چھوٹا گڈھا کھودکے چھوٹے گڈھے مین ایک پیالہ رکھکے اوسکے اوپر گھڑا
چسل کرکے بڑے گڈھے مین پاس احتیاط سے گچ بیٹ کی آنچ دین کہ خاک ہوجائے اور
آگ وغیرہ پیالے والے گڈھے مین نہ گرنے پائے شکل اوسکی ذیل مین ہے۔

باقی اور آلات کی صرف صورتین بتا دیتا ہین
شائقین اوسکی شکل سے سمجھ لین۔

الف تھالی کے اندر ج مقام پر دوا رکھکے اوپر سے ب کٹورہ وصل ہے اور ب کی پشت پر ص مقام پر کپڑا تر رکھا ہے س جگہ پر دوا متصاعد ہوکے جمتی ہے اور ط چراغ تھالی کے نیچے جلتا ہے شکل ص ایک پیالے کے مُنھ پر کپڑا یا کاغذ لپیٹ کے اوسپر باریک دوا رکھکے اوپرسے طباق یا توا اولٹا پشت کی طرف سے رکھکے توے کے اندر بہت خفیف آنچ کو نلے کی دیتے ہین اور جسقدر دوا پیالے کے اندر آتی ہے اوسے لیکے استعمال کرتے ہین دیکھو شکل اوسکی یہ ہے الف ایک طباق ہے جسکے اوپر آگ جلتی ہے اور اوسکی پشت یعنے ب دوا سے ملی ہے اور وہ دوا ج کاغذ پر رکھی ہے اور ج کاغذ س پیالے کے مُنھ پر بندھا ہے اور پیالہ کے اندر ط جگہ پر عرق جمع ہوتا ہے شکل ع ایک صراحی مین دوا رکھکے اوسکا مُنھ دوسری بوتل کے شکم مین سوراخ کرکے اوس سے مستحکم وصل کرکے اوس بوتل کے مُنھ کے مقابل ایک پیالہ رکھتے ہین اور پھر صراحی کے نیچے موافق مقدار کے آنچ کرتے ہین جسقدر عرق پیالہ مین آتا ہے وہی استعمال کیا جاتا ہے شکل اوسکی ذیل مین ہے . . . . . .

شکل ث ایک گھڑی کا مُنھ خوب گھس کے اوسکے اندر دوا بھرکے دوسرے گھڑے کا بھی مُنھ گھس کے پہلے گھڑے کے مُنھ سے وصل کرتے ہین پھر دوسرے گھڑے کے پیٹ مین سوراخ کرکے اوسکے مقابل پیالہ رکھتے ہین اور پہلے گھڑے کے پیٹ مین خفیف آنچ مقدار سے کرتے ہین جسقدر روغن پیالہ مین ٹپکے وہ استعمال کیا جاتا ہے صورت اوسکی یہ ہے . . . ا . . .

بتی سے روغن ٹپکتا ہے اور کبھی اسی تار کے حلقہ مین سوس یا سانپ یا کسی اور جانور کو باندھ کے
اوسکے نیچے ایک پیالے یا کڑاہی مین تیل بھر کے گرم کرتے ہین اور مچھی سو اوسپر گرم تیل چھوڑتی جاتی ہین
یا اوسے گرم تیل مین اوسکو غوطہ دیتے ہین دیکھو شکل پہلی اور دوسری مین بھی ترکیبین ہین

اور اگر ایک چمچے کے روغن کے اوپر کی کوئی چیز لینا ہوتی ہے تو اوس کے چمچے مین س نشان سے
لا ہر طرف مین لیتے ہین دوا اوڑانے کی ترکیب شکل ۱۱ ایک پھول کی تھالی مین دوا
رکھ کے اوسپر پھول کا کٹورہ اوندھا کے چکنی مٹی سے چار طرف کٹورے کو بند کر کے پشت پر
بھی مٹی لیس دیتے ہین پھر اوس تھالی کو چار اینٹون پر رکھ کے تھالی کے نیچے اوسکے مقابل
چراغ جلا کے رکھتے ہین اور کٹورے کی پشت پر ایک کپڑا پانی مین تر کر کے رکھ دیتے ہین جسقدر دوا
کٹورے مین آجاتی ہے وہی مصاعد ہوتی ہے لوبان اور کافور وغیرہ اسی ترکیب سے مصاعد
ہوتا ہے دیکھو شکل اوسکی ذیل مین ہے

الف دیگ کے منہ پر ب کونڈا جسمین ط سوراخ مین د نیچہ وصل ہے اور د نیچہ کا دوسرا سرا
ی مصالح پر ف گھڑی مین وصل ہے اور ہ پتلا یا خوشبو کی اوسکے اندر لٹکتی ہے اور ق ناند ہے
سرد پانی بن گھڑا رکھا ہوا ہے جسمین عرق ٹپکتا ہے شکل جیم ایک دیگچہ کے اندر ایک چینی کا پیالہ
رکھ کے پھر دیگچہ کے منہ پر ایک دبیز کپڑا باندھ کے کپڑے پر پھول یا پتیان یا گوشت مصالح اور
نمک مرچ وغیرہ ملا ہوا یا جس چیز کا عرق نکالنا ہو برابر چن دیتے ہین اور اوسکے اوپر طباق
اوندھا رکھ کے آٹے یا چکنی مٹی سے خوب وصل کر کے طباق کی پشت پر کوئلون کی خفیف آنچ
کرتے ہین اور ایک ناند مین ٹھنڈا پانی بھر کے دیگچہ اوسکے اندر رکھ دیتے ہین جسقدر
عرق پیالے مین آتا جاتا ہے پھر خفیف آنچ پر رکھ کے پھاڑ کے چھان کے استعمال کرتے ہین
اس ترکیب سے عرق خالص ہر چیز کا قوی اور عمدہ نکلتا ہے - دیکھو شکل تیسری الف

پانی سے بھری ہوئی ناند رکھی ہے
اوسمین ایک ج پتیلی رکھی ہے اور
پتیلی کے اندر د ایک پیالہ رکھا ہے
اور منہ پر پتیلی کے دبیز کپڑا بندھا ہے
اوسپر اجزا رکھے ہین اور اوپر
ف طباق وصل کیا گیا ہے
اور طباق کی پشت پر کوئلون کی
ہلکی آگ ہے اس ترکیب سے
اجزا کا خالص عرق د پیالہ مین جمع
ہوتا ہے - اسی طرح کبھی ایک پھول کے کٹورے یا چینی کے پیالے کے منہ پر ایک کاغذ
وصل کر کے اوسپر دوا باریک پھیلاتے ہین اور اوپر الٹا طباق یا توا اوس دوا پر رکھتے ہین
پھر طباق یا توے مین کوئلون کی خفیف آگ رکھتے ہین تو روغن اوس دوا کا پیالے یا کٹورے
مین جمع ہوتا ہے تیل ٹپکانے کی ترکیب شکل د ایک بتی مین دوا بھر کے بٹتے ہین پھر اوسے
ایک تار کے حلقہ کے اندر کس کے جلاتے اور بتی کے نیچے ایک پیالہ رکھتے ہین اوسی پیالہ مین

صورت اوسکی یہ ہے

**شکل ب دیگ بھپکا یہ**

عرق کے کشید کا دوسرا آلہ ہے ایک بیز کونڈے کی پشت پر سوراخ کرکے اوسی دیگ پہ ڈھانپتے ہین پھر اوس سوراخ مین نیچہ وصل کرتے ہین اور دیگ کے مقابل ایک گھڑے کے محاذی نیچے کا منہ رکھتے ہین اور گھڑے کا منہ کھلا رکھتے ہین یا نیچے کو گھڑے کا منہ مین وصل کرکے گھڑے کا منہ بھی بند کردیتے ہین اور اوس گھڑے کو ایک ناند مین سرد پانی بھرکے رکھتے ہین اور گرم ہونیکے بعد ناند کا پانی بدلتے جاتے ہین یہ نیچہ قرع انبیق کی اوس ٹونٹی کے مثل ہوتا ہے جسمین سے عرق آتا ہے اور قرع انبیق کے ڈھکنے کی پشت مین سوراخ کرکے اوسمین نیچہ وصل کرکے کشید کرتے ہین اور اسیطرح قرع انبیق کی ٹونٹی مین خوشبودار پوٹلی لٹکاتے اوسیطرح نیچہ مین بھی خوشبودار پوٹلی باندھتے ہین اور یہ کام مثل قرع انبیق کے ہوتا ہے دیکھو شکل

دوسری صورت اوسکی یہ ہے

عرق جل کے خراب ہوگیا اور رنگ آئے تو سمجھو کہ پانی زیادہ ہونے کے سبب سے دوا اوبل گئی
آنچ دیگچی کے نیچے نہ بہت تیز ہو نہ بہت کم آہستہ آہستہ ہو جس دوا مین پھول یا پتیان ہون
وہ صرف ایک شب اور جسمین جڑین اور تخم ہو وہ ایک شبانہ روز تر کی جائین اور جو دوا ہلکی
مثل گاؤزبان یا خاکسی وغیرہ کے ہو اوسکی پوٹلی باندھ کے چھوڑی جائے ورنہ دوا بخارات
کے ساتھ کھنچ کے قرع انبیق یا نیچے مین بھر جائیگی اور عرق نکلنا موقوف یا کم ہوجائیگا
کھینچا ہوا عرق ایک شبانہ روز کھلا رکھا رہے تب شیشے یا قرابہ مین بھرا جائے اور قرابہ یا شیشہ
تھوڑا ضرور خالی رہے لبالب نکر دیا جائے اور کم سے کم ایک ہفتہ کے بعد اوس عرق کا استعمال ہو
**الف - قرع انبیق** اس آلہ کی صورت ذیل مین درج ہے اسکے دیگچی کے اندر نصف دوا
اور پانی بھرتے ہین اور نصف خالی رکھتے ہین اور تین چار ہلکی کوڑیان بھی چھوڑ دیتے ہین
کہ جبتک پانی رہتا ہے وہ کھٹ کھٹ بولتی ہین پھر اوپر سے سرپوش ڈھک کے چکنی مٹی
یا آٹے یا کپڑے سے اوسے خوب وصل کرتے ہین کہ سانس نہ رہ سکے اوسکے سرپوش
مین دو ٹونٹیان ہوتی ہین ایک کا سوراخ اندر کیطرف جسمین سے عرق آتا ہے دوسرا باہر کی
طرف جسمین ڈھکنے کا گرم پانی نکالا جاتا ہے دیگچہ چولھے پر چڑھا کے دوسری ٹونٹی جو ڈھکنے کا
پانی نکالتی ہے بند کرکے ڈھکنے مین سرد پانی بھر دیتے ہین اور دیگچی کے نیچے دھیمی آنچ
کرتے ہین پس جسقدر بخارات بلند ہوکے دیگچی کے سرپوش تک آتے ہین وہ
اوپر کے سرد پانی کے سبب سے بخار ہوکے کھلی ٹونٹی سے مقطر ہوتے ہین اوس ٹونٹی
کے نیچے ایک ظرف عرق ٹپکنے کے واسطے ایک ظرف رکھدیتے ہین اوسمین عرق ٹپکتا ہے
اگر اوس مقطر عرق کا خوشبودار کرنا منظور ہوتا ہے تو خوشبو ایک پوٹلی مین باندھ کے
اوس ٹونٹی مین اس طرح لٹکاتے ہین کہ عرق ٹپک کے پوٹلی پر سے گرتا ہے اور ظرف مین
جمع ہوتا ہے دیکھو شکل پہلی اسمین **شکل الف** دیگچہ نصف دوا سے بھرا ہوا ہے اور ب
ڈھکنہ اوپر آٹے سے خوب وصل ہے اور ج ٹونٹی ڈھکنہ کا پانی خالی کرتی ہے
د کھلی ٹونٹی سے دیگ مین سے عرق ٹپکتا ہے اور س پوٹلی خوشبودار دوا کی
اور ف ظرف جسمین عرق آکے جمع ہوتا ہے

چاہیے کہ کوئی طبیب یا ڈاکٹر میسر آئے اور حاملہ کے پیٹ مین لڑکا مرجائے علامت اوسکی یہ ہے کہ درد
موقوف یا بہت ہی خفیف ہو اور ہاتھ پیر سرد اور اولجھن اور پسینہ زیادہ اور جنین کا پھرنا موقوف ہوجاوے
اوسوقت مین جان بچانے کے واسطے اگر اون دواؤن کا استعمال ہو تو کوئی حرج نہین ہے ۱۲ آتشک کے
مریض کو زیادہ پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ یہ مرض بدترین امراض ہے اور اکثر مہلک عارضے اسی مرض کے
سبب سے لاحق ہوجاتے ہین اور دوا بھی بہت سمجھ بوجھ کے کھانا چاہیے اور ان اصول پر بھی ضرور
لحاظ کرنا چاہیے اول جس دوا مین پارہ پڑا ہو اوسکا بہت کم استعمال ہو کہ باعث فساد خون اور وجع
مفاصل ہے اور ایسی دوا کو دانتون سے بھی چبانا بچنا چاہیے کہ درد کرتے اور گر جاتے ہین پارہ اگرچہ نہایت
مقوی اور عمدہ علاج ہے مگر استعمال سے اوسکے بعد چندے اعضا مین درد پیدا ہوتا ہے اگرچہ کیسا ہی
قلیل المقدار ہو اور کشتہ پارے کا خون مین فساد پیدا کرتا ہی دوم اگر پارہ کا استعمال ہو تو صاف کیا جاے
اور صاف پارہ چمکدار سفید مثل چاندی کے ہوجاتا ہے اور پھر سیاہی نہین مارتا چٹکی کے رگڑنے سے
سیاہی دیتا ہے اور صاف کرنیکی ترکیب یہ ہے کہ پرانی اینٹ سرمہ سا کرکے کپڑے مین چھان کے پارہ کو چینی
ظرف مین رکھکے ایک چٹکی وہی خاک اوسپر چھڑک کے اونگلی سے خوب رگڑین سیاہی پارہ کی چھوٹ کے
جلد اور صاف ہوتا جاتا ہے جب سیاہی بالکل نہ چھوڑے تو جانو کہ وہ پارہ صاف ہوگیا اسی طرح
تلسی کے عرق مین پارہ کھرل کرنے سے صاف ہوجاتا ہے اور نقصان نہین کرتا سوم گندک کو بغیر دھوئے
استعمال نکرین اور اوسکے دھونیکی ترکیب یہ ہے کہ گندک کو جوکوب کرکے چینی کے ظرف مین لیکر اوپر سے
سرد پانی بھر دین اور چار گھڑی کے بعد آہستہ آہستہ وہ پانی نکال ڈالین اس ترکیب سے ایک شبانہ روز
مین صاف اور سرد ہوجاتی ہے چہارم خام لاکھ بھی بغیر دھوئے ہوئے استعمال نکرین اوسمین مادہ
چوہالے کا رنگ ہے سم ہوتا ہے اور وہ چار یا پانچ پانی سے آہستہ آہستہ ملکے دھونے سے نکل جاتا ہے اگر
سبب ہے جہان کہین نسخہ مین لاکھ لکھی ہے وہ چپڑا لکھی ہے کہ دھوکے صاف کرکے بنائی جاتی ہے
اسی طرح شنجرف بھی دھویا جاتا ہے پنجم پارہ یا رسکپور بغیر اصلاح کے چھوڑین [illegible]
اوسکی اصلاح ہوجاتی ہے دوسری فصل کشید عرق و طلاء وغیرہ کے بیان مین عرق کشید [illegible]
کا لحاظ رکھنا چاہیے عرق کا رنگ مثل پانی کے صاف اور خوشبو [illegible]
کی یا جلی ہوئی بو نہ آنے پائے اگر جلی ہوئی یا دھوین کی بو آئے [illegible]

اوسے بدپرہیزی سے ضائع و برباد نکرین اور جو قوت اور صحت بے اعتدالی کے سبب سے برباد و ضائع
ہوگئی ہو اوسکو پرہیز اور علاج سے حاصل کرلین اس غرض کیواسطے جو پرہیز اور تدبیرین عندالموقع
مذکور ہین اوسکی پابندی بھی مقدم اور ضرور ہے۔ یاد رکھین کہ ضعیف مریض کی ایکبار کی بدپرہیزی ایک
سال کی قوت زائل کردیتی ہے ایک بڑے طبیب تجربہ کار کا قول ہے کہ مریض کو ایک حصہ علاج اور سو درجہ پرہیز
کرنا چاہیے۔ علاج مریضون کا دو طرح پر ہے ایک دوا اور غذا دوسرے پرہیز یعنے جو اسباب قوت کے ہین اونسے
قوت پہونچانا اور جو امر مضر ہین اونسے محفوظ رکھنا مثلاً نقصان باہ مین دل اور دماغ اور جگر کو دوا اور
غذا سے قوت پہونچائین اور تا حصول قوت وصل و قربت سے پرہیز کرائین حسین اور نوجوانون کی
صحبت رکھین اور حیوانون کی جفتی وغیرہ کو دکھلائین اور جن امور سے دل کو وحشت اور نفرت ہو
اونکو دفع کرین جیسا کہ اوپر مذکور ہوا ہے۔ استرخا و خفخفہ والے مریض کو تنہا نہ چھوڑین اور نہ خالی
مکان مین رہنے دین۔ جب استرخی یا خفخفہ والے مریض کے اعضاے تناسل مین پچھنے یا جوکین لگائین
اور جو مواد فاسد اوسمین سے خارج ہو وہ دوسری جگہ نہ لگنے پائے ورنہ اوس سے چھوٹے چھوٹے آبلہ
پڑ کے اور رضا پیدا کرینگے اور ہلین ڈولین نہین ورنہ زخم پھٹ جائیگا تکلیف برداشت کرکے تسکین دین
اور ایسے مریض کو تا حصول صحت قربت بمنزلہ سم کے ہے۔ مردون کو بازاری اور فاحشہ عورتون کی
قربت سے بھی احتراز ضرور ہے کہ اونکی صحبت و قربت بیشک طرح طرح کی آفت و مضرت کا باعث ہے۔
جو امور آداب صحبت مین مذکور ہین یا عندالموقع جو بعضے نسخے لکھے گئے ہین وہ صرف آگاہی و حفظ خاص و عام
کیواسطے مرقوم ہین کچھ یہ غرض نہین کہ لوگ اوسکے پابند ہون۔ امساک کی دواؤن کا زیادہ استعمال
انسان کو اولاد سے محروم قوت کو ساقط صحت کو زائل اور رفتہ رفتہ منی کم اور شہوت گم کرتا ہے اور
ریگ اور سنگ گردہ یا ریگ و سنگ مثانہ یا سوزاک یا جریان کا باعث بھی ہوتا ہے اسی طرح عورتون کو حابسات
اور مجففات اور مضیقات دواؤن کا زیادہ استعمال مضر ہے۔ معمولی طریقہ کے سوا مختلف آسنون سے
صحبت یا خلاف وضع حمل در آمد طریقہ سے ضرر اور خلاف اصول صحت اور صحبت کی ہے جوان تندرست
صحیح المزاج آدمی کو ہر صحبت مین عموماً ... غسل چاہیے اگر کسی شخص سے ضبط نہو سکے تو جب دماغ و
نظر او قوتون مین ضعف محسوس ہو یا سر مین دھمک یا بدن مین لرزہ یا گرمی معلوم ہو یا کوئی امر عارضہ
صحت کے خلاف ظاہر ہو تو ترک کرے۔ اسقاط کے نسخون کا استعمال مجبوری اوس وقت مین

مثل تمباکو کے پیوین اور تمام شب بیدار رہین صبح کو غسل آب سرد سے کرکے شوربا مرغ اور نان گندم کھاکے سو رہین اِین
اکثر گرمی بہت معلوم ہوتی ہے اور اکثر قے اور اسہال بھی ہوتے ہین لیکن ایک ہی بار مین قرحے تک خشک ہو جاتی ہین
ایضاً توتیائی سبز بریان - پوست ہلیلہ کلان - پوست ہلیلہ سیاہ ہر واحد ایک ایک جز خرمہرہ زرد چار جز
لیمون کے عرق مین تین روز کھرل کرکے بقدر نخود کے گولیان بناکے ایک گولی ہر روز کھائین اور کسی چیز سے
چندان پرہیز نکرین حب ہا مرہم روغن کنجد سفید مین برگ نیم کوفتہ پکاکے روغن چھان کے موم زرد گداخت
کرکے سفوف سنگریزہ سنگجراحت کات سفید سپاری سوختہ ملاکے مرہم بناکے لگانا قرحے کو خشک کرتا ہے
فائدہ اس مرض مین اکثر منھ آتا ہے - برگ چنبیلی اور پوست درخت کچنال جوش کرکے مضمضہ کرنے سے
دفع ہوتا ہے نقوع دو عدد بنڈال آدھ پاؤ پانی مین بھگو کے صبح چھان کے پیوین ایضاً گوانچ کی پتی دس درم
پانی مین پیسکے سات روز تک نہار منھ پیوین ایضاً سرس کی چھال - ببول کی چھال - نیب کی چھال
ہر ایک سوا سیر چھہ سیر پانی مین جوش دیکے جب ایک سیر رہجائے چھانکے شیشہ مین رکھین اور نہار منھ
آدھ پاؤ غذا بیسنی روٹی بے نمک ایضاً گلرونده کی پتیان پانچ درم سیاہ مرچ ایک درم پیس کے پیوین
غذا بے نمک ایضاً شنجرف - توتیا - ہر ایک اڑھائی دام - برنگ کابلی پانچ ماشہ - مدار کے جڑ کی چھال
دس ماشہ اور اگر مقوی مزاج ہو بیس ماشہ کوٹ پیس کے قرص بنائین اور بے پانی کے حقہ مین بھر کے
تمباکو کی طرح پیکے دھوان اوسکا تھم پر چھوڑین اور گل اوسکا شہد میں ملاکے تھوک ملاکے زخم پر لگائین
ایضاً عاقرقرحا نیب کا گوند شنجرف سارزو - سہاگہ ایک ایک دام جو کوب کرکے سات پڑیان بنائین
ایک پڑیا چلم مین بھر کے پیوین اگر قے آئے تو کچھ مضائقہ نہین دن مین تین مرتبہ پیا کرین - غذا حلوا
اگر منھ آئے چنبیلی کی پتیان جوش کرکے کلی کرین ایضاً شنجرف - پھٹکری - اسبند - اجوائن ایک
ایک ٹانک کوٹ کے آدھا آدھا ٹانک کی آگ سے تمباکو کی طرح بھرکے پیوین مکان بند رہے ہوا
خارجی بدن کو نہ لگنے پاوے غذا بیسنی روٹی خشک بے نمک -

## خاتمہ بعض مطالب ضروری کے بیان مین اور یہ شامل او پر دو فصلون کے ہے

**پہلی فصل** اون امور ضروری کے بیان مین جو مریضون کے علاج اور پرہیز سے متعلق ہین اور
جنکا مریضون کو اچھی طرح خیال رکھنا چاہیے ورنہ اپنی غفلت سے پشیمان اور صحت سے مایوس
ہونگے - صحت موجودہ کا حفظ اور صحت زائلہ کا استرداد یعنے جو قوت اور تندرستی کہ موجود ہو

سکے برابر بناوین اور ایک صبح و ایک شام دہی کے پانی کے ساتھ کھاوین اور دال مونگ و گڑ و دہی و دودھ سے
پرہیز کرین ایضاً واسطے دفع آتشک کے واسطے مجرب ہے نسخہ ہلیلہ سیاہ خرد چھ تولہ نیلا تھوتھا مردار سنگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ
سفوف کرکے ظرف آہنی مین دستہ چوب نیب سے جسمین ایک پیسہ تانبے کا جڑا ہو عرق لیمون کاغذی
صاف ڈالکے اسقدر رگڑین کہ سوا سیر عرق جذب ہوجاوے اوسکے بعد کشتہ قلعی کا چار ماشہ مخلوط کرکے
رگڑین اور بقدر نخود کلان کے گولیان بناوین سات روز ہمیشہ صبح کو ایک ایک گولی قدرے عرق لیمون کے
ساتھ نگل لین مطبوخ کہ واسطے دفع آتشک کے مجرب مفید ہے نسخہ پوست درخت نیب پوست درخت
کچنال بیخ حنظل منڈی بیخ و چوب کٹائی خرد قند سیاہ کہنہ ایک ایک چھٹانک تین سیر پانی مین جوش
کرین جب چہارم حصہ رہے چھان کے ایک شیشے مین رکھین اور بقدر برداشت طبیعت کے پیا کرین مرہم
انزروت مصطگی رال موم سہاگہ دو حصہ پارہ صاف ایک حصہ گاے کے دھوے ہوے گھی مین مرہم بناکے لگاوین
مرہم مجرب کہ ایک وزیر نے آزمایا ہے اور آتشک کے زخمون کو خشک کرتا ہے نسخہ گرد چوب چینی کا دو ماشہ
شنگرف نو ماشہ توتیا دھویا ہوا ایک تولہ خاکستر پارچہ گزی جسمین پارہ بدفعات چھان کے سیاہ کیا ہو تین ماشہ
زردی تخم مرغ جسکو بھوبھل مین بریان کیا ہو دو عدد روغن گاو اوسقدر کہ مرہم ہوجاوے باہم ملاکے
کھرل کرین **ایضاً** مرہم دفع آتشک نسخہ زنگار سیماب ایک ایک تولہ کندر ایلوہ چھ چھ ماشہ
روغن گاو چھ تولہ مین کھرل کرکے مرہم بناوین بخور برائے آتشک کے واسطے مفید ہے نسخہ سونٹھ آدھا درم [illegible] ایک درم
عاقرقرحا پوست بیخ سنبھالو ہر واحد اڑھائی درم سدا رنگی جڑ کا گودا نو درم باریک پیسکے آٹھ ٹکیان بناکے ایک
چلم مین دو سیر پانی اور ایک پڑیا چھوڑے اوسکے منہ پر ایک سوراخ اور سر پوش آٹے سے بند کرکے
بیر کی لکڑی کی آنچ دین جب دھوان جلنے لگے ایک چادر اچھی طرح اوڑھ کے نرقل سے یہی دھوان مثل
حقہ کے پیئن اگر پسینہ زیادہ آوے اندر پونچھ لین بدن کھولین نہین اور اسی طرح اوڑھ لپیٹ کے سو رہین
سات دن تک ایسا ہی کرین اگر منہ آجاوے تو کچنال کے چھال کی کلی کرین اور نمک نہ کھاوین غذا دہی چاول
بہت خفیف شیرین بخور آتشک کو مفید ہے شنگرف مازو عاقرقرحا اسگند ناگوری موصلی سیاہ
موصلی سفید گوکھرو خرد مساوی سفوف کرکے آتش کنار صحرائی پر ڈالکے تمام بدن پر بخور کرین اور ہر روز
بدفعات اسی طرح کرنے سے ایک ہفتہ مین آتشک زائل کرتا ہے **ایضاً** عاقرقرحا مازو شنگرف سہاگہ خام
ہر ایک پانچ پانچ ماشہ کوٹ کے پانی مین ملاکے چار حصہ کرکے چار دفعہ بتفاریق تمام شب مین حقہ پر رکھکے

ایک حصہ پُرانا گڑ سب دواؤن کے برابر ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی صبح ایک شام کو پانی
سے کھائین اور بیسن کی روٹی بے نمک کھائین ایضاً پارہ - عاقرقرحا - اجوائن - موچرس ہر ایک چھ ماشہ
بھلاوان سات عدد - تل سیاہ بھلاوین کے ہموزن گڑ سب دواؤن کے برابر ملاکے چودہ گولیان بناکے
ایک گولی صبح اور ایک شام کو دہی کے ساتھ کھائین ایضاً آتشک اور جوڑون کے درد کیواسطے مفید ہے
پارہ - اجوائن خراسانی بھلاوان ٹوپی نکالا ہوا - لاجورد - اسپند ہر ایک تین ماشہ - گڑ دو دام کوٹ چھان کے
جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک صبح ایک شام حلق مین رکھکے باسی پانی سے اوتارلین دانت نہ لگنے پائے
غذا کھچڑی مونگ کی اور دال بہر خشکہ اور گیہون کی روٹی ترشی اور بادی سے پرہیز کرین ایضاً دوسہ کی
جڑ کی تازی چھال پیس کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی روز گھی کے ساتھ کھائین ایضاً پارہ
اجوائن دیسی - اجوائن خراسانی - بھلاوان ایک ایک دام - بھنگرہ کے عرق مین کھرل کرکے خشک کرکے
دہی کے برابر گڑ ملاکے ایک ایک دام کی گولیان بناکے ایک ہفتہ انتہا دو ہفتہ تک ایک گولی روز کھائین
اگر منہ آجائے تو کچنال کی چھال جوش کرکے کلی کرین ایضاً اجوائن کی بھوسی - رائی سیاہ مرچ ایک ایک دام
کوٹ چھان کے پانی مین ترکرکے ریٹھے کے برابر گولیان بناکے کھائین ایضاً آتشک اور جوڑون کے درد
کے واسطے بہت مفید ہے - شنگرف - افیون - پارہ ہر واحد دو دو دانگ - اجوائن خراسانی پرانا گڑ پانچ پانچ
دانگ - بھلاوان ٹوپی دور کیا ہوا سات دانگ پارہ اور شنگرف ادرک کے عرق مین باہم کھرل کرکے اور سب
دوائین کوٹ چھان کے ملاکے ادرک کے عرق مین تین پہر کھرل کرین اور سات گولیان بنائین ایک گولی
نہار منہ باسی پانی سے کھائین ایضاً پاکھہ ایک ببولی - پارہ چار ماشہ - پرانا گڑ تین ببولی پیس کے
سات گولیان بناکے ایک گولی روز کھائین ایضاً پارہ گندھک - ہڑتال - سہاگہ ایک ایک درم سیاہ مرچ
دو درم کوٹ چھان کے لیمون کے عرق مین ملاکے گولیان بنائین نخود اک ایک گولی صبح ایک شام کھائین
ایضاً پارہ - اجوائن - موصلی سیاہ ہر ایک دو دام بھلاوان ایک درم گڑ پرانا سولہ درم گیارہ گولیان بناکے
ایک گولی روز صبح کو دہی کے ساتھ کھائین جب آبلہ فشنگ کہ آتشک کو دفع کرکے بعد تنقیہ و قبل تنقیہ کے بھی
کھانا مفید ہے - ہلیلہ سیاہ ایک تولہ - طباشیر چھ ماشہ - نیلا تھوتھا تین ماشہ - پارہ آدھ ماشہ آب لیمون مین کھرل کرکے
بقدر کنار دشتی کے گولیان بناوین اور ایک ایک صبح و شام کھائین اور ترشی سے پرہیز کرین ایضاً
سیماب - اجوائن خراسانی - کتھہ سفید آٹھ آٹھ ماشہ - لونگ آٹھ عدد پانی مین کھرل کرکے گولی جنگلی بیر

باسی پانی مین گھول کرکے ایک ایک گولی روز کھائین ایضاً گندھک صوفی ہوئی - پارہ صاف سہاگہ -
سونٹھ - چھال گولر سب برابر کوٹ چھان کے گاے کے دودھ مین گھول کرکے دو دو رتی کی گولیان بنائین
خوراک ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھائین اور جسقدر گرم پانی پئین گے وسیقدر دست آوینگے ایضاً مسہل
بید انجیر اس فن مین بہت مفید ہے روغن آتشک کے واسطے مفید ہے - اندراین کی جڑ آدھ پاؤ جوکوب دو سیر
پانی مین جوش دین جب آدھ سیر رہے ملکے چھانکے آدھ سیر رنڈی کے تیل مین ملاکے نرم آگ پر جوش دین جب پانی
جلکے روغن رہے شیشی مین رکھیں اور صبح کو ایک دام گاے کے دودھ مین ملاکے پئین اور مونگ کی کھچڑی کھائین
دو تین روز مین مرض دفع ہو جاوے اور یہ دوا مادہ آتشک دفع کرتی ہے سفوف مجرب کنول کوٹ چھانکے
پہلے روز ایک ماشہ دوسرے روز دو ماشہ علی ہذا القیاس سات روز تک سات ماشہ پھانکین اکیس رتی
اور اسہال ہونا ترشی سے پرہیز کرین ایضاً مدار کی لکڑی کا کوئلہ پیسکے چھان کے برابر شکر ملاکے دو دام
گھی ملاکے سات روز تک کھائین غذا قلیہ پھلکا ایضاً تلسی کی سبز پتیان چار دام - توتیا سبز ایک دام
پارہ ایک ماشہ کوٹ کے بیر کے برابر گولیان بناکے صبح کو ایک گولی گرم پانی سے کھائین غذا کھچڑی ہے ایضاً
سفوف ریوند چینی نو ماشہ - سیاہ مرچ اکیس عدد کوٹ چھان کے سفوف بناکے سات حصہ کرین ایک
کال کے حصہ ایک صبح ایک شام بکری یا گاے کے دودھ کے ساتھ پھانکین غذا سات روز تک شیر برنج
بیسنی پھر کچنال کی چھال مازو چنبیلی کی پتیان اسگند پتیون کے جوشاندہ سے کلی کرین بعد اوسکے
کلہ یا پھر جوش دیکے کلی کرین ایضاً پوست ہلیلہ زرد - پوست بلیلہ سیاہ - توتیا بریان کوڑی سوختہ
لیموں کے عرق کے ساتھ لوہے کے برتن مین سولہ پہر کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بناکے ایک گولی
پان مین پندرہ روز تک کھائین اور ایک گولی پیسکے کاغذ پر لگاکے زخم پر لگائین اگر منہ آئے کچنال کی چھال
جوش دیکے کلی کرین جوشاندہ آتشک کے واسطے مجرب ہے منہ بھی نہین آتا ہے پرہیز بھی ایسا نہین ہے اگر پرہیز کرین
تو قلیہ اور خشکہ کھائین جلد آتشک کھو دیتا ہے - کچنال کی چھال اندراین کی جڑ ببول کی پھلی چھوٹی
کٹائی مع جڑ اور پتون کے پرانا گڑ ہر ایک آدھ پاؤ تین سیر پانی مین جوش کرین جب تہائی رہے
چھانکے شیشی مین بھر رکھین اور سات خوراک کرین انشاء اللہ تعالی جلد مرض دفع ہو جائیگا ایضاً ہڈی
کٹائی کی جڑ - مدار کی جڑ - دھتورے کی جڑ شنگرف مساوی سبکو پیسکے پانچ گولیان بناکر تماکو کیطرح بھر کر ایک ایک گولی
روز پیا کرین اور غذا شیر برنج کھائین حب سیماب پارہ - کتھہ - بابرنگ - اجوائن - سیاہ مرچ - جھوکی پیپل

عرق لیموں کھپائیں پھر ایک درم شنگرف ملا کے خوب حل کریں کہ ایکذات ہو جاوے تین گولیاں بنا کے صبح شام
ایک ایک گولی کھائیں مچھلی اور ترشی سے پرہیز کریں حسب جدوار مجربات حکیم سعداللہ گیلانی کے تمام امراض
بارد اور اوجاع مفاصل وغیرہ کے واسطے مجرب ہے حب تخم کرفس۔ اسپند۔ انیسون۔ زعفران مصطگی ایک
ایک درم سکبینج۔ مقل ازرق ہر واحد ڈیڑھ درم آملہ۔ بلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ کابلی دو دو درم پودینہ نہری
فطراسالیون۔ فقاح اذخر۔ اسارون۔ قسط۔ تخم کرفس ہر واحد آدھا درم جدوار آدھا مثقال کوٹ چھان کے
گندنا کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنا کے ایک گولی ہنار کھائیں مسہل جو بے زحمت مواد کو نکالے اور آتشک کو
نفع کرے پارہ۔ گندھک آملہ سار ہر واحد ایک ماشہ گیرو آدھا ماشہ تمر ہال گوند سبز ہی نکال کے تین ماشہ پہلے پارہ اور
گندھک ملا کے کھرل کریں بعد اوسکے اور اجزاء پانی میں کھرل کر کے قرص بنا کے برتن میں رکھ کے اوس میں
پانی بھر کے آگ پر رکھدیں جب ہاپ ہو جاوے نکال کے تین لیں آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھائیں حب مسہل
آتشک اتمال گوند ہر ایک درم آملہ چار درم کوٹ چھان کے لیموں کے پانی میں سات پہر کھرل کر کے چنے کے
برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی سے تین گولی تک موافق مزاج مریض کے اور بعضے نسخوں میں لکھا ہے
کہ حبال گوند ہر برابر ہلیلہ سیاہ ہر واحد ایک حصہ آدھ حصہ لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ریٹھے کے برابر
گولیاں بنائیں خوراک ایک گولی شربت حنظل یعنے اندرائن کا شربت مواد سوداوی کا اخراج کرتا ہے اور
آتشک کو نافع ہے اندرائن کا چالا دو حصہ تین حصہ پانی میں جوش دیں جب تیسرا حصہ رہ جاوے شکر سفید برابر
ملا کے قوام کریں خوراک دو درم سے بیس درم تک نسخہ منضج شیر دہ برگ شاہترہ دو دو درم۔ بادیان ڈیڑھ درم کا قند
دو دو تولہ ملا کے پئیں جو بچہ روز حب النیل بریان کوٹ چھان کے شکر برابر ملا کے پھانکیں اس طرح تین مسہل لیں
دو مسہل کے درمیان ایک تولہ ریشہ خطمی کا لعاب پئیں پھر چوتھا حصہ ملائیں آدھا درم شنگرف باریک پیس کے
ایک دام افیون ملا کے قرص بنائیں اور تین روز تک ایک قرص صبح ایک دو پہر ایک شام کو ایلوہ تمالو کے پیر کے
کوئلوں سے مٹی کے حقہ میں رکھ کے حقے میں پیئیں جب خوب جلجا ہو اور سکو صبح کو ملا دیکر دو ہی حقے کے اندر ڈالیں
اور تین روز تک برابر ایسا ہی کریں اور اوسی حقہ میں پیا کریں غذا فقط بیسنی روٹی بے نمک تین
روز تک پھر چوتھے روز علام کھچڑی دو ایک مرتبہ کھائیں بعد اوسکے اختیار ہے اور اگر منہ آ جاوے تو ببول کی چھال
جوش دیکے کلی کریں ایضاً مسہل جو مادہ بلغم اور صفرا کا اخراج بخوبی کرتا ہے حب پارہ گندھک آملہ سار
ایک ایک درم سہاگہ شیطرج سیاہ مرچ سونٹھ ہر ایک تین تین درم حبال گوند سبز ہی نکالا ہوا گیارہ درم

کشمش مین کوٹ کے ملا کے دو درم سے دو مثقال تک ہر روز کھائین فائدہ جب آبلہ فرنگ اخلاط مرکب کے
سبب سے عارض ہو تو کھانے اور پینے اور دوا مین بھی اوسکی رعایت رکھنا چاہیے اور اگر کوئی امر مانع
فصد ہو تو تمام کے واسطے مفید ہے اور یہ دوائین جو لکھی جاتی ہین جملہ اقسام کے واسطے مفید ہین جیسے لونگ
کباب چینی - عاقرقرحا - سنا مکی - پوست ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ سیاہ - پوست آملہ ہر ایک دو تولہ رسکپور
ماشے کے صاف عرق مین دو پہر کھرل کر کے بعدہ اور اجزا باریک پیسکے اوسمین ملا کے مٹر کے برابر
گولیان بنا کے کھائین آتشک کے واسطے مفید ہے مغز بنڈی - مغز جمال گوٹہ - کھوپرہ - ہر ایک
دو تولہ روغن نکال کے پانچ چھ قطرہ بتاشہ مین کھائین دستون سے فراغت کے بعد غذا بھی خشکہ
کھائین اگر دست زیادہ آئین تو دہی زیادہ پلائین اور اگر اس سے بند نہون تو لعاب بہدانہ - لسان شہد طی
پیئین اور یہ مسہل درد مفاصل اور جذام کے واسطے بھی مفید ہے ایضاً جند بیدستر - گندھک زرد ہر ایک دو درم
لسان عصفور [illegible] ریوند چینی پانچ درم - ماہ فرفیون مجرب دو مثقال - گلاب لیمون کے عرق مین پیسکے برابر
گولی بنا کے ایک صبح ایک شام کھائین دودھ اور ترشی و مچھلی و بادی چیزون سے پرہیز کرین ایضاً تیز پات
سہاگہ - اسگندھ ناگوری - مغز تخم سیاہ - اسپند - چھوٹی بڑی مائین مساوی کوٹ کے چھوٹی ٹکیان بنائین ایک
ہفتہ تک ایک ٹکیہ شام اور ایک صبح کو حقہ مین بھر کے تمباکو کی طرح پیئین اور غذا بھونے چنے بے نمک کھائین اور
آٹھوین دن گیہون کی روٹی گاو کے گھی سے چرب کر کے یا گاو کے دودھ مین نمک ڈالکے شیر برنج پکا کے کھائین
جو چاہین کھائین اس دوا کے استعمال سے دست آوینگے یا منہ آجائیگا اگر منہ آجاوے تو سیر بھر بیری کی جڑ
پانی مین جوش کرین جب نیم گرم رہے اوسی سے کلی کرین ایضاً پرانا گڑ دو تولہ - مردار سنگ چھ ماشہ -
سفید کتھا [illegible] ماشہ - جمال گوٹہ ایک تولہ کوٹ کے گولی بنائین اور ایک گولی صبح اور ایک شام کو کھائین غذا مالیدہ
یا شوربہ چپڑی ہوئی روٹی بے نمک و بے شکر کے کھائین ایضاً کٹائی کی جڑ - ریوند چینی - اندرائن کی جڑ
کوٹ چھان کے ہر ایک مساوی ایک تین ماشہ مریض کو دیجاوے جلاب ہوگا بعد جلاب کے اور دوا مین بھی
کھلائین ایضاً فرنگ واد آتشک کے واسطے مفید ہے پارہ ڈیڑھ ٹانک - اجوائن تین ٹانک بھلاوان
ایک ٹانک دو عدد ایک جا کوٹ چھان کے اوسیقدر پرانے گڑ مین ملاکے سات گولیان بنا کے ایک گولی روز
کھائین سات روز تک خشک موٹھ کے سوا اور کچھ غذا نہو بعدہ آٹھوین روز گائے کا دودھ خشکہ کھائین
ایضاً پارہ تین درم - افیون خالص دو درم - پرانا گڑ چھ درم ایک ظرف مین کھرل کر کے تین بار اچھی طرح سے

ہر واحد بیس دانہ تین ملی پانی میں جوش دیکر جب نصف رہے چھان کر گلقند آفتابی دس درم مغز خیار شنبر ترنجبین ہر واحد پندرہ درم ملاکے دو دام روغن بادام اضافہ کرکے پیئین **صفت مرہم** شادانہ شادانہ تین عدد۔ کندر انزروت ہر واحد ایک مثقال روغن گل پانچ درم موم سفید ڈیڑھ درم مرہم بنالین **صفت ذرور** انزروت شادانہ۔ اقاقیا۔ گلنار۔ کندر۔ دم الاخوین۔ زراوند دراز سرمہ کی طرح باریک پیسکے زخم پر چھڑکین **صفت معجون شاہترہ** شاہترہ سات مثقال سنا مکی تین مثقال پوست ہلیلہ زرد و کابلی ہر ایک پانچ مثقال پوست آملہ آٹھ مثقال ریوند دو درم گلسرخ چار مثقال باریک پیسکے منقے تخم نکالے ہوئی یا کشمش نو مثقال ملاکے معجون بناکے استعمال کرتے رہیں تو دنین صحت حاصل ہو **دوسرا سبب** جو صفرے کے باعث سے عارض ہو علامت اوسکی منھ اور آنکھون کی زردی اور بدن کی لاغری اور منھ کا تلخ ہونا اور تشنگی اور ناک اور زبان مین خشکی اور سرعت نبض اور اعضا مین سوزش اور سرخی تار ورہ مین آنکھون کے آگے کھٹا سا معلوم ہونا اور بدن پر پھوڑے مائل بزردی اور سوزش کیساتھ ہونا اور اکثر اونمین سے زرد پانی بہنا **علاج** اشربہ اور سرد غذاؤن سے تبدیل مزاج کرنا چاہیے اور جن چیزون سے صفرا پیدا ہو اور بخار دماغ مین پہونچے جیسے لہسن و پیاز اور گندنا وغیرہ بہت اونسے پرہیز کرین اور شربت انار اور لیموں اور آب نارنج پلائین اور آلو بلائین اور اگر کوئی سبب مانع نہو تو فصد کھلوائین نہین تو پچھنے لگائین اور یہ مسہل اسکے واسطے مفید ہے **صفت** پوست ہلیلہ زرد سنا مکی شاہترہ پانچ پانچ درم آلو بخارا ہر واحد پندرہ درم تخم کاسنی نیم کوفتہ تخم خطمی نیم کوفتہ ملوخیا زراوند دراز نیم کوفتہ گلسرخ ہر واحد ایک درم عناب سپستان آٹھ آٹھ دانہ شیر خشت یا ترنجبین بیس درم جوش دیکے شیرگرم پیئین اور پانی مکرر پیلیا ہوا ... مسہل صفرای سوختہ کو نکالتی ہے اور اگر منھ اور سر مین پھوڑے ہون گل ارمنی ... درم گلنار ... ایک درم کافور آدھا دانگ۔ زعفران آدھا درم مردارسنگ دو مثقال باریک کوٹ کے آب ... مین ملاکے لگائین **فائدہ** زخمون کو بہت جلد خشک اور گوشت کو پیدا کرتا ہے جیسے حمام مین جاکے زخمون پر خوب ... مین بعدہ **ذرور** چھڑکین **صفت** کندر مر انزروت دم الاخوین برابر سرمہ ساکرکے زخمون پر چھڑکین مفید ہے **تیسرا سبب** جو بلغم عفن کے سبب سے عارض ہو علامت اوسکی جوڑون مین درد اور جلد سرد اور بہت نیند اور بول کا سفید اور شورہ ناک معلوم ہونا اور منھ کا مزا شوریت کے ساتھ اور زخمون مین رطوبت زائد اور ضعیف زرد رنگ پانی مائل بسفیدی نکلنا اور ناک اور منھ سے پانی بہنا اور سر اور آنکھون کا بھاری ہونا اور سرد ہوا اور سرد چیزون سے تکلیف پہونچنا **علاج**

سوپٹ چھان کے سفوف بنائیں اور ۵ تولہ تخم کتان رات کو پانی میں بھگو کے صبح کو چھان کے ایک تولہ کچی شکر ملا کے
پیلے سفوف ایک تولہ پھانک کے اوپر سے اوسکا لعاب پئیں تین چار روز میں اگر کچھ آرام نہ معلوم ہو تو وہی سفوف
برگ نیم کے دودھ میں تر کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کے دو گولی روز صبح کو کھائیں اوپر سے اوسکے لعاب
کتان میں آدھ سیر گائے کا دودھ ملا کے پئیں۔ سرخ مرچ اور ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز کریں
پچکاری کباب چینی۔ دار چینی۔ کبابہ خندان۔ مردا سنگ۔ الائچی چھوٹی۔ طباشیر کبود سب چیزیں
تین تین ماشہ۔ توتیا سبز ایک رتی باریک کر کے آدھ سیر دہی میں ملا کے ایک کپڑے میں باندھ کے لٹکائیں جسقدر
اوسمیں سے پانی ٹپکے اوس پانی کی تمام دن میں تین چار بار پچکاری لیں پچکاری ریوند ناگوری۔
کتھ سفید۔ چھال ببول۔ چھال گوندنی۔ چھال کچنال۔ مغز کیکر ہر دو دو تولہ پھٹکری سفید ایک ماشہ
کوٹ کے دو سیر پانی میں جوش کر کے صبح کو اوسمیں کا آدھ سیر پانی نتھار کے اوسکی دو تین بار دن میں پچکاری
لیں سفوف کتیرا سفید۔ رال تیا۔ تخم سفید۔ مصری سفید۔ تخم تالمکھانا سفید۔ طباکھیر سفید۔ طباشیر کبود
زہر مہرہ خطائی۔ دم الاخوین ایک ایک تولہ باریک پیس کے ایک تولہ روز پھانک کے اوپر سے پاؤ سیر یا آدھ سیر
گائے کا دودھ پئیں ایضاً الزبیب سرخ مائل مو حجر الیہود۔ کباب چینی۔ شورہ قلمی۔ مصری سفید۔ الائچی سفید
ثعلب سفید۔ سنگجراحت۔ رومی مصطگی پھٹکری سرخ۔ دم الاخوین ایک ایک تولہ باریک پیس کے ایک تولہ
روز آدھ سیر گائے کے دودھ سے پھانکیں پہلے دودھ چاول کھا کے بعدہ جو جی چاہے کھائیں۔ لال مرچ
اور ترشی سے پرہیز کریں پچکاری الزبیب دونوں آٹھ ... صمغ ببول مسلم تخم حنظل مسلم تخم ریحان
مسلم۔ تخم لونچہ مسلم ایک ایک تولہ ریوند چینی چھ ماشہ دو سیر پانی میں بھگو کے ملکے چھانکے بکری کا آدھ سیر دودھ
اتنے دودھ سے پھٹکے اوسمیں ملائے۔ کافور۔ دم الاخوین۔ باریک کر کے اوسمیں حل کر کے ایک شیشہ
میں ڈال کے خوب ہلا کے اوسکی دن میں تین چار بار پچکاری لیں ایضاً توتیا سبز کوڑی ٹیان زرد
نیل لاجی کیرو دم الاخوین سفیدہ کاشغری خوب باریک پیس کے دو ماشہ آدھ سیر پانی یا بکری کے دودھ میں
حل کر کے پچکاری لیں سفوف کباب چینی۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی خرد چھ چھ ماشہ شورہ قلمی ایک تولہ
مصری دو تولہ کوٹ کے بکری کے دودھ سے پھانکیں اوسکے بعد دو چند دودھ اور پئیں پچکاری
شہد خالص بکری کے دودھ میں حل کر کے پچکاری لیں ایضاً ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ دھنیا ایک ایک تولہ سنگجراحت
رال چھ چھ ماشہ۔ توتیا سبز تین ماشہ دہی کے توڑ میں رات کو بھگو کے صبح کو آب صاف لیکے دن میں تین تین دفعہ

اوسکے برابر رکھین تمام رات جسقدر پانی اوسمین جمع ہو صبحکو نوش کرین ایضاً کچو چنے ایک مٹھی تمام رات پانی مین
بھگو کے صبح کو دو تولہ شہد ملاکے نوش کرین ایضاً مصطگی ڈیڑہ مثقال کوٹ کے تھوڑے پانی مین بھگو کے تمام رات
شبنم اوس ہوا مین رکھین صبحکو نوش کرین ایضاً دھنیا خشک سونف ہر واحد دو مثقال کو کنار ایک یا آدھا
مثقال کوٹ کے کورے برتن مین ڈیڑھ پاو پانی سے بھگو کے صبح کو ملکے چھان کے پیین ایضاً تخم خرفہ
تخم خیارین تخم بستان افروز ہر واحد دو مثقال باریک کوٹ کے پوٹلی باندھ کے ایک پیالہ پانی مین تمام رات
رکھکے صبح کو نچوڑ کے پیین اور اگر اوسمین بہیدانہ تین مثقال بڑھائین تو زیادہ نافع ہو اور شیاف ابیض سفیدہ
تخم مرغ مین حل کرکے احلیل مین ٹپکائین اور اسی طرح عورتون کا دودھ احلیل مین ٹپکانا اور قرص کا کنج بشیرہ خرفہ
کے ساتھ کھانا بہت مفید ہے ایضاً مغز تخم خربزہ بیس درم خیارین مغز تخم کدو خرفہ مقشر خشخاش سفید
ہر واحد دس درم نشاستہ کتیرا رب السوس ہر واحد تین درم اجوائن خراسانی سفید دس درم مساوی
سکے شکر سفید ملاکے تین درم صبح اور تین درم شام ایک اوقیہ شربت بنفشہ ملاکے چاٹین ایضاً کچلون شیرہ خرما
ایک ایک سیر شاہی کوٹ چھان کے اسکی تین خوراکین یا چھ خوراکین کرکے ہر روز ایک خوراک صبح کو ٹھنڈے پانی
سے پھانکین نہایت مفید اور مجرب ہے صدہا غریبون کو اس سے فائدہ ہوا گرچہ علاج امیرون کے لائق
نہین ہے ایضاً الائچی چوا کھار پھٹکری پیپل پاکھان بید ایک مثقال کوٹ چھان کے نو درم
پانی سے دھوکے ایک چاول ہر روز کھائین ایضاً میتھی انار دانہ دو دانہ ایک ایک درم کو پیلہ کی پڑیت
شام کو سوراخ کرکے کسی برتن مین تمام رات کا عرق اوسکا لیکے اوس سے صبح کو پھانکین اور کیلے کی پڑیت مین
ایضاً مغز تخم خیار دس درم افیون اجوائن خراسانی تخم کنا تخم خرفہ ہر واحد ایک درم کو ٹکے چھان کے
ہر روز صبح کو ایک درم پھانکین ایضاً مغز تخم خربزہ تخم خیارین مغز کدو ہر ایک بیس درم گل ارمنی ببول کا گوند
کندر درم الاخوین ہر واحد دس درم افیون تین درم تخم کرفس دو درم سفوف بناکے ایک فندق آب سرد خواہ
دودھ سے پھانکین ایضاً قلعی کا کشتہ دس درم انزروت تین درم نشاستہ کتیرا ایک ایک درم افیون آدھا درم
کوٹ چھان کے آب سرد یا دودھ سے پھانکین سفوف گوندی نام سایہ مین خشک کرکے کوٹکے برابر مصری ملاکے
دودھ سے پھانکین ایضاً اسگندھ خام سایہ مین خشک کرکے کوٹ کے اوسی کے برابر مصری ملاکے پھانکین
ایضاً سرپالی کے بیج کوٹ کے اوسکے برابر مصری ملاکے پھانکین ایضاً گندہ بروزہ کا ست ایک ماشہ ہر روز
بتاشے مین رکھکے کھائین اوپر سے دودھ پیین ایضاً تخم سرس مغز پنبہ دانہ مغز تخم کاسنی تخم تالمکھانا ایک ایک تولہ

اچھا ہوا اور بہت مریضون کو اسکے استعمال سے فائدہ ہوا مجرب ہے ص شربہ بہیڑو۔ املہ نیلوفر مساوی پھٹکری
بریان توتیا سبز گھی مین بہونا ہوا ہر ایک وا کا بارھوان حصہ تین شبانہ روز پانی مین بھگو کے خوب ہلا مین
جب ملجا سے چھان کے پچکاری لین اور گندہ بروزہ کا ست دو رتی روز ایک بتاشے مین کھائین
شیاف جو قرحہ سوزاک کو مندمل و رصاف کرتی ہے ص توتیا سبز دھویا ہوا دو ماشہ مرداسنگ
سنگ بصری۔ لوبان کوڑیا پھٹکری بریان۔ مازو سبز۔ گلنار۔ اقاقیا۔ دم الاخوین غنچہ انار ترش کاغذ
سوختہ۔ گوند ببول تین تین ماشہ شیاف بنا کے کام مین لائین ایضاً دانہ الائچی سفید تین ماشہ۔ توتیا دھویا ہوا
مرداسنگ ہر ایک ایک ماشہ۔ گیرو دو ماشہ شیاف بنائین ایضاً سنگ جراحت۔ گیرو۔ کوڑیا لوبان تین تین ماشہ
منہدی کی پتی۔ ببول کی کونپل دو دو ماشہ سیب کے پتون کے عرق مین کھرل کر کے شیاف بنائین جب
سوزاک کے واسطے مفید ہے ص قلعی کا کشتہ ست سلاجیت۔ کتیرا۔ گل ارمنی۔ دانہ خشخاش سفید ببول کا گوند
مغز تخم خیارین۔ تخم خرفہ مقشر۔ مغز کدوی شیرین۔ مساوی اسپغول کے لعاب مین گولیان بنائین اور گائے
دودھ سے کھائین قطور سوزاک و قروح مثانہ کیواسطے مفید ہے ص انزروت۔ دم الاخوین۔ کندر۔ قلعی کا کشتہ
نشاستہ۔ افیون مساوی پانی مین گھول کر لگائین یا پچکاری لین ایضاً ببول کا گوند دو ماشہ مکئی کا نشاستہ چار ماشہ
عورت یا بکری کے دودھ مین حل کر کے لگائین یا پچکاری لین ایضاً پوست خشخاش نشاستہ رب السوس [illegible] عورت
یا بکری کے دودھ مین کھرل کر کے پچکاری لین یا لگائین سفوف گائے کا دودھ پانچ سیر پختہ خوب جوش کرین جب
گاڑھا ہو جائے تو اسمین شورہ [illegible] سیر شاہی اور ریچ اور بیر ہر واحد ڈیڑھ ٹانک۔ ناگیسر ایک ٹانک الائچی کلان
اڑھائی ٹانک مصری آدھ سیر کوٹ چھان کے اوس دودھ مین چھوڑ کے خوب حل کرین جب مثل خاک کے ہو جائے [illegible]
ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک دودھ کے ساتھ پھانکا کرین مجرب ہے ایضاً معجون۔ زیرہ سبز ہر واحد ایک سیر شاہی خوب
کوٹ کے روز کھائین یہ ایک خوراک ہے ایضاً کاسنی کی جڑ سبز مکوب تمام شب پانی مین بھگو کے صبح کو پیین
ایضاً نشاستہ دو تولہ پانی مین حل کر کے مٹی کے ظرف مین تمام شب رکھ کے صبح کو نوش کرین ایضاً
کتیرا مصری مساوی کوٹ کے صبح اور شام کو ایک کفدست گائے کے دودھ سے پھانکین ترش و تیل
وگرم ترشی سے پرہیز کرین ایضاً ہیڑی انبہ کے اندر کی چھال کوٹ کے پانی مین بھگو کے آدھ سیر
شاہی عصارہ انب کا ملا کے رات کو رکھ چھوڑین صبحکو تھوڑا چونہ ملا کے تھوڑی دیر رکھین پیوین
ہو جائے سنا رمنہ سے ین ایضاً رات کو بیر کے درخت کی اوپر کی چھال پیپل کے سوراخ کر کے ایک ظرف

استعمال کے نیست ونابود ہو نے صاف ہوجاتے اور سادہ بول کی برہنہ رہجائے یا ایسی مباشرت جو اوس طبیعت کی
محل ہو واقع ہو جیسے کثرت جماع اور رشل اوسکا اور علاوہ اوسکے ایسے اسباب کا مقدم ہونا اور بدن خشک اور آثار حرارت
کے مزاج میں ہونا علاج بعد قطع سبب کے واسطے تقریہ بول کے شیاف ابیض عورت کے دودھ کے ساتھ
مجری بول میں ٹپکائیں اور لعاب مغزیات جو اوپر مذکور ہیں کھائیں اور یہ شیاف مفید ہے ص پوست خشخاش
بباسہ۔ رُب السوس۔ سفیدی بیضہ مرغ شیاف بنائے بکری کے دودھ میں حل کرکے ٹپکائیں چوتھا سبب
مجری بول میں قرحہ واقع ہوکے حرقت بول کا باعث ہو اور ظاہر ہے کہ جب بول قرحہ پر گذریگا لذع پیدا کریگا
اور پیپ پیشاب کے ساتھ آنا اور قرحہ میں حکہ اور موضع قضیب میں درد لازم ہونا اوسکی علامتیں ہیں اور قرحہ
قضیب اور قرحہ مثانہ میں یہ فرق ہے کہ جب مثانہ میں قرحہ ہوتا ہے تو پیشاب قلیل المقدار اور کثیر العدد ہوتا ہے اور
قرحہ قضیب میں ایسا نہیں ہوتا ہے بوعلی سینا لکھتا ہے کہ سوزاک اکثر چھ سببوں سے ہوتا ہے ۱ اوس عورت
کی قربت سے جسکے سوزاک ہو ۲ مجالست اور موانست مرد کی مرد سے ۳ مباشرت کے وقت دفعتاً تخلیہ میں
کسی تیسرے شخص کے داخل ہونے سے ۴ شراب بغیر پانی ملائے پینے سے ۵ مزاج میں حرارت زائد ہونے سے
۶ لنگوٹ باندھے ہوئے سونے میں احتلام کی حالت میں کلیہ استفراغ نہونے سے اور اس مرض کا خاص علاج
پچکاری ہے اور یہی ہمیشہ مفید اور زود تاثیر ہے زردوق کہ قرحہ قدیم وجدید سوزاک کے واسطے مفید ہے ص
پھٹکری بریان ایک تولہ۔ توتیا بریان چھ ماشہ۔ ایک سیر پانی سے ایک شیشے میں خوب حل کریں اور ہر روز چار
پانچ بار پچکاری لیں یا پانی میں پکا کے پچکاری لیں ایضاً ببول کا گوند۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ گھریا چاندی کی
ایک ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ کشتہ قلعی کا ہر ایک دو ماشہ۔ شیر خشت چھ ماشہ ملا کے شیاف بنائیں ضرورت کے
وقت عورت یا بکری کے دودھ میں گھس کے پچکاری لیں ایضاً سوزاک کے قرحہ کیواسطے بے نظیر ہے ص
سفیدہ کاشغر۔ کندر۔ پھٹکری بریان۔ ببول کا گوند۔ نشاستہ۔ دم الاخوین مساوی سب کو سبز پتوں کے
عرق میں کھرل کرکے گولیاں بنائیں ایک گولی عورت یا بکری کے دودھ میں حل کرکے پچکاری لیں ایضاً
سفیدہ کاشغر۔ گل ارمنی ایک تولہ۔ افیون خالص نو ماشہ۔ توتیا سبز چھ ماشہ سرما سا کرکے دودھ یا پانی میں
حل کرکے ہر روز چار پانچ مرتبہ پچکاری لیں ایضاً پھٹکری سفید۔ گیہوں کا نشاستہ۔ کشتہ قلعی کا
مساوی سرمہ سا کرکے عورت یا بکری کے دودھ میں حل کرکے پچکاری لیں ایضاً ہڑ۔ سبز۔ ہڑہ
شگوفتہ مساوی پانی میں بھگو کے یا جوش دے کرکے چھانکے پچکاری لیں ایضاً ایک بزرگ فقیر کا نسخہ

وہ لائق اعتبار کے نہین ہے اور ایسی عورتون کو خودرائی اور تنہا چھوڑنا نامناسب ہے

## پندرھوان باب حرقت بول یعنے سوزاک کے بیان مین

حرقت بول پیشاب کی جلن کا نام ہے عوام اسکو سوزاک کہتے ہین اور یہ مرض اکثر چار سببون سے ہوتا ہے۔
پہلا سبب جرب گردہ یا جرب مثانہ یا اوسکی ریح کے سبب سے جو قرحہ گردہ یا مثانہ سے نکلتی ہو پیدا ہوتا ہے
ایسی حالت مین قروح گردہ مثانہ کا تدارک کرنا چاہیے دوسرا سبب جگر گرم اور صفرا غالب ہو اور اوسی
سبب سے بول مین حدت اور حرقت پیدا ہو علامت اوسکی بول رنگین اور اوسکے ساتھ پیپ اور چھیلکون کا نکلنا
اور آثار حرارت پیدا ہونا اور گرم دواؤن اور غذاؤن وغیرہ کے استعمال کا اوسپر گواہی دینا علاج لعاب اسپغول
بہدانہ شیرہ تخم خرفہ۔ تخم کاہو۔ شربت خشخاش یا شربت بنفشہ اور بنادق البزور بارد اور ماء الشعیر اور شیرہ
تخم خیارین اور مثل اوسکے ہیں صفت بنادق البزور۔ تخم خرفہ۔ مغز تخم کدوے شیرین۔ اجوائن خراسانی
[illegible] تخم خرفہ۔ تخم خطمی۔ مغز بادام مقشر کتیرا۔ نشاستہ۔ رب السوس۔ تخم کرفس۔ تخم خشخاش سفید دو درم
مغز تخم خیارین پانچ درم کوٹ چھان کے لعاب بہدانہ ملاکے ایک ایک درم کی گولیان بنائین اور تین گولیان
دو تولہ شربت تخم خشخاش یا شربت بنفشہ سے روز کھایا کرین یا پانی مین بھگو کے یا مصری کے شربت سے کھائین مفید ہے
اگر دھنیا خشک بھگو کے پانی [illegible] تمام رات بھگو کے صبح کو آب [illegible] اوسکا لیکے شربت بنفشہ یا مصری سے
[illegible] کھانے سے [illegible] تو فائدہ کرتا ہے اور زردی بیضہ مرغ نیم برشت اور روغن بادام اور
روغن [illegible] انتباہ جماع اس مرض مین
[illegible] زیادہ اہتمام کرنا چاہیے کہ دیر تک بہنے سے قرحہ قضیب
اور قرحہ مثانہ پیدا ہوتا ہے اور جب مادہ زیادہ ہو اور تعدیل کفایت نکرے تو حسب حاجت فصد لین اور قے
اور [illegible] کے علامات حرقت و سوزش بول کا باعث ہون تو پہلے قے کرالین اور حرقت
[illegible] یا جو چیزین [illegible] اسکو ہون اونھین پر اکتفا کرین اور بعدہ فصد باسلیق لین اور اگر کوئی سبب [illegible]
تو [illegible] بعض عورت کے دودھ یا روغن گل یا روغن بادام مین حل کر کے احلیل
مین [illegible] شدت ہو تو تھوڑی افیون۔ اجوائن خراسانی بنادق البزور مین ملائین تیسرا سبب
رطوبت [illegible] جو بول کی تعدیل اور تغیر کیواسطے پیشاب کے راستے پر چھائی ہوئی ہے جسکو عربی مین مروج
کہتے ہین وہ بسبب شرب مدرات قوی اور جماع کے یا بسبب شورہ تلخ و تیز اور چھیلنے والی چیزون کے

واہیات باتیں اور میلا کچیلا لباس اور راحت پسند ہو۔ صفائی مزاج میں بہت کم ہو۔ بلند آواز سے ہنسے ایک جگہ
پڑی رہے۔ غافل اور بہت سوتی ہے بہت دیر کو سو کے اوٹھے۔ بیدار ہونیکے بعد بھی برابر پڑی رہا کرے خوش بہت کم
پژمردہ زیادہ رہے۔ شوہر کی اطاعت وخدمتگزاری میں پہلوتہی کرے۔ کسی بات کا لطف اور حظ اوسکی طبیعت میں نہو۔
حاسد اور طامع اور سخت مزاج اور تندخو۔ ایسی عورت سعادت اور نحوست میں بدرجۂ اوسط ہوتی ہے اور اہتمام خانہ داری
اوس سے ٹھیک نہیں ہوتا ہمیشہ نقصان ہوتا رہتا ہے۔ چوتھی سنکھنی یہ عورت جملہ اقسام سے بدتر ہے۔ میانہ سر۔ بال سیاہ
موٹے دراز قد۔ لاغر اندام۔ پوست جسم کا نرم باریک میلا۔ پیشانی پر شکن جیسے چین بر جبین کہتے ہیں گرہ دار اور
کشیدہ۔ ابرو پھیلے ہوے۔ بڑی بڑی آنکھیں ڈھیلی یا میلی۔ پتلی نیلی یا بھوری۔ گال پچکے۔ بڑے کان۔ لوئیں
پتلی لٹکی ہوئیں۔ چپٹی ناک یا بہت پتلی کم بلند۔ لب باریک دہانہ پھٹا ہوا۔ دانت میلے بڑے بڑے
زبان لمبی باریک مائل بسیاہی۔ منھ میں بساہند۔ چہرہ لمبا اور خشک۔ ٹھوڑی لمبی۔ گردن بہت پتلی
شانہ اور ساعد اور بازو نہایت سوکھے ہوے۔ ہتیلی ہاتھ کی چوڑی اور ہتیلی میں غار زمین پر برابر نہ لگے۔ انگلیاں
لمبی پتلی پتلی سینہ چوڑا بہت ابھرا ہوا۔ پستان بہت چھوٹے چھوٹے نرم۔ پیٹ پتلا بہت پچکا ہوا۔ ناف گہری
کمر بہت پتلی۔ سُرین ٹرپ پیچھے کی طرف زیادہ ابھرے ہوے۔ رانیں اور ساق بڑی لمبی اور لاغر اور اونپر
بہت گھنے بال۔ انگلیاں پیر کی لمبی پھیلی ہوئی۔ ناخن میلے پیر زمین پر رکھنے میں چھوا نہ ہو تھوڑا خالی۔ پسینہ
انتہا سے زائد بدبو جنگجو۔ بدخو۔ خشمگین۔ کینہ ور۔ زودرنج۔ مکار۔ بیوفا۔ بیحیا۔ شہوت بھی بہت پسند
بداندیش۔ شور وغل۔ رنگین اور سفید اور میلے کپڑوں کی کچھ پروا نہیں کرتی۔ قہقہہ مارکے بہت ہنستی اور بہت روتی ہے
صحبت پر حریص بہت ہے اور امور خانہ داری میں کاہل اور سست اور کاہل ہوتی ہے۔ جس عورت کو زینت کا
زیادہ خیال ہو اور سرمہ لگانے سے اوسکی آنکھیں سرخ ہو جائیں وہ حریص شہوت ہوتی ہے اور جس عورت کو فکر اور
اندیشہ زیادہ ہو اور ہمیشہ بناو سنگار کیے اور ہر وقت منہ اور سر کھولے رہے اور بہت جھوٹ بولے اور اپنے شوہر سے
خصومت اور جنگ کرے اوسکا دل دوسرے مرد کی طرف مائل ہوگا۔ اور جو عورت ادہر اودھر بہت پھر کر
اور بہت ہنسے اور راحت اور عیش دوست ہو بدکاری اوس سے سرزد ہوگی۔ اور جو عورت شرمگین ہو نیچی نگاہ کیے
اور منہ اور جسم ہمیشہ چھپائے رہے ہنس مکھ ہو مگر ہنسی کی آواز بلند نہو اپنے شوہر سے زیادہ محبت کرے
اور لڑکوں کو زیادہ عزیز رکھے اور بہت پیار کرے پاک چشم اور پاکدامن ہے۔ جس عورت کو اپنی حرکات اور عادات کی
کچھ پروا نہو اور منھ اور سر چھپا ہوا نہ رہے اور سینہ ابھرا ہو اور اپنے محرموں کے سامنے بیگانہ مردوں کی ہنسی اور مزاح کرے

کی طرح - کان متوسط - لوین چپٹی ناک بلند و نتھنا باریک - دہانہ تنگ - دانت چھوٹے چھوٹے صاف چمکدار موتی
کی طرح - زبان باریک سرخی مائل خوشبودار - چہرہ او ٹھنخ گول گردن صراحی دار - سینہ متوسط چوڑا ابھرا ہوا - پستان بلند انار
کی طرح شکم بلند شکن دار - ناف پست - شانہ بلند - بازو اور کلائی گداز سڈول اوسط - ہتیلی موٹی بلند - انگلیان ہاتھ کی
متوسط کسیقدر موٹی برابر رکھنے سے ہتیلی کے بیچ کی جگہ خالی رہے - ناخن گول صاف سرخی مائل - کمر گداز
سرین زیادہ پرگوشت - رانین خوب گول - تمام جسم پر بال بدرجہ اوسط - انگلیان پیر کی لمبی پھیلی ہوئی گول گداز
ناخن پیر کے صاف سرخی مائل - پیر زمین پر ہموار نہین رہتا ہے بلکہ کسیقدر بلند - پسینے مین بساہند آتی ہے -
دانشمند اور سلیقہ مین بدرجہ اوسط - مطیع - باحیا - کم خوراک - ہمیشہ طالب راحت - زود رنج - زود خشم - چاپلوسی پسند
ذراسی بات مین خوش - ذراسی بات مین ناراض - تیز خوشبو - شوخ رنگ - کھیل کود اور ناچ اور باجا اور صاف
لباس اور صفائی پسند ہوتی - آواز سے ہنستی - بیکار ادھر ادھر پھرتی - ایک ہیئت پر نہین رہتی - مرد سے
پہلے سوتی اور دیر کو سوکے اوٹھتی - بیدار ہونیکے بعد بھی تھوڑی دیر بستر پر پڑی رہتی - کبھی طبیعت خوش اور
گاہ خود بخود پژمردہ رہتی - شوہر سے محبت کرتی اور بدرجہ اوسط اوسکی خدمتگذاری اور اطاعت مین رہتی اور مرد کے
حاضر اور غائب حالت اوسکی یکسان رہتی - ہنسی دل لگی مذاق زیادہ پسند کرتی - حسد اور طمع سے احتراز کرتی ہو
صحت مزاج پسند ہو - سعادت اور نحوست اور اہتمام خانہ داری مین بدرجہ اوسط اور گانا بجانا اور کھیل کود
اور خوشبو اور رنگ وغیرہ بہت پسند کرتی ہو - تیسری ہستنی یہ عورت اقسام مذکورۂ بالا سے بدتر ہے - چپٹا اور گول
متوسط بال کم سیاہ یا بھورے موٹے - میانہ قد - جسم کا پوست موٹا سخت کم سرخ سیاہی مائل - پیشانی تنگ بے شکل
بھوین چپٹی ہوئی - آنکھ کے ڈھیلے سیلے کرنجے یا کم سیاہ - گال پھولے ہوے - کان بد ہیئت - بڑی لوین ناک موٹی
اونٹھ موٹے گردہ سے - دہانہ بڑا دانت بڑے بڑے میلے - زبان موٹی - ٹھوڑی گول اور بڑی - گلا پھولا ہوا -
گردن فربہ - شانہ بلند - قبضے خوب بھاری - بازو اور ساعد خوب موٹے - ہتیلی موٹی چوڑی اور بھری ہوئی برابر بیٹھے
انگلیان میانہ موٹی - ناخن چھوٹے اور موٹے - سینہ بہت چوڑا خوب ابھرا ہوا پرگوشت - پستان بڑے بڑے -
پیٹ بھی بڑا لٹکا ہوا - ناف اوبھری ہوئی - کمر بہت موٹی - سرین فربہ پیچھے کیطرف اوبھرے ہوے اور پنڈلیان
خوب تیار - پیر چھوٹا زمین پر برابر بیٹھے - پنجہ تنگ - انگلیان پیر کی بھدی چھوٹی ملی ہوئی - ناخن میلے
پسینے مین بدبو - بیوقوف گمنام - بدسلیقہ - بیحیا - غبی - پیٹو - بدخو - جنگجو - زود خشم - زود رنج - مباشرت سے
سیر نہو - چاپلوسی اور خوشامد پسند ہو سکتا - میٹھا پسند ہو - نہایت شوخ رنگ اور تیز خوشبو مین اور

حکمای ہندی نے عورتون کی چار قسمین بیان کی ہین پدمنی چترنی ہستنی سنکھنی ہر دو ان کو اونکی اوضاع
اور عادات سے واقف ہونا ضرور ہے اس نظر سے صرف مختصر حال لکھا جاتا ہے اول پدمنی یہ عورت اپنی جملہ اقسام
سے بہتر ہے۔ سر گول۔ بال سیاہ لمبے۔ گھونگھر والے بہت باریک۔ دراز قد۔ پوست جسم کا نرم نازک چمکدار
نیلوفر سا رنگ پیشانی کشادہ۔ اور صاف بلا شکن۔ ابرو خمدار سیاہ اور صاف ہرن کی سی آنکھ ڈھیلے خوب سیاہ
اور موتی کی طرح سفید رسیلی ڈورے اوسمین لال لال رخسارہ شگفتہ کان متوسط۔ لوین باریک اور نازک۔
بلند بینی۔ اونٹھ باریک دانت چھوٹے چھوٹے موتی کی طرح چمکدار زبان باریک سرخی مائل خوشبودار زنخ گوشہ دار۔
چہرہ لمبا۔ گردن صراحی دار سینہ متوسط بہت چوڑا نہ ابھرا نہ بالکل سوکھا پستان بلند انار کیطرح ابھری ہوئین
شکم صاف ہموار جسپر تین شکنین بھی ہون ناف پست نرم شانہ بلند بازو اور ساعد پر گوشت سڈول گونہ لمبی ہتیلی
برابر جسمین گڑھا نہو۔ انگلیان ہاتھ کی نرم اور نازک پورین لمبی۔ ناخن صاف خمدار سرخی مائل کمر پتلی نازک۔
سُرین پُر گوشت۔ رانین گداز۔ تمام جسم مین بال بہت ہی کم۔ انگلیان پیر کی لمبی پتلی ہوئین۔ ناخن پیر کے صاف اور
پیر زمین پر ہموار رہے۔ عرق اوسکا خوشبودار ہو۔ دانشمند سلیقہ شعار بے طمع۔ باحیا۔ کم خوراک۔
خوش مزاج۔ خلیق۔ ہلکا رنگ۔ بھینی بھینی خوشبو۔ صاف لباس۔ صفائی پسند ہو ہنسنے مین مسکرائے
آواز بلند نہو۔ زیادہ چلنا پھرنا بیکار کام پسند نہین کرتی مرد کے آرام کرنیکے بعد سوئے علی الصباح
سب سے پہلے سو کے اوٹھے۔ بیدار ہوتے ہی فوراً اوٹھ بیٹھے غمگین اور پژمردہ نہین رہتی شوہر پر
شیفتہ رہتی اور اطاعت اور خدمتگاری سے اوسے رضامند اور فریفتہ رکھتی۔ شوہر کی رضا مقدم سمجھتی
اوسکی غیبت مین افسردہ رہتی اور صورت دیکھنے سے شگفتہ ہو جاتی ہے نزاکت کے باعث مباشرت
کثیر کی متحمل نہین ہو سکتی۔ اول شب مین وصال پر راغب ہوتی اور اولاد کو بہت عزیز رکھتی۔ ہنسی دل لگی۔
حسد۔ طمع۔ فتنہ اور عیبون اور بد فعلون سے احتراز کرتی ہے ایسی عورت خانہ داری کا اہتمام نہایت خوبی
اور سلیقہ شعاری اور ہوشیاری سے کرتی ہے اور خوش نصیب ہوتی ہے اور شوہر اوسکا بلیات اور مکروہات دنیا
سے آزاد رہتا ہے پدمنی کو بوی ریاحین پسند ہوتی ہے اور گل نیلوفر کو دوست اور چنبیلی کی خوشبو سے
زیادہ شوق رکھتی ہے دوسری چترنی یہ عورت باقی دونون اقسام سے اچھی ہوتی ہے۔ سر کسیقدر لمبا۔
بال سیاہ لمبے باریک۔ میانہ قد۔ پوست جسم کا نرم اور نازک چمکدار۔ رنگ سرخی مائل۔ پیشانی کشادہ اور
صاف ہرن سی آنکھ اور رسیلی۔ لال لال ڈورے ہون اور آنکھ کے ڈھیلے سیاہ ہون سفیدی چونی کیطرح رخسارہ شگفتہ گلاب

خون معتدل القوام ہے بہت گاڑھا سیاہ رنگ کا نہ بہت پتلا بلکہ چمکدار ہوتا ہے کسلمند اور سست نہین ہوتی ہوش و
حواس درست اور خشاش و بشاش رہتی ہے اور بہ نسبت اور عورتون کے جلد جوان اور وقت پر بالغ ہوتی ہے اور جس طرح
رب العالمین نے صحیح مردون اور عورتون کے وصال سے اولاد پیدا ہونیکا قاعدہ مقرر کیا ہے اوسی طرح شناخت حمل کی
اور حمل لڑکے لڑکی کی پہچان بھی تجربہ پر معین کردی ہے جب مرد کا نطفہ عورت پر غالب آتا ہے تو لڑکا ہوتا ہے ورنہ لڑکی
ہوتی ہے سرد یا معتدل ملکون اور معتدل موسمون مین حیض سے فارغ ہونیکے بعد معتدل مزاجون کا شمالی ہوا اور
بعد فراغ ایام کے طاق شبون مین اگر اتفاق صحبت کا ہو تو فرزند نرینہ ورنہ لڑکی کا حمل ہوگا اطبا کا اس قول پر
اتفاق ہے کہ مرد کی منی اگر داہنی طرف سے زیادہ آئے اور داہنی طرف رحم مین بھی قیام کرے تو فرزند نرینہ ہوگا
اور اگر بائین طرف گرے تو لڑکی ہوگی مگر عادتین اوسکی مردون کے مانند ہونگی اور اگر بائین طرف سے زیادہ آوے
اور بائین طرف رحم مین گرے تو لڑکی ہوگی اور بعض طبیب لکھتے ہین کہ فراغ حیض کا دن طاق ہے اوس
روز اور اوسکے بعد طاق شبون مین اگر صحبت کا اتفاق ہو تو فرزند نرینہ ہوگا اور دوسرا روز جفت ہے اوس
روز اور اوسکے بعد جفت شبون مین لڑکی ہوگی مگر حکیم جالینوس اور بعض طبیب اس قول کے خلاف ہین اونکا
قول ہے کہ اول روز لڑکا اور اوسکے بعد پانچوین روز تک لڑکی پھر اوسکے بعد آٹھوین روز تک لڑکا پھر اوسکے بعد
گیارھوین روز تک امرد نطفہ قائم ہوتا ہے اور گیارہ دن کے بعد قیام حمل نہین ہوتا لڑکے کے حمل مین عورت
کا رنگ خوب نکھرا ہوا صاف اور بول رنگین ہوتا ہے پستان راست چپ سے کسی قدر بڑی اور سر پستان سرخی مائل
اور لطیف غذاؤن کی خواہش اور طبیعت محظوظ رہتی ہے اور علامات حمل داہنی طرف سے ظاہر ہوتے ہین حرکت رحم
داہنی طرف سے محسوس ہو ابتدا مین نبض داہنی طرف کی مثلی بلند متواتر اور زیادہ ہوتی ہے اور کھڑی ہوکے جب عورت
چلنے کا ارادہ کرتی ہے پہلے داہنا پیر اوٹھاتی ہے اور داہنا ہاتھ ٹیک کے اوٹھتی بیٹھتی ہے اور داہنی پلک بائین سے
جلد چلتی ہے اور جنین تین مہینے کے بعد حرکت کرتا ہے مگر لڑکے کے حمل مین ضعف اور بدحالی زائد ہوتی ہے
اور لڑکی کے علامات اسکے برعکس ہین اور وہ چار مہینے کے بعد حرکت کرتی ہے حاملہ عورت کے قارورہ مین
دھنکی ہوئی روئی کے سے ریشے معلوم ہوتے ہین اگر حمل مین شک ہو تو زراوند طویل کوٹ کے شہد مین
ملا کے نیلے رنگ کے سوتی مین لت کرکے صبح کو فرزجہ کرے تین پہر کچھ کھائے پیے نہین تین پہر کے بعد اگر
منہ مین مزا معلوم ہو تو حمل ہے ورنہ نہین شیرین مزا ہو تو لڑکا اور تلخ ہو تو لڑکی ہے

## چودھوان باب عورتون کی اقسام کے بیان مین

تھوڑا اسفید لاہوری نمک ملاکے کھرل کرکے مکرر طلا کرین ایضاً ونگ۔ عاقرقرحا مساوی ادرک کے عرق مین کھرل کرکے
مٹر کے برابر گولیان بناکے عند الضرورت ایک گولی لعاب دہن مین گھسکی طلای مکرر کرین غنزل پارہ۔ سہاگہ مساوی ملاکے
لیمون مین باریک ملائم کرکے اوسمین بھرکے سوراخ بند کرکے ہاتھ مین لیکے مشغول ہون جب عورت کو سونگھا یئن انزال ہو
مجففات ومبکرات ومضیقات مشک تبت۔ عنبر اشہب۔ عود ہندی۔ ہر واحد دو دام سوس کی
چربی مین گرم کرکے ریشم یا نرم اون یا کپڑی مین لت کرکے آدھا گھنٹہ اقبل صحبت سے حمول کرین مضیق در
معطر ہو مجرب ہے مضیق مرغ کا پتہ سوس کی چربی مین حل کرکے حمول کرین ایضاً مرغ کا پتہ عورت اپنی
اندام مین لگائے باکرہ ہوجائے ایضاً جوز پوست انار کوٹ چھان کے فرزجہ کرے باکرہ ہو ایضاً
گائی کا پتہ مکرر فرزجہ کرے یا کھائے باکرہ ہوجائے ایضاً پوست بکائن سایہ مین خشک کرکے پیس کے
چھان کے شیاف کرے تنگ ہو ایضاً مازو۔ شہد۔ کافور ملاکے مکرر طلا کرے بڑھیا بھی باکرہ ہو ایضاً
سمندر پھین۔ مغز تخم املیلہ ملاکے شیاف لین بہت تھوڑی دیر مین تنگی ہو ایضاً بیر بہوٹی گائی کے
گھی مین کھرل کرکے تین روز تک اندام نہانی مین لگائے تنگ ہوجائے ایضاً بھنگرہ۔ پوست انار مساوی
باریک پیسکے فرزجہ کرے تنگی ہو ایضاً مازو حسب بلوط۔ گلنار مساوی جوش دیکے آبدست لین رطوبت
خشک ہو مجففات مایئن۔ کتھہ۔ مانجھر۔ پانی مین جوش دیکے آبدست لین رطوبت خشک ہو ایضاً مانجھر۔
پھٹکری۔ ناگرموتھہ۔ مایئن مساوی کوٹ چھان کے سوس کی چربی مین خمیر کرکے شیاف کرین ایضاً
ببول کی چھال۔ مازو۔ مانجھر پانی مین جوش دیکے آبدست لین رطوبت عورت کی خشک ہو

## تیرھوان باب جو مرد اور عورتین قابلیت اولاد کی رکھتی ہون اونکی پہچان اور شناخت حمل کے بیان مین

مصنف آتالیق ادب نے لکھا ہے کہ جس مرد کے اولاد جلد جلد اور کثرت سے ہو اوسکو فس اور ایسی عورتون کو
مفرط کہتے ہین ایسا مرد بزرگ اندام فربہی اور لاغری اور قوت معتدل و جسم پر گوشت اور نرمی اور سختی
مین جلد اور گوشت معتدل گونہ سختی مائل ہڈیان چوڑی سخت اور مضبوط انثیین کو نہ بڑی ہوتی ہین اور اوپر رگین
سرخ رنگ کی ظاہر اور آلہ تناسل کی رگین سخت اور پھولی ہوتی ہین اگر جلد سست نہین ہوتا جماع پر حریص اور
بہ نسبت اور لوگون کے جلد بالغ ہوتا ہے اور زہار پر بال گھنے ہوتے ہین اور عورت کا جسم اور گوشت اور سختی
اور نرمی اور گوشت اور رنگ مین معتدل چہرہ شگفتہ معدہ قوی اور کھانا اچھی طرح ہضم اور حیض وقت معین

چند عمدہ نسخہ پاتے تھے وہ مجربات بو علی سینا سے لکھے گئے کتا ایک جائفل کا سر تراش کے تھوڑا گودا اوسکے
اندر سے نکال لیجئے ایک تولہ پارہ اوسکے اندر بھر کے پھر گودا اوسکے اندر خوب بھر کر اوپر سے پھر وہی ٹکڑا جائفل کا
جما کے اور گل حکمت کر کے ایک بکری کی کھال تراش کے وہ جائفل اوسکے پیٹ کے اندر چھوڑ کے ایک بڑے
تنور اور خوب تیز انگارون کی آنچ مین اوسے چار پہر دم دی بعدہ گوشت نکال کے جوز کو نکالے اوسکے
اندر سے پارہ بستہ نکلیگا وقت حاجت کے منہ مین رکھ لے جبتک نکالیگا انزال نہوگا ایضاً پارہ اور
خالص چاندی کا برادہ سوہن کیا ہوا ہر واحد ایک تولہ خوب ملا کے گولی بنا کے آٹے مین جوان مرغ کو
کھلائے صبحکو مرغ کو ذبح کر کے وہ گولی بستہ نکال لے جبتک منہ مین رہے امساک ہو اور خمار اور درد سر
رفع کرتا ہے اور دم پھولنے اور دانتون کی جڑون کے استحکام کے لیے مفید ہے ایضاً تین درم پارہ زندہ چھوٹی مچھلی کو
کھلائے دوسرے دن اوسکے پیٹ سے پارہ بستہ نکلیگا اوسکو منہ مین رکھنے سے امساک ہوتا ہے مغزلات نساء سہاگہ
ایک ماشہ شہد چھ ماشہ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے سر حشفہ چھوڑ کے مرد تمام عضو پر طلا کرے دو تین
اخشال مین عورت فارغ ہو منزل گھونگھچی کی پتی خوب باریک پیسکے آدھے آدھے درم کی گولیان بنا کے ایک
ایک کھائین تو افق انزال ہو ایضاً پارہ ایک ماشہ کاہو کا گھی چھ ماشہ بنگلہ پان چار عدد کھرل کر کے چنے کے
برابر گولیان بنا کے عورت کو ایک گولی پان مین کھلائین عورت فوراً فارغ ہو ایضاً ببول کے بیج بستا در
ہموزن شہد مین کھرل کر کے مردانہ وجود پر لگائے لذت حاصل ہو ایضاً سعد مائدہ نراک کوٹ چھان کے
سعد کو گرم کر کے آدھا چاول عورت کی اندام نہانی مین لگائین پھر قدرت خدا ملاحظہ کرین انزال اور
لذت اور شہوت سے بیقرار ہو مجرب و مفید ہے ایضاً پارہ ایک درم شنگرف اور کتھ ہر واحد دو درم لیمون
کے عرق مین کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیان بنا کے جس عورت کو دو گولیان کھلائین تو تین اخشال سے منزل
ہوگی ایضاً اشرن بڑی الائچی گاے کے بچے دودھ مین کھرل کر کے مرد ذکر پر طلا کرے مشغول ہو ایضاً خون
مرغ جوان نو درم شہد ایک درم مٹی کے ظرف مین رکھ کے مٹر کے برابر گولیان بنا کے لعاب دہن سے گھس کر
طلا کرین ایضاً تخم دھتورہ ببول شہد مین کھرل کر کے ذکر پر طلا کرین لذت بہت حاصل ہو ایضاً گل کنیر سفید
سایہ مین خشک کرائے بعدہ پوٹلی باندھ کے پانچ سیر دودھ مین نرم آنچ پر پکائین جب نصف سے کم رہجاوے اوتار کے
پوٹلی خوب دودھ مین ملکے اوسکا دہی جما کے متھ کے مکھن نکالین ضرورت کیوقت تھوڑا کافور دو ماشہ تھوڑے مکھن مین ملا کر
سر حشفہ چھوڑ کے طلا کرین اور مشغول ہون تماشا عجیب دیکھین مجرب ہے ممسک ہے ایضاً جنگلی کبوتر کی بیٹ شہد مساوی کے

پانی مین بھگو کے ملکے وہ سفوف ملاکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی پانی مین گھسکے تین بار ملاکر پلاوے ایضاً
نیکولی اور دھتورے کے بیجون کا علیحدہ علیحدہ تیل نکال کے پارہ اوس مین ملاکے تین پہر کھرل کرکے پندرہ دن تک
زمین مین رکھے بعدہ نکال کے تلوون مین لگانے جب منھ مین تلخی معلوم ہونے لگے معروف ہو اور کیفیت دیکھے
ایضاً تین پاؤ گای کے دودھ مین پانچ چھٹانک زیرہ سیاہ سے بھرکے جوش دے جب نصف رہے چار درم زیرہ سیاہ
کھائے جبتک تین پہر پرہیز رکھیگا انزال نہوگا ایضاً سیاہ دانہ ایک ماشہ پیسکے تین درم شہد مین ملاکے چاٹنے امساک
زیادہ ہو ایضاً بیر بہوٹی بھیڑی کے تیل مین چھوڑکے چراغ روشن کرکے صحبت مین اوسکی طرف جبتک دیکھتا رہیگا
استفراغ نہوگا ایضاً سپند سوختنی پانچ درم. تخم خام نصف بھون کے. پوست خشخاش سفید دو درم۔
سیاہ تل چھ درم۔ پرانا گڑ اکیس درم خوب باریک کوٹ کے ملاکے سات گولیان بناکے مباشرت سے ایک گھنٹہ
قبل دودھ اور شہد ملاکے ایک گولی کھائے جبتک ترشی نکھائے گا استفراغ نہوگا ایضاً اگر عورت ایک ہفتہ
تک پانی بہت پینے کی عادت ڈالے اور کھانا کم کھائے بعد ظہر کے ایک وقت صبح سے زوال دن تک یا شام سے
صبح تک کچھ نکھائے اور مرد سے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً اگر خرگوش کا پتہ مشک اور روغن بنفشہ ملاکے عورت
حمول کرکے بعد چار گھنٹہ کے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً السن خشک یا تر روغن کنجد مین اسقدر جوش کرے
کہ گاڑھا ہوجائے پھر اوسے پیسکے حمول کرے اور چار گھنٹہ کے بعد قربت کرے حاملہ ہو ایضاً ہاتھی دانت کا
برادہ ہموزن مصری ملاکے ایام حیض مین خام کو دودھ سے کھائین بعد فراغ مرد سے قربت کرے حاملہ ہو ایضاً
پنیر مایہ خرگوش خشک پیسکے شہد ملاکے فرزجہ کرے فائدہ بعض اوقات جنین پیٹ مین مرجاتا ہے اور باعث ہلاکت
عورت کا ہوتا ہے علامت اوسکی حالت غشی اور کربت شدا درد شکم اور ہاتھ پیر او شکم ملمس سرد اور رادمجبن اور
دم پھولتا ہے اسواسطے چند اجزا اسقاط مرقوم ہوئے ایضاً شورہ آدھا درم صبح کو پھانکے ایضاً منہدی پیسکے شیاف کرے
اور بندال کے شیاف سے بھی اسقاط ہوتا ہے ایضاً اندرائن کے عرق مین روئی ترکرکے حمول کرنے سے اسقاط ہوتا ہے
ایضاً گاجر کے بیجون کی دھونی مسقط ہے ایضاً سانپ کی کینچل۔ کبوتر کی بیٹ کی دھونی سے مردہ جنین کا اسقاط
ہوتا ہے ایضاً الوے کا سیل۔ اندرائن۔ گندھک۔ سقمونیا۔ تھوڑی سی کوٹ کے چیر کے تیل مین ملاکے گولیان بنائی
ایک گولی کھائے فوراً اسقاط جنین مردہ و زندہ ہو مدر ادرار حیض کے واسطے سریع التاثیر ہے صحن کی چونہ کی
ڈیڑھ ماشہ شکر سفید چھ چیرہ کے بیچ ایک تولہ کوٹ کے ابتدای ایام حیض سے تین روز تک پھانکین ایضاً سوف
ہاجی برنگ ایک ایک تولہ انگ سبھروزہ گجراتی ایک ماشہ باریک پیسکے ابتدای حیض سے تین روز تک پین ادرار ہو

بعدہٗ نکال کے کوٹ چھان کے شہد ملا کے تین بار طلا کرے لذت حاصل ہو ایضاً مچھلی کا پتہ پیپل باریک پیس کے
طلا کرکے مرد سے قربت کرے لذت بے انتہا حاصل ہو ایضاً جائفل۔ سیاہ مرچ۔ عاقرقرحا۔ سونٹھ۔ بالچھڑ۔ خولنجان
مساوی تھوڑا مشک باریک پیسکے پہلے شہد مین سونٹھ و شقاقل مصری خوب کھرل کرکے مساوی کل اجزا ملا کے
صحبت کے آدھ گھنٹہ قبل تین بار طلا کرین لذت حاصل ہو ایضاً شکر طبرزد۔ کبابہ۔ عاقرقرحا۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ لونگ
عرق حنا۔ وج۔ زرنخت۔ باریک کوٹ چھانکے سبز سونف کے عرق مین ملا کے شہد مین قوام کرکے جنگلی بیر کے
برابر گولیان بنا کے ایک گولی منہ مین رکھین اور لعاب دہن سے طلا کرین ملذذ بھینسیا جونک۔ شہد
مین کھرل کرکے طلا کرین ایضاً ازیانہ۔ مرچ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ پانچ پانچ ماشہ۔ سیاہ ہینگ
سکبینج۔ کافور۔ جائفل۔ لونگ۔ مصری سات سات ماشہ باریک پیسکے سبز برگ تلسی کے عرق مین ایک شیشہ
کے ظروف مین دو تین روز رکھین ہر روز دو تین بار حرکت دیا کرین ایک گھنٹہ قبل تین بار طلا کرین ممسک اور
ملذذ ہے ایضاً تھوڑی سی ہینگ سوراخ مین رکھے امساک اور لذت حاصل ہو ممسکات سرتیان کی طرح
مینڈک کے سر پر دو غدود ہوتے ہین اونکے دبانے سے جو کچھ نکلتا ہے اوسے چمچے مین لے لیتے ہین اوسکو مینڈک کی مستی
کہتے ہین مینڈک کی مستی۔ ہاتھی کی مستی۔ آدمی کے کان کے میل کے ساتھ لت کرکے تین بار طلا کرے امساک
کیواسطے مجرب ہے ممسک کوانچ کی جڑ ایک انگل تراش کے منہ مین رکھے جبتک نکالے فارغ نہو ایضاً
پوست خشخاش۔ شہدانی۔ گل دھاوا۔ تین تین درم پانچ سیر پانی مین جوش کرکے جب آدھ سیر رہے۔ سہاگہ۔ بسباسہ۔
عاقرقرحا۔ ہر واحد چار درم چھوڑکے طلا کرین امساک کو مجرب ہے ایضاً پانچ تولہ تخم دھتورہ چھ سیر گاے کے دودھ مین
جوش کرین جب تین سیر رہے صاف کرکے دہی جما کے تھوڑا پانی ملا کے گھی نکال کے پھر چار جائفل کے چار چار ٹکڑے
کرکے بھنگ کے پتہ مین بھگو کے پھر اوسے گھی مین بھگو کے سب گھی کھپا کے ایک گھنٹہ قبل دو چاول اوسمین سے کھا کے
اوپر سے جوش کیا ہوا دودھ پیین جبتک لیموں نہ کھائین فارغ نہون ایضاً تخم دھتورہ۔ تخم پنواڑ۔ بابچی۔ ریٹھے کی
چھلی ہوئی گری تین تین ماشہ۔ آدھ سیر گاے یا بکری کے دودھ مین جوش دے جب گاڑھا ہو جاوے ایک ماشہ کی گولیان
بنا کے کھاوے پھر دودھ چھوہارے مین جوش دیا ہوا پیوے جبتک ترشی نہ کھاوے انزال نہو ایضاً چونا ایک گھونگھا اندر سے
خالی کرکے چنے کے برابر افیون اوسمین بھر کے اوپر سے وہی ٹوپی جونک کی بند کرکے اوسی طرح تین دھتورہ خالی کرکے
اوسمین جو نمبر کی گل حکمت کرکے بھوبل مین پکا کے نکال کے جائفل ادھ دھتورہ باریک پیسکے پان برداشت کے
موافق کھاوے ایضاً بیخ کنیر سفید سایہ مین خشک کرکے کوٹ چھان کے بغیر کاٹے ہوئے پوست دات کو

پاک و صاف سایہ مین خشک کرکے پانچ درم۔ مولی کا عرق آدھا درم۔ سجا نقش آدھا درم پیسکے روغن گاو مین
بھون کے سوراخ چھوڑ کے تمام عضو پر طلا کرین ملذذ ہے۔ روی مصطگی ایک درم۔ مشک خالص ڈیڑھ درم۔ لونگ
آدھا درم۔ قسط پانچ درم خوب پیسکر ادرک کے عرق مین ملاکے چنے کے برابر گولیان بناکے وقت حاجت کے
ایک گولی منھ مین رکھ کے آہستہ آہستہ رال گھونٹا کرین گردہ اور مثانہ کی قوت اور سختی اور نعوظ کیواسطے مجرب ہے
ملذذات دارچینی۔ کباب۔ عاقرقرحا۔ جوز۔ ہر واحد آدھا درم۔ باریک پیسکے شہد اور سونٹھ اور تھوڑا مشک
ملاکے مٹر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی تھوک مین گھس کے طلا کرین لذت حاصل ہے ایضاً خون سفید مرغ کا مساوی
شہد مین ملاکے دو گھڑی قبل طلا کرین عورت شیفتہ ہو ایضاً جنگلی کوے کا پتہ چنبیلی کے تیل مین ملاکے دو گھڑی قبل
تین بار بعد خشک ہونے ایک دوسرے کے طلا کرین عورت عاشق ہو ایضاً دارچینی کباب۔ سونٹھ مساوی کوٹ کے
برابر شہد ملاکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے چباکے طلا کرین اور ایک منھ مین رکھین ایضاً لونگ زعفران
دارچینی۔ عاقرقرحا۔ ہر واحد پانچ درم۔ باریک پیسکے مساوی شہد اور تھوڑا مشک ملاکے آدھے درم کی
گولیان بناکے ایک گولی منھ مین رکھین ایسی لذت حاصل ہو کہ عورت عاشق ہو ایضاً ہدکا دل خشک شکر
مساوی ملاکے تین روز تک برابر دودھ سے پھانکین اور دو گھڑی قبل مباشرت کے بھی دودھ سے پھانکے
شہوت زیادہ ہو اور عورت فریفتہ ہو ایضاً سیر مولی کا رکے گھی یا رینڈی خواہ زیتون کے تیل مین خفیف
جوش دیکر ایک گھنٹہ قبل تین بار طلا کرکے خشک ہونیکے بعد مشغول ہو لذت و لطف زیادہ ہو ایضاً عاقرقرحا کوٹ کے
مرغ کے انڈے کی زردی کے تیل مین ملاکر طلا کرین لذت زیادہ حاصل ہو ایضاً عاقرقرحا۔ دارچینی۔ باریک پیسکے
گھوٹ کے لعاب مین حل کرکے طلا کرین لذت حاصل ہو ایضاً قسط۔ پیپل۔ جنگلی کبوتر کی بیٹ۔ نمک سفید لاہوری
شہد خالص مین گھول کرکے تین بار طلا کرے مشغول ہون لذت زیادہ حاصل ہو ایضاً کچھوے کی چربی تین بار طلا کر
عورت جبتک زندہ رہے بغیر اسکے صبر نہو ایضاً قضیب بھیڑیے کا خشک کوٹ کے شہد ملاکے تین بار طلا کرے
لذت زیادہ حاصل ہو اسی طرح پتہ بھیڑیے کا اور شہد بھی ملذذ ہے ایضاً مینڈھے کا پتہ تین بار طلا کرے لذت
بےانتہا حاصل ہو ایضاً مغز کنجشک نر خانگی۔ مغز ہدہد نر آگ پر پگھلا کے تھوڑی دیر قبل صحبت کے پیر کے انگوٹھے اور
قضیب مین ملے امساک و لذت حاصل ہو ایضاً پارہ۔ کافور۔ سہاگہ ایک ایک درم شہد مساوی ملاکے تین بار
طلا کرے امساک و لذت زیادہ ہو اور عورت کا مقام تنگ ہو مجرب ہے ایضاً مازو سیاہ بگل حکمت کرکے تھوڑی دیر
آگ مین دبادے بعدہ ایک کپڑے مین نچوڑ لے جو عرق اوسمین سے نکلے اوسمین دو تین پیپل تین شبانہ روز خوب تر کرکے

دودھ مین جوش دیکے خشک ہونے پر کھرل کرکے تین تین درم کی گولیان بنائین ایک گولی گاے کے آدھ سیر
کچے دودھ مین کھائین حلوا ماش کی دال دھوئی ہوئی پاؤ سیر پیسکے اڑھائی سیر گاے کے دودھ مین جوش دین
جب سب دودھ کھپ جائے پھر میدہ پوست انار خام خشک دو تولہ گھی مین بھونکے آدھ سیر گھی سے گھیا کے شکر
اور مغز میوون کے چھوہارے کے حلوا تیار کرین بعد ہر استفراغ کے صبح کو ہمیشہ کھایا کرین دو قادہ ملٹی پانی مین
پیسکے ایک پایہ پر لگا کے پٹی کی طرح لپیٹ لین ایک ساعت کے بعد قوت باہ پیدا ہوگی طلا خرگوش کا پتہ۔ مردا
کھرل کرکے طلا کرین قوت باہ زیادہ ہوگی ایضاً زردی بیضہ مرغ و زردی بیضہ گنجشک۔ روغن گاو اور
روغن تلخ مین ملا کے طلا کرین یہ بھی اور مجرب ہے سفوف مجرب حکیم حیدر علی صاحب موصلی سیاہ چھال ببول
گوند ببول۔ گوند سنبھل۔ گوند ارجن۔ ہر واحد ایک تولہ مصری سبکے مساوی ملا کے سفوف بنائین اور
دودھ گاے کا سوا سیر اوسمین مغز ناریل۔ پوست غربا شگوفتہ۔ اخروٹ۔ جوز۔ سونٹھ۔ یا ادرک ہر ایک تین
درم چھوہارے جوش دین پہلے بھنگی بھانگ کے اوپر سے یہ دودھ پین ایضاً بلیلہ نو درم۔ تخم نیواڑ بیس درم
بھنگرہ ساٹھ درم چیتہ کی جڑ بائیس درم کوٹکے قند سیاہ۔ کتھ اڑھائی سیر خوب ملا کے تین سو ساٹھ گولیان
بنائین تمام سال یک گولی ہر روز گاے کے دودھ یا شہد سے کھائین اس دوا کے فائدے بے انتہا لکھے ہوئے ہین
مقوی لگای کا پتہ۔ پیاز نرگس۔ عاقرقرحا۔ مویز منقی۔ مساوی کوٹ چھانٹ مرغ کے پتہ مین ملا کے طلا کرین
مقوی بورہ ارمنی آدھا درم پیسکے شہد مین ملا کے آلہ تناسل اور انثیین اور اوسکے اطراف مین طلا کرین
تماشای عجیب دیکھیں عورت کے اندام مین طلا کرنے سے بھی لطف حاصل ہوتا ہے مقوی کباب۔ عاقرقرحا موصلی
موصلی سیاہ۔ خولنجان۔ بہمن سفید۔ تخم اوٹنگن۔ تخم کرفس۔ تکھمارانہ زعفران۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ دارچینی
مساوی الوزن ایک ایک تولہ پیسکے تھوڑی سونٹھ یا ادرک یا زیرہ سفید ملا کے کل اجزا کے نصف قند مین قوام
کرکے کل دوا کا آٹھوان حصہ افیون ملا کے جنگلی بیر برابر گولیان بنائین عند الضرورت ایک گولی کھائین اور
قدرت خدا کی ملاحظہ فرمائین افیونی وغیرہ کیواسطے یہ دوا نہین ہے مقوی منعظ روغن معوذہ قضیب اور
جورگ شہوت اوسکی بیچ ہو ملین ایضاً لخچہ گاو۔ آلہ تناسل اور انثیین اور اوسکے اطراف مین ملین مطولات و مسکرات
آلہ تناسل خیر الطین پاک صاف روغن کنجد مین جوش دیکے حمام مین عضو تناسل آب گرم سے دھوکے کپڑے
آہستہ ملین جبکہ سرخ ہو جاوے سب روغن خشک ہو جاوے کے طلا کرین ایضاً عاقرقرحا دو درم۔ پیاز سفید دس درم کھرل کرکے
طلا کرین ایضاً گدھی کا مغز۔ روغن کنجد مین جوش دیکے عضو تناسل پر طلا کرین بطرا اور باہ زیادہ ہو ایضاً خراطین

گرم مصالح اور نمک وغیرہ داخل کرکے خاگینہ تیار کرکے کھائین ایضاً ایک سیر دودھ جوش دیکے جب نصف رہجائے
ایک ماشہ خولنجان اور ایک ماشہ دارچینی چھڑک کے پئین ایضاً گای کا دودھ ایک سیر شہد آدھ پاو مصطگی دو ماشہ
زعفران ایک ماشہ سونٹھ لونگ پیپل دو دو ماشہ ایک پوٹلی مین باندھکے دودھ مین ڈالکے جوش دین
جب نصف رہجائے پئین ایضاً تخم گندنا ایک تولہ کوٹکے ایک سیر گای کے دودھ مین جوش دیکے آدھ پاو شہد
ملاکے پئین لڈو مقوی یہ معجون قوت اور جریان اور باہ کیواسطے مفید ہے بعد فراغ غسل اور کمزوری کی
حالت مین روز استعمال کرین جس چورہ چھالیہ چکنی پاو سیر چھوہارہ شادآباد آدھ سیر مجیٹھ آدھ پاو دس سیر
گای کے دودھ مین جوش کرین جب نرم ہوجاوے اوتار کے گوند ببول گھی مین بھنا ہوا پاو سیر نشاستہ گھی مین
بھنا ہوا پاو سیر میدہ سونگ کا گھی مین بھنا ہوا آدھ پاو مغز بادام آدھ سیر مغز پستہ پاو سیر مغز چرونجی آدھ پاو
کھوئے مین ملاکے آگ سے اوتارکے پھر میدہ کو کھر کا آدھ سیر ثعلب مصری دارچینی لونگ الائچی چھوٹی
سونٹھ پیپلا چار دام جائفل دو تولہ بسباسہ ایک تولہ جاوتری ایک تولہ چنیا گوند پاو سیر گل پستہ ایک دام
گل سپاری ایک دام ناریل پاو سیر میدہ کچنال کی چھال کا باریک میدہ ارجن کی چھال کا باریک میدہ سیمل کی
چھال کا باریک ہر واحد ایک تولہ ریشہ کا ہول چھ ماشہ کوٹکے دو سیر قند کے قوام مین ملاکے کھوئے اور سب اجزا کو ملاکے
لڈو بناتے جب چھالیہ مین نشہ ہوتا ہے دماغ کو قوت دیتی ہین اور قوت زائل کو پھیرتی ہین مغز گنجشک
کہ سیجان اسیوقت نکالا ہو شقاقل مصری تخم پیاز سفید ہر واحد ایک تولہ میدہ خرما پانچ تولہ کوٹکے شہد مین
ملاکے گولیان بناکے کھائین اوپر سے گای کا دودھ جوش دیا ہوا جب نصف رہجاوے پئین فائدہ گنج بادآورد
صاحب قرابادین مین دودھ کے جوش دینے کا نسخہ سب انواع سے عمدہ لکھا ہے دو سیر گای کا دودھ خولنجان
ایک تولہ سونٹھ ڈیڑھ تولہ یا اورکندر تولہ چھوڑکے جوش دین اور ایک چمچے سے آہستہ آہستہ چلاتے جائین جب
ایک ثلث رہجاوے ایک شیشہ گلاب عمدہ اسمین ملاکے جسقدر شیرینی چاہین قند یا شہد ملاکے اوتارلین اور
شیشے مین بھر رکھین مقوی از مجربات حکیم حیدر علی ریوڈونی کوٹکے مساوی شکر ملاکے پھانکین اوپر سے
جوش دیا ہوا دودھ پیین ایضاً بیج سرس سفید منہ مین رکھین امساک ہو ایضاً مہندی کے پھول پرانے گڑ کے
شربت مین جوش دیکے مٹر کے برابر گولیان بناکے صحبت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ سے ایک گولی کھائین
ایضاً گھونگچی کی مینگی خوب باریک پیسکے آدھے آدھے درم کی گولیان بناکے ایک گھنٹہ قبل دودھ سے
ایک گولی کھالین انعقاد نطفہ ہوگا ایضاً تخم کوانچ چھوٹا گوکھرو تخم تلمکھانا ہر ایک آدھ پاو دو سیر

امساک سے اگرچہ صحبت مین حظ زیادہ ہوتا ہے مگر صاحب امساک آخر کو حرقت بول سلسل البول یا تقطیر البول یا سنگ و ریگ گردہ - یا سنگ و ریگ مثانہ - اور اکثر ایسے قسم کے مختلف امراض مین گرفتار ہوتا ہے اور مرد اولاد سے محروم اور عورت عوارض رحم مین مبتلا ہو جاتی ہے اور مرد تو افق انزال چاہے تو آلہ تناسل عورت کے اندام سے باہر نکال کے اپنی سانس کو اوپر روک کے اور تھوڑی دیر تک اسی طرح سانس کو روکے سکوت مین رہے کہ نطفہ پھر اپنی جگہ پر قائم ہو جائے عورت کے انزال کی علامتین یہ ہین بشاش و شگفتہ ہونا مقام نہانی مین شادابی اور رطوبت ظاہر ہونا - خاموش ہو جانا - رو دینا - آنسو بھر لانا - رانین دبانا - غش آنا - سسکیاں بھرنا - بیہوش ہو جانا - تھوڑی دیر تک اسی حالت مین رہنا دونون ہاتھ مرد کی کمر مین حمائل کر کے اپنی طرف زور سے کھینچنا - ہلنے اور علیحدہ ہونے دینا - مرد کے چہرہ کی طرف بنظر ندامت و یاس نظر کرنا - ہاتھ پیر ڈھیلے کرنا اور پیر پھیلا دینا - ادھر ادھر دیکھنا - استفراغ کے بعد حمام یا گرم پانی سے غسل کرین اور کوئی چیز شیرین یا کوئی معجون مقوی کھائین - مرد کو جوش کیا ہوا گاڑھا دودھ آدھ سیر شہد خالص دو پاؤ ملا کے پینا چاہیے ایضاً ایک دانگ مومیائی - ایک چھٹانک شہد میں ملا کے پینا ایضاً ثمر یا گیکو فتہ پاؤ سیر - دودھ ڈیڑھ سیر مین چھوڑ کے جوش کرین جب ایک ثلث رہجائے نوش کرین معجون یہ مقوی بصر ہے اور اعضا رئیسہ کی تقویت کیواسطے بہت مفید ہے - دارچینی سنبل الطیب پستہ کے اوپر کا چھلکا - جوز بوا - مغاث - خولنجان - بہمن سرخ بہمن سفید - شقاقل دو دو ماشہ - تودری بادرنجبویہ - گاؤزبان - ہر ایک تین درم مصطکی - زرنب - ہیل - سونٹھ - لونگ - اسارون - سانفج - ہندی کباب چینی - پوست ترنج - درونج - رومی مصطکی - زرانباد - صندل سفید صندل سرخ - حب القلقل انیسون - نعناع - بسباسہ - ہلیلہ سیاہ - بوزیدان - زعفران - ماہ قرفین - کہربا مروارید نا سفتہ مرجان کھرل کیے ہوئے ہر واحد دو درم سعد کوفی - ورق گل سرخ ہر واحد چار درم - ماہی رو بیان خصیۃ الثعلب تودریین - ہر واحد پانچ درم - مشک آدھا مثقال - عنبر اشہب ایک مثقال - ورق طلا تیس عدد - ورق نقرہ پچاس عدد - قند و شہد مساوی الوزن سب دواؤن سے چند معجون تیار کرین اور یہ سے مربے اور مغز لائین خاگینہ بوعلی سینا نے اس نسخہ کو بمنزلہ اکسیر کے لکھا ہے - مغز کنجشک - مغز کبوتر بچہ - ہر واحد پچاس عدد - زردی چڑیا کے انڈون کی تیس عدد - زردی مرغ کے تخم کی دس عدد - ماء اللحم - جو جوان بکری یا بکرے کے گوشت کا ہو دس سیر - عرق خالص پیاز کا صاف نو تولہ لین - آب ترہ تیزک پندرہ تولہ - گائے کا گھی تین چھٹانک

قند یا شہد ملا کے کھائیں اور جو چیزیں مقوی دل و دماغ ہیں نوش کریں

## بارھوان باب آداب صحبت کے بیان مین

صحبت استفراغ کلی ہے اور غرض اوس سے طلب اولاد اور بقای صحت ہے ایک طبیب کا قول ہے
کہ ایک ایک قطرہ نطفہ کا ایسا گوہر بے بہا ہے کہ اس سے روح اور جان پیدا ہوتی ہے پس اسکو برباد کرنا نادانون
اور حیوانون کا کام ہے قربت مین اگر مرد اور عورت کا ساتھ انزال نہو طرفین کو لذت حاصل نہین ہوتی
اور نہ قیام حمل کا ہوتا ہے جو خاص غرض صحبت سے ہے بلکہ مرد کی ایسی صحبت عورت کی نفرت طبیعت اور
نقصان کا باعث ہوتی ہے مردون کو اس امر کا ضرور خیال چاہیے کہ مقصد ہاتھ سے نجانے پاوے
حظ صحبت تین باتون پر موقوف ہے اول دست بازی جیسے آغوش مین لیکے دبانا اپنی طرف کھینچنا دوسرے
سامان مہیج شہوت عورت کا چھونا اور بوسہ لینا تیسرے طلا یا کھانے پینے کی دواؤن سے آلہ تناسل کا
قوی اور شہوت انگیز اور ممسک کرنا امساک سے اگرچہ ابتدا مین لذت اور لطف زائد حاصل ہوتا ہے
مگر آخر کو باعث ضرر ہوتا ہے اور اکثر جن لوگون کو امساک ہوتا ہے انکی اولاد نہین ہوتی قبل مباشرت
کے پہلے مرد اور عورت کو بول و براز سے فارغ ہو کے خوشبو ملنا چاہیے اور شب کو گوشہ اور تخلیہ مین
باحتیاط تمام اور اطمینان اور دلجمعی سے قربت مین مشغول ہون مرد اور عورت دونون کو شرمگاہون پر
نظر کرنا منع ہے کہ باعث نفرت طبیعت اور ضعف قوت و بصر ہے وصال خواہش صادق مین ہونا چاہیے
قربت بحالت حیض یا خلاف وضع اور زیادہ کشش اور گرفتاری اور نفرت اور خوشامد اور زبردستی اور
غم و ملال مین قربت او ساقط طبیعت کو ضعف شہوت کو ضعیف انسان کو مریض کرتی ہے بوعلی سینا نے ترتیب صحبت
اس طرح پر لکھی ہے کہ اول لطف ملاعبت اور معانقہ قربت کا مذکور ہو کہ طرفین کی شہوت ہیجان مین آوے
پھر عورت سے ہمکنار ہو اور آہستہ آہستہ دست بازی کرے جب آنکھون مین سرخی نمود ہو اور عورت کی
شہوت خوب ہیجان مین آئے تو بہترین صحبت اختیار کرے جو قیام حمل کا باعث ہو جب علامات سے
معلوم ہو کہ اب عورت کا انزال ہوا تو آپ بھی موافقت کرے استفراغ کیوقت عورت کو تنگ آغوش مین
کھینچے اور جبتک اچھی طرح فارغ نہووے علیحدہ نہووے اس طرح کی صحبت انعقاد و قیام نطفہ کی
باعث ہے پھر عورت کو تھوڑی دیر تک پیر پھیلائے چت لیٹا رہنے دے بلکہ سو رہے تو اچھا ہے کہ قیام
حمل ہو اس طریقہ کے سوا اور جتنے طریقہ صحبت کے ہین سب واہیات اور باعث ضرر اور مضر صحت ہین

یعنے سنبل رومی قصب الذریرہ سورنجان ورق الغار سعد - عود - بلسان - سنبل رومی - لک مغسول
سافیج - برگ مورد - اذخر - راسن ابہل - قردمانا - مرزنجوش مساوی نیمکوفتہ ایک شبانہ روز شراب یا پانی
مین بھگو کے چھانکے اوسی کے ہموزن روغن کنجد ملاکے جوش کرین جب پانی جل کے روغن رہجاے
ہر روز لگاوین صفت روغن سوسن سلیخہ - قسط - حب بلسان - زعفران - رومی مصطکی - ہر واحد
ایک وقیہ زعفران کے سوا سبکو کوٹکے صاف تین پھول سوسن کے اور ایک من طبی روغن زیتون یا روغن کنجد
ملاکے ایک شیشہ مین چالیس روز دھوپ مین رکھکے ہر روز لگایا کرین صفت روغن سوسن سوسن کے
تین پھول زرد کی سری علیحدہ کرکے ڈیڑھ رطل روغن کنجد - سلیخہ - حب بلسان - قسط - ہر واحد دس درم - قرفہ
لونگ - مصطکی - ہر واحد پانچ درم - کوٹکے اور زعفران دس درم اوپر سے ملاکے شیشہ مین چالیس دن تک
دھوپ مین رکھکے ہر روز لگاوین صفت ایارج فیقرا سنبل - دارچینی - سلیخہ - حب بلسان - عود بلسان
مصطکی - اسارون - زعفران - ہر ایک ایک حصہ صبر سقوطری ایک دواکے وزن سے دو چند یا سہ چند کوٹ چھانکر
دو درم - دوا شہد مین ملاکے سوتے وقت غذاسے دو گھنٹہ بعد گرم پانی سے کھاوین اطلاع فیقرا کے معنی تلخ ہین
اور چونکہ یہ دوا تلخ ہوتی ہے لہذا اس نام سے مشہور ہے حب قوقایا فیقرا - تربد - جوتت - سقمونیا - صبر سقوطری
ہر واحد ادھا درم - اندرائن کے اندر کا جالا تہائی درم ملاکے گولیان بناوین یہ ایک خوراک ہے اور
جن آدمیون کو بعد جماع کے درد سر ہوتا ہے اور آنکھیں خیرہ ہوجاتی ہین اونکے بدن مین کوئی خلط
بد ہوتی ہے اوسکے ابخرے جماع کی حرکت سے دماغ پر چڑہتے ہین اور بعضے آدمیون کو بسبب جماع کرنے یا حرکت زور کے
شراب کے پینے سے یہ عارضہ ہوتا ہے اونکا اول تنقیہ ایارج فیقرا اور حب قوقایا سے کرین جو پہلے لکھے ہین روغن گل اور
گلاب اور آب کدو سے دماغ کو قوت دین اور تھوڑا سرکہ سر پر رکھین اور غذا آب انار اور آب جو اور شوربا
اسکے سوا اور بعضی خشک غذا مین داخل کرنا سود مند ہے اور کافور اور گلاب اور صندل سونگھنا اور
اگر برداشت کر سکے تو تھوڑا کافور روغن گل مین حل کرکے ناک مین ٹپکاوین اور برگ بید بھی اور امرود اور گل سرخ
اور تھوڑا بابونہ اور اکلیل الملک جوش دیکے سر دہاوین اور جن آدمیون کو بعد جماع کے ماندگی
ظاہر ہوتی ہو اونکو چاہیے کہ گرم کپڑے سے اپنا بدن چھپائے رہین اور بعد فراغ صحبت
کے سو رہین اور پھر بہت دیر تک سوئین جب بیدار ہون حمام کرین اور غذائین مقوی کھاوین
اور آبہائے لطیف اور مقوی حسب مزاج کے اور ماء اللحم پیئین اور زردی بیضہ مرغ بریان شکر یا

ہوتی ہے سبب اوسکا یہ ہے یا مزاج اونکے اعضا کا مختلف ہوتا ہے اور مزاج آلات تناسل کا گرم اور تر
اور منی بہت پیدا ہوتی ہے اور مزاج معدہ وجگر ودل و دماغ کا ضعیف ہوتا ہے پس انکا علاج
ایسی چیزون سے کرنا چاہیے جو منی کو خشک اور کم پیدا کرین اور جو وہ لوگ یہ علاج ناپسند کرین
اور لذت جماع سے حظ اوٹھانا چاہین تو اونکے دل و دماغ اور معدہ کو معجون جیسے دوالمسک و
مثرودیطوس وغیرہ کھانے اور پینے کی چیزین جو معتدل ہین تجویز کرین اور اگر دل و دماغ بھی گرم ہو اور یہ
معاجین ناموافق ہون تو مفرح معتدل اجزا اور اطریفل کبیر دینا چاہیے اور صندل وگلاب بھی بہت
سونگھنا دل و دماغ کو قوت دیں اور ان اجزا کا استعمال کرین صفت اطریفل بزرگ پوست ہلیلہ کابلی۔
پوست آملہ مقشر۔ تخم کرفس جبلی ہر واحد چہار درم شیطرج ہندی۔ نانخواہ۔ صعتر ہر واحد دو اوقیہ سنبل الطیب
حماماہیل درج۔ ہر واحد تین درم۔ دارچینی دو درم۔ فلفل سفید فلفل سیاہ۔ نارمشک۔ ملح ہندی۔ ہر واحد
آدھا اوقیہ۔ خردل ڈیڑھ اوقیہ خبث الحدید مدبر تین اوقیہ نوشادر آدھا درم۔ روغن بادام مین چرب
کرکے دواؤن سے سہ چند شہد ملاکے چالیس دن تک جو مین رکھکے استعمال کرین اور بعض آدمیون کا جماع سے
دل کانپتا ہے اور لرزہ یا رعشہ کے انفعالت ہوجاتی ہے تو انکو چند روز جاوشیر یونہ دو ماشہ سے ساڑھے
تین ماشہ تک تین تولہ مرزنجوش کے پانی کیساتھ دین اور اگر اون دواؤن سے جو رطوبت لزج کو خارج کرتی ہین پہلو
تنقیہ کرین تو مفید اور مناسب ہے اور دماغ کو مشک و عنبر اور روغن بان سے قوت دین اور آلہ تناسل پر
روغن قسط اور روغن ناردین اور روغن سوسن جسمین مشک و عنبر اور موتھا اور ابہل حل کیا ہو ملین صفت
روغن قسط یہ نسخہ حکیم مومن علی خان نے قرابادین کبیر سے نقل کیا ہے قسط تلخ۔ سنبل الطیب واحد بائیس
مثقال کوٹ کے روغن زیتون یا روغن کنجد ایک رطل اور ایک رطل پانی مین جوش دین جب روغن ہوجائے پھر
ایک رطل پانی ملاکے جوش دین اسی طرح تین بار پانی ملاکے جوش دین اگر پانی کے عوض عرق بہار نارنج یا
سونف کا عرق ملائین تو بہتر ہے بعدہ جندبیدستر۔ فلفل سیاہ۔ فرفیون میعہ سائلہ ہر واحد دس مثقال
اوسمین حل کرکے شیشے مین رکھین روغن قسط قسط دس درم۔ فلفل۔ فرفیون۔ ہر واحد تین درم۔ عاقرقرحا
چار درم۔ جندبیدستر۔ ڈیڑھ درم پہلے قسط اور فلفل کو کوٹ کے ایک شبانہ روز سو درم کیوڑے کے پانی
مین بھگوئین بعدہ مل کے چھان کے پچاس درم روغن زیت مین ملاکے نرم آنچ پر رکھین جب پانی جلکے
صرف روغن رہجائے۔ فرفیون وغیرہ پیسکے ملاکے خوب ملا اوتار لین اور استعمال کرین صفت روغن ناردین

کھانا سود مند ہے صفت مثرودیطوس مرکی۔ زعفران۔ غاریقون۔ سونٹھ۔ دارچینی کتیرہ
ہر ایک تین تولہ۔ بالچھڑ۔ کندر۔ رائی سفید۔ اگر خام۔ بلسان۔ اسطوخودوس۔ سیسالوش۔
کوٹ۔ کمافیطوس۔ کندر۔ علک البطم۔ پیپل۔ ریش برگد۔ جندبیدستر۔ تیزپات۔ سلارس۔ اذخر
جاوشیر ہر ایک دو تولہ چار ماشہ۔ سلیخہ۔ کچ۔ سفید مرچ سیاہ۔ سورنجان شیرین۔ جعدا۔
استوقوقندریون۔ موتھہ۔ اکلیل الملک۔ جنطیانا۔ روغن بلسان۔ حب بلسان۔ اقراص فرفیون
گوگل ہر ایک دو تولہ تین سات ماشہ۔ اشق۔ مصطگی۔ گوند ببول۔ کانفر اسالیون۔ بھلاوان۔
سونف۔ افیون۔ گلاب کے پھول۔ مشاطرامشیع۔ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ سونف سوی
بیج۔ تگر۔ خو۔ سکبینج۔ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ اقاقیا۔ ناف سقنقور۔ سوفاریقون۔ ہر ایک
پونے سولہ ماشہ۔ شراب ریحانی اوسیقدر کہ اوسمیں گوندھ سکے شہد خالص سب دواؤن کا
دوچند معجون بنائیں اور بعد چھ ماہ کے استعمال کریں قوت اسکی سات برس تک باقی رہتی ہے
صفت دواء المسک مصطگی۔ عود خام۔ پوست ترنج۔ دارچینی۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔
سک۔ جوزبوا۔ کبابہ۔ قاقلہ خیربوا۔ اذخر۔ تخم بادروج۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادرنجبویہ۔
تخم ہمام۔ تخم مرزنجوش۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد۔ کہربا۔ ابریشم خام مقرض۔ بہمن سرخ بہمن سفید
ہر واحد دس درم۔ مشک خالص پانچ درم۔ شیرہ کہربا ہلیلہ کابلی مین ملاکے استعمال کرین صفت
دواء المسک تلخ افسنتین رومی۔ صبر زرادند۔ ہر واحد چھ درم۔ نانخواہ۔ زعفران۔ تخم کرفس
ہر واحد چار درم۔ سنبل الطیب۔ سانج ہندی ہر واحد دو درم۔ جندبیدستر مشک۔ ہر ایک ایکدرم
کوٹ چھان کے صاف شہد مین ملائین خوراک ایک مثقال۔ شربت گاوزبان کے ساتھ
صفت دواء المسک شیرین زرانباد۔ درونج۔ ہر واحد دو درم۔ مروارید۔ کہربا۔ بسد۔ ابریشم خام
مقرض ہر ایک ڈیڑھ درم۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ سانج ہندی۔ سنبل الطیب۔ قاقلہ۔ قرنفل۔
جندبیدستر۔ اشنہ ہر ایک چار دانگ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ہر واحد دو دانگ۔ مشک ایک دانگ
کوٹ کے بغیر آگ پر پکے شہد ملا کے چاٹین۔ خوراک ایک مثقال اور گرم مزاجون کو کثرت جماع
مضر ہے اور بعض لوگ ایسے ہین کہ اونکو جماع نکرنے سے وسواس ہوتا ہے اور خیرگی چشم اور
امراض ظاہر ہوتے ہین اور افراط جماع سے خفقان اور غشی اور ضعف معدہ ہوتا ہے اور قوت ساقط

زیادہ کرتا ہے۔ زردی بیضہ مرغ۔ زردی بیضہ گنجشک نر۔ زردی بیضہ کبوتر ہر واحد سو عدد آدھ سیر
مسکہ گھی۔ زردی میں خوب لت کرکے پاو سیر گھی آگ پر چڑھا کے گرم کرکے زردیوں کو اوس میں بھون لے
پھر مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز چرونجی۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ ہر واحد آدھ پاو۔ شہد خالص ایک سیر
قوام قند سفید کا ایک سیر ملا کے۔ بعد ازاں دانے کے جاوتری۔ جوز بوا۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ الائچی سفید
لونگ۔ موصلی سفید۔ کالمراچ۔ ہر واحد ایک تولہ۔ کشمش۔ چھوہارا۔ ہر واحد پاو سیر ملا کے استعمال کریں
صفت ماء العسل شہد خالص ایک حصہ آب صاف دو حصہ نرم آنچ پر جوش دیکے کف نکالیں جب
دو ثلث باقی رہے اوتار لیں اور بعض طبیب ایک جزو شہد اور چار حصہ پانی کئی دن کا رکھا ہوا جوش
دیکے نصف رکھتے ہیں اور بعض ایک جزو شہد اور دس حصہ پانی کئی دن کا رکھا ہوا جوش دیکر ایک ثلث
رکھتے ہیں۔ لکھا ہے کہ عاشق یا جنکو جماع سے حظ زیادہ حاصل ہوتا ہے اور جو مدت سے تارک جماع ہوں
اور بھوک اور ماندگی میں جماع کرنا اور بوڑھوں اور صاحب سل اور ناقہ آدمیوں کے جماع کرنیسے یکبارگی
قوت ساقط ہو جاتی ہے پس جسکی قوت ساقط ہوا اگر وہ جوان اور تندرست ہو اور موسم گرما ہو تو سرد پانی
میں بٹھیا اور اوسیوقت نکلنا اور نہانا سودمند ہے جن لوگوں کے جسم میں بعض خلطیں سبب ہوں اور
بسبب حرارت اور حرکت جماعی کے وہ خلطیں گرم ہو جائیں اور بدن کو گرم کریں تو ابتدائی خارش میں
لرزہ ہونا اوسکی علامت ہے پہلے خلطوں سے بدن کو پاک کریں اور حرارت غریب کو تسکین بخشیں اور
سرد اور تر مزاج کے ضعف کا تدارک گرم معجونوں سے جیسے مثرودیطوس اور دواء المسک اور
مقوی باہ معجونوں سے اور سقوط قوت اور غشی کا تدارک ماء اللحم اور دیگر ادویہ گرم سے کریں اور
کباب اور بریانی اور خشک قلیہ جسمیں سونٹھ اور سیاہ مرچ اور دارچینی پڑی ہو کھلائیں تا الحرارت
غریب دفع ہو اور رنج و ریاضت سے جو بدن گرم کرے اور گرم غذاؤں اور گرم و خشک معالج سے
پرہیز کریں اور آسایش چاہیں اور غذا میں کدو و ترہ اور پالک اور چھولی ہوئی ماش کی دال اور
آشجو اور تازہ دہی اور گوشت کاہی اور حلوان اور مرغ فربہ اور زردی بیضہ مرغ نیم برشت
اور مچھلی تازہ نہایت موافق ہیں اور میوؤں میں انگور پختہ تر و تازہ اور امرود اور سیب کھانا اور
نیم گرم پانی میں بیٹھنا اور روغن بنفشہ اور روغن یاسمین ملا کے ملنا اور باہ کی دواؤں میں سے دودھ اور
ترنجبین نہایت موافق ہے اور دودھ تازہ اور شکر باہم ملا کے جوش کرکے میدہ کی روٹی سے

کہا باون عورتون سے ایک ایک ہفتہ کے بعد کہا اگر کسی شخص کو اس سے بھی زیادہ ہوس ہو
کہا کہ ایک شب صحبت کرے دو شب فارغ رہے کہا اگر ایک شب مین چار پانچ دفع اتفاق
ہو اکرے طبیب نے کہا درحقیقت ہر شب ایک بار بھی قوت مین نقصان صحت مین
زیان ہوتا ہے اسکو اختیار ہے جو چاہے کرے مگر کفن بھی اپنا ساتھ رکھے غرض صحبت سے
اولاد ہے پس یہ بھی مقصد حاصل نہوگا اور صحت مین بھی خلل ہوگا

## گیارھوان باب صحبت کے مضرت کا تدارک

سرد اور خشک مزاج آدمی کے لیے تری بڑھانیوالی تدبیرین عمل مین لائین غذا میدہ کی
روٹی اور گوشت بزد خواہ شوربا خواہ کباب ور ہریسہ موافق ہضم کے کھائین اور غذا مین
خشک مصالح مثل سونٹھ - دارچینی - کالی مرچ اور الایچی ملائین اور گرم اور نرم بستر پر سوئین اور جب
کھانا ہضم ہو حمام کرین اور روغن یاسمین اور روغن خیری ملین اور شور اور ترش غذاؤن سے
پرہیز کرین اور زرد دودھ مین پکا کے شہد مین ملا کے پیین اور قوت یکبارگی ساقط ہوجائے
تو ماء اللحم یا یخنی گوشت مرغ کی اور زردی بیضۂ مرغ نیم برشت تھوڑا شہد اور دارچینی ملا کے
کھائین یا دوا المسک - ماء العسل مین ملا کے کھائین اور مشکین لخلخہ سونگھائین
ترکیب ماء اللحم دس سیر گوشت حلوان بکری کا خوب صاف کر کے ایک دیگ مین مع چار سیر
دہی و دھنیا اور املک پاؤ سیر جوز - جاوتری - دارچینی - لونگ - الایچی - ہر واحد دو تولہ
کوٹ کے پوٹلی باندھ کے گوشت مین چھوڑ دین اور عرق کی طرح کھینچ کے استعمال کرین اگر تھوڑا
گوشت ہو اور چاہین کہ مثل ماء اللحم کے عرق لین تو ایک سیر گوشت اور دسوان حصہ اون اجزا کا
جو اوپر مرقوم ہین لیکے ایک دیگچی کے اندر ایک پیالہ چینی کا رکھکے دیگچی کے مُنھ پر کپڑا
باندھ کے اوس کپڑے پر سب اجزا مع گوشت کے رکھکے اوسکے اوپر ایک سرپوش آٹے سے
بند کر کے رکھین اور بہت خفیف کوئلون کی آنچ دین اور دیگچی ایک ہنڈی مین ٹھنڈے پانی کے اندر
رکھکے جب پانی گرم ہو بدلتے جائین اور خیال رکھین کہ گوشت جلنے نپائے حلواے بیضہ
اس قسم کے جملہ امراض مین بہت مفید ہے دماغ و دل و جگر کو قوت دیتا اور خون اور باہ کا

دل و دماغ پر چڑھتے ہین تو ایسے آدمیون کو وہ بیماری جو عورتون کو ہوتی ہے یعنے عارضہ اختناق الرحم کے
مانند مردون کو بھی لاحق ہوتا ہے پہلے اعضا مین کسل اور گرانی محسوس ہوتی ہے اور بدن سرد
ہو جاتا ہے پھر عارضہ اختناق الرحم عارض ہوتا ہے۔ حکما نے غذا حلق سے معدہ مین پہونچنے کے بعد
چار استحالہ مقرر کیے ہین۔ پہلا ہاضمہ غذا معدہ مین پک کے عمدہ جُز اوسکا کیلوس جو آش جو کے مثل
ہوتا ہے کلیجے مین جاتا ہے اور فضلہ امعا قولون سے دفع ہوتا ہے۔ دوسرا ہضم جگر مین ہوتا ہے
اور عمدہ اوسکا کیموس دل مین جاتا ہے اور فضلہ اوسکا پیشاب ہوکے گردہ کی طرف سے دفع ہوتا ہے
اور تیسرا ہضم دل مین ہوکے عمدہ خون ہوتا ہے اور تمام اعضا مین پہونچتا ہے چوتھا ہضم اون اعضا
مین ہوکے جسم اون اعضا کا بنتا ہے۔ پس حکما نے صحبت کا وقت ہضم اول کے بعد مقرر کیا ہے
چونکہ ہضم ہر شخص اور ہر غذا کا یکسان نہین ہوتا اور طبیب کے سوا ہر شخص کو یہ امر جاننا دشوار تھا
اسواسطے معتدل الہضم کے واسطے تین گھنٹہ تک فصل مقرر کیا ہے۔ اور بعضے طبیب چار پہر
ہضم کے بعد صحبت کو جائز رکھتے ہین۔ مگر شیخ رئیس انکے خلاف ہین اور بالاجماع اطبا نے اس
بات پر اتفاق رای کر لیا ہے کہ غذا ہضم ہو جائے گر معدہ خالی نہونے پائے اور شہوت صادقہ ہو
اور طبیعت مائل اور قوت جسم کی سالم اور اعضا تندرست و قوی ہون بلا سبب اور بیرونی
خیال محبت اور رویت اور لمس و ملاعبت وغیرہ کے آلات تناسل مین انتشار ہو گا
مکان تنہا و تخلیہ کا اور سامان آسائش مہیا ہو معتدل در کیفیات اربعہ مین بھی اعتدال ہو
اس وجہ سے اگر غذا اول شب مین کھائی ہو تو بعد از نصف شب بہت اتفاق عمدہ ہے اوسوقت
غذا بھی ہضم ہو جائیگی معدہ بھی خالی نہو گا اور قوی درست اور طبیعت درست ہوگی اگر ایسی
حالت مین قیام حمل ہو تو اولاد دانشمند عاقل مزاج تندرست ہوگی اور بلحاظ تعداد کے [illegible]
مین بھی فصل کرنا چاہیے۔ ایک جوان نے کسی طبیب سے پوچھا ہر ہفتہ مین مقدار صحبت کیا جائز
طبیب نے جواب دیا دو سال کا جوان نے کہا اگر شدید شہوت کہا دو عورتین کرے ایک ایک
سال فصل دے پوچھا اگر اس سے آسودہ نہو سکے کہا پانچ عورتون سے تین تین مہینے
فصل دیکے کہا اگر اس سے زیادہ کی قوت ہو جواب دیا کہ بارہ عورتون سے ایک ایک مہینہ فصل
دیکے جوان نے کہا اگر کسی شخص کو اس سے بھی سیری نہو اور شہوت سے بیتاب ہو حکیم نے

متحیل ہوکے درد کمر اور جوڑون کے درد اور عرق النسا میں مبتلا کرے گا اور درد گردہ مین باعث ضعف اور امراض گردہ اور مثانہ مین ضعف قوت اور امراض مثانہ اور کثرت کی حالت مین منی الدم مین گرفتار کرے گا اس نظر سے خلا کا استفراغ بدتر ہے اور کثرت صحبت مین رطوبت عزیزی خرچ اور بدن خشک اور انہین اسباب سے حرارت غریزی قوی اور قوی ضعیف اور بدن کا رنگ زرد اور نحیف ہوجاتا ہے اگر کوئی خلط فاسد پیدا ہووے تو بعد قربت اور اور کبھی قبل لرزہ ظاہر ہوتا ہے پس اعتدال کے ساتھ جماع و اوٹھانا اور معدہ اور اعضا کی قوتون اور حفظ صحت کا لحاظ رکھنا ضرور چاہیے کہ صحت ہی پر دارومدار حیات کا ہے جب دماغ اور بصارت اور قلب مین ضعف ظاہر ہو تو اس سے احتراز لازم ہے

## دسوان باب منافع اور اوقات صحبت کے بیان مین

قربت استفراغ طبعی ہے اگر خواہش صادق مین اتفاق ہو تو فضلات بدن دفع ہوتی ہین اور بدن سبک اور غذا زیادہ قبول کرنے پر مستعد ہوتا ہے اس وجہ سے کہ ہضم ثالث کے بعد جسم مین اگر کوئی شے کم ہوتی ہے تو طبیعت اوسکی طلب کے واسطے حرکت کرتی ہے اس وجہ سے بھوک بھی کھلجاتی ہے اور ہضم بھی اچھی طرح سے ہوتا ہے اور اعضا معدہ غذا قبول کرتے ہین اور بدن قوت پاتا اور ترقی کرتا اور قوت عصبانی اعتدال پر پھر آتی ہے اور ترک صحبت سے انسان طرح طرح کے مرضون مین گرفتار رہتا ہے مثلاً جب انسان باوصف قوت اور خواہش طبعی کے احتراز کرتا ہے تو منی متعفن ہوتی ہے اور اوسکا بخار دل اور دماغ کی جانب جاتا ہے اور اسکے سبب سے درد اور دوران سر اور ضعف بصارت ثقل بدن خفقان قلت اشتہا کثرت بیخوابی اور بڑی بڑی فکرین اور اندیشہ اور اعراض مالیخولیا لاحق ہوتے ہین یا امتلا مواد انثیین اور قضیب اور ورم اور پھنسیون اور قرحون مین مبتلا ہوتا ہے یا اون لوگون کو جنکی حرارت غریزی قوی ہو بعض عارضے دباتے ہین پس یہ سب باتین استفراغ طبعی صحبت سے دفع ہوجاتے ہین بعض شخص ایسے ہوتے ہین کہ مدت تک اونکو استفراغ کا موقع نہین ملتا اور منی اونکی ادعیہ مین متحیل ہوتی ہے اور بخارات اوسکے

معدہ بدہضمی تخمہ۔ ہیضہ۔ ضعف تپ اور اون سب عارضون مین جنکا علاج صحبت نہین ہے اور
مسہل اور حمام اور بول و براز اور بعد احتلام کے بغیر نہائے اور غشی اور ریاضت اور کسل راہ
اور سخت گرمی اور زیادہ سردی اور سرد ہوا اور بدخوابی اور خفقان اور
بدمستی۔ اور خمار۔ بڑھیا۔ اور حاملہ سے۔ اور احتباس۔ اور حیض و نفاس۔ اور بیمار
اور غشی۔ اور حالت خواب۔ اور آندھی۔ اور پانی۔ اور غم۔ اور غصہ۔ اور سخت اندھیری۔ بے پردہ
اور میدان۔ اور چاندنی مین صحبت منع ہے۔ اور حیوانون۔ اور مردہ۔ اور مردون سے فعل کرنا
سخت عارضون کا باعث اور ممنوع ہے جس جوان عورت کا مدت سے مرد سے اتفاق نہوا ہو
فوراً اوس سے وصل بچانا ہے۔ بدصورت اور بدمزاج اور دوشیزہ باکرہ عورتون کی صحبت اکثر مکدر
اور ملال کا باعث ہوتی ہے خشک اور لاغر اندام اور کمزور کو کثرت سے قربت نکرنا چاہیے کہ رطوبت
اصلی خرچ ہو کے حرارت اعضا مین مستولی ہو کے دق کی نوبت پہونچائیگی یا حرارت غریزی اور
رطوبت اصلی ضائع ہو کے دق شیخوخیت ہوجائیگی فربہ اندام بلغمی مزاج اگر کثرت سے مشغول رہیگا
تو وہ اگرچہ دق سے محفوظ رہیگا مگر اور مہلک عارضون مین گرفتار ہوگا بوعلی سینا خلا مین
کثرت صحبت کو زیادہ مضر اور بدتر لکھتا ہے وہ کہتا ہے کہ خلا مین کثرت صحبت سے دیکھا کہ بجای
منی کے خون استفراغ ہوا اور وجہ اسکی یہ ہے کہ کثرت اور پیہم استفراغ سے جب مثانہ
خالی ہوا تو اوسنے پیہم غذا گردہ سے طلب کی اور گردہ خالی ہوا تو جگر سے غذا کا طالب ہوا
اور جگر خالی ہو کے معدے سے غذا چاہتا ہے اور معدہ پیہم غذا دینے سے عاجز ہوا تو
خام غذا دیتا ہے اور یہ خام غذا طرح طرح کی آفتین ظاہر کرتی ہے جگر مین پہونچی تو
سدہ پیدا کیا اور ورم جگر کا باعث ہوتی اور یرقان یا استسقا ہوجاتا ہے اور جگر سے
جب خون پیدا ہو کے دماغ مین پہونچا تو دوار سر۔ سکتہ نسیان۔ فالج۔ لقوہ رعشہ
وغیرہ ضعف اعصاب اور عوارض دماغ کا باعث ہوگا اور اگر وہ خون خام دل مین وارد ہو تو
اوسکی رطوبت فاسد مثل غلاف کے ہو کے خفقان کا باعث ہوگی اور جب پھیپڑی کی جانب
رجوع کریگا تو نزلہ ضیق النفس سل کا باعث ہوگا اور حجاب مین وارد ہو کے ذات الجنب
ہوگا اور طحال مین سدہ اور ورم صلب اور یرقان اصفر پیدا کریگا اور وہ جوڑون مین

ایضاً کتیرہ سفوف کرکے پھانکنا یا بھگوکے یا شربت مین شریک کرکے کھانا مقلل منی ہے
مگر کتیرہ بجز گرم مزاج اور جوان کے کمزور اور ضعیف کو ہرگز نہ دین ایضاً کافور مشموماً اور اکلاً
مقلل منی ہے مگر یہ بھی بجز جوان حار مزاج کے ضعیف المزاج کو نہ دیا جائے اور کافور بغیر مسا
کیے ہوئے استعمال نکرین اور مساعد کی ترکیب یہ ہے ص پانچ تولہ کافور کو مع ایک لونگ کے
پھول کی تھالی مین بیچ مین رکھکے اوپر سے ایک کٹورا پھول کا اوندھائین اور اطراف کٹورے
کے مٹی یا آٹے سے بند کرین کٹورے کی پشت پر پینڈول مٹی لگائین یا تہ بتہ کپڑا بھگوکے رکھین اور
تھالی کے نیچے چراغ اس طرح سے جلائین کہ نیم چراغ کی کافور کے نیچے رہے اور پشت کٹوری کی
جب خشک ہو یا پانی کا پوچارا پھیرین یا کپڑا تر کرین پس جسقدر کافور تھالی سے اوڑکے کٹورے
مین لگجاے وہ کافور مساعد ہے پانچ تولہ مین ڈیڑھ تولہ انتہا دو تولہ نکلتا ہے

## نوان باب صحبت کے ضرر کے بیان مین

ابتداے شب مین معدہ پر اور عروق ممتلی ہوتے ہین اسوقت کی قربت مختلف عارضون کا
باعث ہے جیسے لقوہ - فالج - وجع مفاصل - نقرس عرق النسا - قولنج - ریگ سنگ گردہ
و ریگ سنگ مثانہ وغیرہ اس وجہ سے کہ غیر منہضم غذا عروق مین پہونچتی ہے اور وہی سدہ کا باعث
ہوتی ہے اور جب معدہ خالی ہو تو قربت بدن کو خشک قوی کو ضعیف اور قوت کو زائل کرتی ہے
آخر شب اس کام کے واسطے بہتر ہے یہ اعتدال کا وقت ہے اور حرارت اور برودت اور یبوست اسوقت
درجہ اعتدال پر ہوتی ہے اگر حرارت کے غلبہ مین مباشرت ہو تو اس حالت مین جو حرارت حادث
ہوگی او سمین ملکر بدن کو گرم اور تحلیل زائد کریگی اور سردی غالب ہوگی تو جو برودت بعد صحبت
کے حرارت شہوت فرو ہونے سے حاصل ہوگی اوسمین ملکے سردی کو غالب کریگی اور یبوست
غالب ہوگی تو جو یبوست بعد قربت کے حاصل ہوگی اوسمین ملکے خشکی مزاج کا باعث ہوگی اور
درد سر اور تپ پیدا کریگی اور اگر ان اوقات مین از روی خطا مباشرت کا اتفاق ہو یا اکثر
خلا مین قربت ہو تو امتلا و حرارت و برودت و یبوست ہوگی اور امتلاء معدہ کا ضرر تو کم ہوگا
مگر خلا کا ضرر ان سب سے زیادہ ہوگا کیونکہ خلاء معدہ اور یبوست دونون قوت ساقط ہونیکا
باعث ہین اور برودت حرارت غریزی کے منطفی ہونیکا سبب ہے اور یہ ضرر سب سے قوی ہے خلاء

اور وہ ابخرے دماغ مین پہونچینگے تو دماغ ضعیف اور فاسد ہوگا پس اگر جماع پر ملازمت کریگا
تو دماغ اور اعصاب مین ضرر ہوگا اور اس نوع کی علامت کسی عضو رئیس مین ضعف پایا جانا
اور اعضاء منویہ مین قوت کا ہونا پس اگر دماغ مین ضعف ہو تو پریشانی حواس اور
فساد فکر وغیرہ ظاہر ہونگے اور اسی طرح اور آثار ہین کہ ہر عضو ضعف کے واسطے مخصوص ہین
جب ضعف ظاہر ہوگا وہی آثار ظاہر ہونگے علاج اگر اعضاء منی کے ساتھ برودت اور
نفخ ہو نیلوفر برگ کاہو کے پانی مین پیس کے ضماد کرین اور تخم سُداب - جند بید ستر
اور اجوائن خراسانی سفید ایک درم آب سرد سے پھانکین ایضًا آب نیلوفر سے
نطول کرین پانچوان سبب بثور یا قروح یا خارش کا ادعیہ اور مجاری منی مین حادث
ہونا اور اوسکے دغدغہ کے سبب سے شہوت ہونا علامت اوسکی صحبت سے شہوت زیادہ اور
انزال بسرعت ہونا اور بعد انزال کے بھی شہوت قائم رہنا اور جب بثور مین قرحہ ہو تو آثار اوسکی
اور درد اور تکلیف ہونا خصوصًا انزال کے وقت اور علامات زخم کے بھی پائے جائین
جیسے چھلکون اور پیپ کا پیشاب مین اور یون بھی نکلنا علاج اگر کوئی امر مانع ہو
تو فصد لین اور عقر ادفع ہونیکے واسطے مسہل دین اور تعدیل مزاج کے واسطے شیرہ تخم خرفہ -
تخم کاہو بہتی امرش سفید - لعاب اسپغول - تقوع بنفشہ ملا کے پلائین اور قضیب کو بہت ٹھنڈے
پانی مین ڈبوئے رہین چھٹا سبب بدن مین نفخ زیادہ پیدا ہو کے باعث شہوت ہو جیسا کہ اکثر
مراق والون کو ہوجاتا ہے اور اوسکی علامت شہوت شدید اور مقدم نفاخ چیزون کا کھانا
اور باوصف اوسکے اگر اصل مزاج مین اوس مریض کے نفخ ہو صاحب اوسکا سوداوی
مراقی مین مبتلا ہو تو اس نوع کے وجود پر دلیل قوی ہے علاج اگر تبخیر اور نفخ کا سبب
قوت حرارت ہو تو مبردات دین جیسے شیرہ تخم کاہو - تخم خرفہ - تخم کاسنی - پانی مین پیس کے
پلائین - اور اگر سبب اوسکا ضعف حرارت اور اکثر رطوبت ہو تو چیزین خشک اور ریاح
تحلیل کرنیوالی ہون اوسکو استعمال کرین اور اگر کثرت سودا اسکا باعث ہو تو استفراغ کے
واسطے فصد باسلیق کھولین اور افتیمون کا جوشاندہ پلائین مقلل منی مولی خام شکر یا نمک سے
سنبھار کر کھانا مقلل منی ہے اور جسقدر ترشیان ہین وہ مقلل منی ہین جیسے انبہ اور املی وغیرہ

دھنیا خشک۔ اژدبلوط۔ نیلوفر۔ تخم خرفہ۔ صندل۔ سماق۔ گلنار۔ طباشیر۔ مسور مقشر۔
گلسرخ۔ کافور۔ سفوف بنا کے پھانکین اور جو چیزین مقلل منی ہین استعمال کرین اور تبرید
پشت اور گردہ اور رادعیہ منی کے واسطے اقاقیا۔ گل ارمنی۔ طراثیث۔ گلنار۔ آب آس مین
ملا کے پیٹھ اور گردہ پر ضماد کرین اور برگ پالکھان بید یا برگ نیلوفر علیحدہ علیحدہ یا شریک
کرکے بستر پر بچھاوین اور برہنہ پشت او پر چت سوین اور سیسے کا ایک ٹکڑا گردن پر باندھنا
بالخاصیت مسکن شہوت ہے دوسرا سبب بسبب لذع اور ہیجان سے
منی مین حدت پیدا ہو اور اوسکے خروج کے تقاضے سے شہوت زیادہ ہو اوسکی علامت
حرقت بول اور سرعت انزال اور اخراج کے وقت حرقت اور لذع محسوس ہونا اور اوسکے بعد
بدن مین ضعف عارض ہونا علاج کدو اور خرفہ اور کاہو اور خیار بادرنگ اور مثل انکے جو چیزین
بارد مقلل منی اور تھوڑی مخدر ہون جیسے پوست خشخاش اور پوست بھنگ فائدہ
کرتی ہین اور کھٹا دہی بینا اور سرد پانی مین بیٹھنا اور نہانا نافع تر ہے اور وہی طلا اور ضماد
جو پہلے سبب مین مذکور ہین تیسرا سبب رطوبتین جو منی ہونے کے واسطے مستعد ہون
زیادہ ہون اور باوجود ضعف بدن اور قلت خون اور فتور قوی کے شہوت غالب رہے
علامت اوسکی بخارات اور رقت سفیدی منی اور کثرت نفخ ہے علاج گرم دوائین جو منی کو کم کرتی ہین
جیسے کلونجی۔ تخم سداب۔ تخم سنبھالو۔ پودینہ۔ مرزنجوش۔ اور مانند اوسکے استعمال کرین
کہ رطوبت تحلیل ہو اور جوارش کمونی بہت مفید ہے اور بادشکن غذائین جیسے تیتر بٹیر
کبک۔ اور مثل اوسکے نافع ہین چوتھا سبب اعضاے منی قوی ہون حالانکہ اور
اعضاے رئیس ضعیف رہین اور تھوڑی رطوبت ہو مگر بدن اپنی حالت پر رہے اور ظاہر ہے
کہ جب بدن اپنی حالت پر ہوگا اور منی قوی قوت شہوت ہوگی اگرچہ بعض عضو رئیس
ضعیف ہون مگر جب عضو رئیس ضعیف ہونگے تو ہمیشہ ایسی حالت مین استفراغ منی سے
ضرر ہوگا مثلاً جس شخص کا دماغ اور اعصاب ضعیف ہون اور اعضاء منی قوی اگر صحبت
ترک کرے تو منی بہت جمع ہوگی تبخیر کا باعث ہوگی جو کثرت مادہ مرطوب معمول الحرارت کیواسطے
ضرور ہے اور قبول انفعال کے سبب سے کہ جو ضعف کیواسطے ضرور ہے ابخرہ بلند ہونگے

گلاب خرفہ اور کاہو کے پتون کے عرق مین مع مسور بختہ پیس کے قفیبلہ و بیگاہ اور انثیین
اور عانہ پر ضماد کرین اور تخم کاہو اور تخم خرفہ مساوی بالاشتراک یا علیحدہ علیحدہ پانی مین پیس کے
پلائین اور جو تدبیرین خون کو لطیف کرتی ہین عمل مین لائین حکیم جالینوس کا قول ہے کہ ایک
شخص کو یہ عارضہ ہوا مین نے موم خالص گل روغن مین ملا کے لگایا فضل خدا سے جلد شفا پائی
اور دوسرے مریض کی فصد کھلوائی اور نیلوفر کی جڑ اور سنبھالو کے بیج مساوی پیس کے پلائے
اور جنگلی بابونہ کا لیپ لگایا اور اچھی طرح پرہیز کرایا اچھا ہو گیا اور انتہا مین اس عارضہ کے واسطے
گل سُداب اور تخم سُداب ضماداً اور شرباً مفید ہین - اور بو علی سینا اور بعض اطبا نے اس
مرض مین جماع سودمند لکھا ہے تاکہ مواد اور ریح دفع ہوتی رہے اور بستر کتان اور برگ گل تر
اور برگ بید تر و تازہ پر ننگی بیٹھے سوتا اور سیسہ کا ایک ٹکڑا اریڑھ پر کمر کی جگہ باندھنا اور اجزا
محلل کا نطول مفید ہے اور تیسرے سبب کا علاج فصد باسلیق و ہفت اندام اور صافنین
کھولنا اور قے کرانا اور بنفشہ خشک اور املتاس اور مکو کے بیج اور ہنسراج سے طبیعت
نرم رکھنا اور گلقند گلاب جھوہارا اور لسوڑا اور خطمی اور آلو بخارا بھگو کے پلانا مفید ہے

## آٹھوان باب کثرت شہوت کے بیان مین

زائد خواہش صحبت کو کثرت شہوت کہتے ہین اور اوسکے چند سبب ہوتے ہین پہلا سبب
بدن کے ممتلی اور خون اور منی کے زیادہ ہونیکے سبب سے علامت اوسکی قوت بدن اور
سرخی رنگ اور باوجودیکہ احتلام اور صحبت مین منی کثرت سے خارج ہو مگر ضعف کم معلوم ہونا
پس اگر کثرت شہوت جوانی مین بدن کی قوت اور صحت مزاج کے ساتھ ہو اور صحبت مین ضعف
اور ضرر نہو تو اوسکے موقوف کرنیکی تدبیر نکرین اس وجہ سے کہ شہوت کا بلا ضرورت توڑنا مزاج کو
ضعیف اور قوت کو سست اور روح کو کم کرتا ہے ہان اگر ضعف اور ضرر ظاہر ہو تو فرو کرنا
اور اسکا علاج ضروری ہے علاج فصد اور مسہل لین اور پانی اور غذا مین قلت کرین اور غذا
مائل بہ ترشی زیادہ کھائین اور آب عناب یا آب انگور یا آب مسور یا آب غورہ یا آب انار ترش اور
سرکہ بالاشتراک یا علیحدہ علیحدہ پلانا مفید ہے اور کاہو کے بیج اور [illegible] کے بیج شاہدانج

اور مسامات بند ہونے سے ہر وقت فضول جمع رہتی ہین اور تحلیل نہین ہوتے اور گاہ گاہ
رگین جو آلہ تناسل سے ملی ہین اونکا منہ فراخ ہو جاتا ہے اور مواد غلیظ اون رگون مین آکے
اس حالت کے مادہ کا مددگار ہوتا ہے اسباب اس بیماری کے غلیظ اور ترش اور
ریاح پیدا کرنے والی غذاءین ہین جیسے لوبیا۔ نخود۔ آب انگور۔ نیم برشت زردی بیضہ مرغ
اور چھیچھڑے وغیرہ اور اکثر اوندھا سونا بھی محرک شہوت ہے اور باہ کو برانگیختہ کرتا ہے
اور علت مذکور کبھی تو آرزوے جماع کے ساتھ اور گاہ بلا شہوت ہوتی ہے اور روز بروز
آلہ تناسل موٹائی اور طول مین بڑھتا جاتا ہے اس مرض کا جلد تدارک کرنا چاہیے کہ گرم ورم
حادث نہونے پائے اور بسبب شدت مشارکت دل اور دماغ کے ہلاکت کی نوبت نہ آئے
صاحب ذخیرہ اس مرض کے تین سبب لکھتا ہے پہلا سبب رطوبت غلیظ کے مادے کے
سبب سے اوسکی علامت امتلاء بلغمی کے علامات ہین اور جو اوسکے علاج ہین وہی اسکے
واسطے بھی مفید ہین دوسرا سبب خون کے ازدیاد مادے کے سبب سے اور علامت اوسکی
آثار غلبہ خون اور لمس گرم اور رنگ سرخ اور جو علاج خون کے کم کرنے والے ہین وہ
مفید ہونگے تیسرا سبب ریاح ہے جسکے سبب سے عضو تناسل کا طول اور ضخامت مین حد سے زائد
بڑھنا اسکے علاج مین غفلت ہونے سے عضو تناسل بے انتہا بڑھ جاتا ہے اور اختلاج
پیدا ہوتا ہے اور اوعیہ منی کھنچ جاتے ہین اور ورم گرم پیدا ہوتا ہے پیٹ مین پیچ اٹھ جاینگی
اور پسینہ سرد آئیگا اور موت قریب ہوگی سب سے اول مین چند بار متواتر اور مبالغہ کے ساتھ قے
کرائین اور نیچے کے اعضا کی مالش کرین اور نٹون کی طرح اونٹنی کی ریاضت کرین تاکہ وہ
تحلیل اور دفع ہو اور اوپر کی طرف مائل ہو اور لطیف غذا قلت سے کھائین اور اجزاء مکسر ریاح مقلل
منی کا استعمال کرین اور مفید اور محلل ضماد آلہ تناسل اور اوسکے حوالی مین لگائین اور صحبت کے
خیال سے باز آئین مگر جب ترک صحبت سے ایسے ضرر پیدا ہونیکا شبہہ ہو جو ترک جماع سے
واقع ہوتا ہے تو جماع کرنا مضائقہ نہین اور دوسرا سبب جو مادہ خون سے ہوتا ہے اوسمین اول
فصد لین بعدہ متواتر قے کرائین تاکہ وہ مقامات علت سے دفع ہوکے اوپر کیطرف پہنچ جاے
اور بیج سنبلو فر اور بیج اذخر اور سنبھالو جوش کرکے پلائین کہ پیدایش منی کم ہو اور سرکہ اور

لمس زیادہ ہون اور ایسے مریض کی اولاد بھی اکثر ناقص العقل ہوتی ہے بخلاف اون لوگون
کے جو لذت صحبت سے متنفر ہون جیسے حکما وفضلا وغیرہ اونکی اولاد کامل فکر وعقیل
ہوتی اور سب قویٰ درست ہوتے ہین اور یہ مرض اونھین اسباب سے اکثر عورتون کو
بھی لاحق ہوتا ہے علاج دل اور دماغ و اعصاب کو قوت دین اور جماع پر حریص
نہون اور صحبت سے قبل پاخانہ اور پیشاب سے فراغت کرلین اور رامک و گلنار
اور گوند ببول اور کندر کا شیافہ لیا کرین خصوصًا صحبت کے وقت اور روغن بابونہ روغن
ناردین خصوصًا روغن ابہل پاپخانہ کی جگہ ملنا اور مرہم قوابض رانکے مقام پر لگانا
مفید ہے صفت روغن ابہل ابہل کی بونڈیان ۔ جوز السرو ۔ برگ بید ۔ عاقرقرحا
مرزنجوش ۔ اکلیل الملک ۔ بھلاوان ۔ اذخر سب مساوی الوزن کوٹ چھان کے
ہ گنے پانی مین جوش دین جب چہارم رہے چھان کے اور پانی کا چہارم روغن سداب
ملاکے نرم آنچ پر پکائین کہ پانی جل کے روغن رہجاوے بعدہ جند بید ستر اور ابہل مین کے
اوس مین ملاکے رکھ لین مرہم قابض روغن بہی ۔ روغن حنا چار چند اور کہربا
اقاقیا ۔ برگ حنا ہر واحد ایک حصہ باریک پیسکے روغن مین شریک کرکے مرہم کی طرح
بناکے ہر روز لگائین چونکہ کثرت لذت اس علت کو بڑھانے والی اور صفائی [illegible]
ازدیاد لذت کا باعث ہے اسواسطے نامرغوب اور بارد الموضع عورتون کی صحبت سے
نفع ہوتا ہے یہی دوائین عورتون کو بھی مفید ہین

## ساتوان باب فریسموس کے بیان مین

بقول حکیم محمد اکبر ارزانی یونانی زبان مین فریسموس ایک کھلونے کا نام تھا جسکا آلۂ تناسل استادہ
بنا تھا اور یہ رواج تھا کہ عروس کو پہلے اوس سے کھلاتے تھے اس سبب سے اس مرض کا
یہ نام رکھا گیا کہ اسمین بھی مریض کا عضو تناسل ہمیشہ سخت اور استادہ رہتا ہے اطبا اسکا
سبب کثرت ریاح غلیظ لکھتے ہین جو آلات تناسل اور اوسکے حوالی مین جمع ہوتے ہین
اور مواد اوسکا رطوبت غلیظ ہے جسکے ساتھ خفیف حرارت بھی ہوتی ہے اور کبھی پوست
قضیب ورانثیین اور اوسکے حوالی کے مسامات بند ہوکے اس علت کا باعث ہوتے ہین

دم الاخوین۔ طباشیر۔ ہر واحد دو درم۔ گلسرخ۔ گلنار۔ ہر واحد تین درم۔ کوٹ چھان کے دو درم آب سرد سے روز پھانکین۔ روغن عاقرقرحا سبھی اور مقوی اعصاب عضو تناسل اور کثرت احتلام کے واسطے مفید ہے۔ نسخہ عاقرقرحا۔ فرفیون۔ ہر واحد دو درم۔ قسط۔ زنجبیل۔ بسباسہ۔ پیپل ہر واحد ایک درم۔ مصطگی۔ جندبیدستر۔ افیون تین تین درم۔ روغن نرگس پانچ درم۔ سب اجزا کوٹ چھان کے روغن مین ملا کے روز لگائین

## پانچوان باب منی الدم کے بیان مین

کبھی منی [illegible] خون آتا ہے اور اس عارضہ کا سبب ہے انثیین کا ہاضمہ ضعیف ہو تاکہ انثیین مین منی [illegible] غلیظ خون کے داخل ہو کے سفید رنگ پیدا کرتی ہے جیسے چھاتی مین [illegible] احتلام یا صحبت کی حالت مین آتا ہے۔ کہ پیشاب مین اور کبھی کبھی جوش [illegible] ضعف [illegible] ہوتا ہے علاج گردہ اور انثیین کو قوت دین اور اگر ضعف [illegible] اور علامات حرارت ظاہر ہون تو روغن مصطگی بہت مفید ہے نسخہ مصطگی [illegible] روغن زیت یا روغن گلاب یا روغن کنجد مین ملا کے آتشی شیشی مین رکھ کے پھر آب دیگچی مین رکھ کے جوش دین جب پانی جل کے مصطگی گھل جائے کام مین لائین اور اگر سبب ضعف انثیین حار ہو تو روغن بادام کی مالش کرین اور سرد مباح بیول کا گوند۔ طباشیر کبود۔ گلنار۔ نہر مہرہ خطائی۔ دم الاخوین۔ گلسرخ۔ گل زرد باریک پیس کے شربت بزوری بارد ملا کے کھائین

## چھٹا باب غدیط کے بیان مین

عجائب الانتخاب مین لکھا ہے کہ یہ ایک مرض ہے کہ صحبت مین انزال کے وقت بلا ارادہ براز نکلتا ہے اور مقام براز اوسکو روک نہ سکے اور یہ مرض اکثر ایسے آدمیون کو ہوجاتا ہے جنکو صحبت مین لذت تام حاصل ہو اور اونکی منی انتہا درجہ رقیق اور گرم ہو اور خون بھی رقیق اور اعصاب سست اور ارواح کم اور عضلات ضعیف اور طبیعت کثیف ہو اور محسوسات

منی کہتے ہین اور علامت اوسکی یہ ہے کہ بعد صحبت کے جب پیشاب کرے کوئی چیز غلیظ سپید
با فراط بغیر ذوق اور لذت کے نکلے اور انزال مین بھی منی بہت ظاہر ہو اور سب علامات
جو ضعف گردہ اور سوء مزاج گرم کے ہین پائے جائین علاج جو کچھ دوا ضعف گردہ اور سوء مزاج کو
مفید ہو اس مرض مین بھی مفید ہے اور یہ قسم بدترین اقسام ہے تھوڑے ہی دنون مین انسان کو
ضعیف کردیتی ہے چھٹا سبب یہ ہے کہ جماع کی باتین سنین اور کثرت فکر دورمنی اور
مذی کا باعث ہو اور ایسا ہوتا ہے کہ اس کام کا خیال اعضای منی بھی حرکت پیدا کرتا ہے پس
اگر حرارت ضعیف ہو مذی خارج اور اگر قوی ہو تو منی سائل ہوگی مگر اسمین یہ شرط ہے کہ منی بہت ہو
یا ماسکہ اوعیہ منی ضعیف ہو یا منی مین حدت ہو اس وجہ سے کہ بدون ان چیزون کے تنہا حرکت
اعضا اخراج منی نہین کرسکتے علاج صحبت کے ذکر اور فکر سے باز رہین اگر مجرد ہو متاہل
کرین پس اگر منی بہت ہو کثرت جماع سے فائدہ ہوگا اور منی کی تقلیل کرنے والی چیزین
مفید ہونگی اگر ماسکہ ضعیف ہو تو مشروبات سے اوسکو قوت دین اور آلہ تناسل اور سیون
اور اطراف کو ادہان مقویہ سے سینکین اور اگر منی مین حدت ہو تبرید کرین انتباہ
کثرت احتلام کے بھی یہی سبب ہوتے ہین دوا کہ درور منی اور مذی اور ودی کے واسطے
مفید ہے ص تخم سداب۔ تخم سنبھالو۔ گلنار۔ کوٹ چھان کے دو درم مساوی سکنجبین مین
ملا کے چاٹین ایضاً نارنج بریان۔ شہد مین ملا کے دین ایضاً تخم سداب تین درم
تخم سنبھالو۔ بیخ سوسن ہر واحد ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے آب غورہ یا
دہی دو درم ملا کے کھائین ایضاً تخم و بیخ کیلا۔ سنگہاڑہ ہر واحد دو درم
بلوط۔ تخم کاہو۔ پوست اگر موتھا۔ ہر واحد تین درم۔ جند بیدستر ایک درم
تخم خرفہ چار درم۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک سات درم کوٹ چھان کے
سفوف بنا کے کفدست پھانکین سفوف شیخ رئیس تخم کاہو۔ اجوائن خراسانی۔ تخم خیار
تخم کاسنی۔ دھنیا خشک۔ گل نیلوفر مساوی کوٹ چھان کے اسپغول مسلم اضافہ کرکے سفوف
بنائے دودھ سے پھانکین انتباہ اسپغول بھوسی نکالا ہوا یا کوٹا ہوا چبا کے کھانا سم ہے ایضاً
تخم سداب۔ افیون۔ ہر واحد ایک درم۔ گوکھرو چھوٹا۔ جند بیدستر۔ اجوائن خراسانی سفید

مستعد ہو اور علامت اوسکی منی کا زرد ہونا اور سوزش کے ساتھ نکلنا اور اسباب سابقہ
گواہ ہونگے اور شاید حرقت بول بھی عارض ہو علاج سرد و تر شربت جیسے شربت
نیلوفر یا شربت عناب چھوڑکے۔ گلنار۔ تخم کاہو۔ اسبغول۔ خرفہ۔ بیخ کاسنی۔ دھنیا نیلوفر
پیین اور تبرید اور تقلیل منی کا علاج کرین شیخ رئیس نے اس سفوف کو اس بارہ مین بہت مفید
لکھا ہے ص تخم کاہو۔ بزرالبنج۔ تخم خیار۔ تخم کاسنی۔ کشنیز خشک۔ گل نیلوفر۔ کوٹ چھان کے
اسبغول مسلم چھڑک کر مین ایضاً تخم سداب۔ انیسون ایک ایک درم۔ گوگھرو چھوٹا جندبیدستر
اجوائن خراسانی سفید۔ دم الاخوین۔ طباشیر کبود۔ ہر واحد دو درم۔ گل سرخ۔ گلنار
ہر واحد تین درم۔ کوٹ چھان کے دو درم۔ سرد پانی سے پھانکین تیسرا سبب برودت
یا رطوبت کے سبب سے ادعیہ منی سست ہو اور اوسی سبب سے ماسکہ اوسکا ضعیف
ہو جاوے اور حفظ منی نہ کر سکے اور منی خود بخود نکل پڑے علامت اوسکی ادعیہ کا منی کو حفظ نکرنا
اور منی خود بخود باہر آنا اور منی مین رقت ہونا اور بغیر شہوت کے نکلنا اور اخراج کے وقت
منی مین گرمی نہونا اور علامت سردی کی منی پیدا ہونا فائدہ اگر ماسکہ مین ضعف زیادہ ہو
تو جس طرح سے منی ادعیہ مین آئے بغیر استادگی کے نکل پڑتی ہے اور ضعف زیادہ نہین ہوتا
تو دافعہ کی حرکت کی محتاج رہتی ہے اور یہ حال بھی حسب درجہ بدلتا رہتا ہے کبھی ابتداءً نعوظ
مین نزول ہوتا ہے یا بعد تمام ہونے یا مباشرت اور ملاقات مین بدون دخول کے بہرحال
جو کچھ ہو اس مرض مین سختی اور قوت شہوت نہین ہوتی علاج گرم دوائین جو منی کو کم کرتی ہین
جیسے کہ سنبھالو کے بیج اور پودینہ کی پتی اور ناگرموتھا اور گلنار زیرہ اور تخم سداب اور حرابیع
اور شہدانہ اور کلونجی اور میعہ یابسہ اور مثل اسکے اور گرم غذائین کھائین چوتھا سبب
ادعیہ منی کے عضلہ مین تشنج عارض ہو اور منی کھنچاؤ اور فشار کے سبب سے سائل ہو اور
علامت اوسکی منی کا متواتر شہوت اور سرعت سے نکلنا علاج جو تشنج مین مذکور ہوا
استعمال کرین اور سیون اور انثیین پر روغن لگائین پانچوان سبب گردہ ضعیف ہو
اور بسبب شدت حرارت اور شہوت یا کثرت جماع سے اوسکی چربی پگھل کے سیلان واقع ہو اور
درحقیقت یہ منی نہین بلکہ گردہ کی چربی ہے کہ منی کی طرح نکلتی ہے اور بر سبیل مجازاً اسکو سیلان

چوتھا سبب اعضاء کا بہت ضعیف ہون اور انھیں کے اتباع سے تمام اعضا ضعیف
ہون اور سرعت عارض ہو اور اکثر اس قسم کی سرعت نقصان باہ کے ساتھ ہوتی ہے
اور اوسکی علامت اور علاج ضعف باہ کا علاج ہے اختیار جیسا قوت اور ضعف باہ مین
مرقوم کی خاصیت ہے سرعت اور یہ سب باتین بھی داخل تمام ہے مگر اکثر یہی بات ہے کہ جو چیز
امساک کرتی ہے باہ کو ضعیف کرتی ہے اسی سبب سے اہل تجربہ کا قول ہے کہ جو شخص مرض
سرعت مین گرفتار ہو تو اوسکے سفر اور تبریدا اور بارد الموضع سے تربیت کرے اور تحقیق یہ
امر ہے کہ اس بارہ مین اختلافات غرضین شرط ہے مثلاً اگر سبب سرعت حرارت ہو موضع
سرد چاہیے کہ حرارت کا تدارک ہو ورنہ بالعکس فائدہ اور جب اختلاف مین متعدد
مقامون کا پانا دشوار ہو تو تبدیل کے واسطے مرد طلاے مناسب لگاوے اور اسی
دوا کا عورت کو حمول کرا سے پس تبرید کے واسطے صندل اور کافور اور مشک اوسکے اور
گرمی کے واسطے کباب اور عاقرقرحا اور مثل اوسکے کافی ہے

## چوتھا باب کثرت ورود منی اور مذی اور ودی کے بیان مین

احتلام اور صحبت مین استادگی اور شہوت کے ساتھ جو چیز نکلتی ہے وہ منی اور سفید
دال گلی اور مذاق مین رقیق چیز جو خارج ہو وہ مذی ہے اور پیشاب کے بعد یا قبل رقیق لعاب دار
چیز جو گرتی ہے اوسکو ودی کہتے ہین اور اوسکے چھ سبب ہوتے ہین پہلا سبب بسبب
ترک جماع اور اشیاء مولدات منی کے کھانے سے منی زیادہ ہو کے صحبت کیوقت مستوی القوام
منی زیادہ نکلے اور باوجود اوسکے ضعف نہ حادث ہو مگر جب بدن اصل خلقت مین ضعیف
اور اوعیہ منی قوی ہون کیونکہ جب اعضاے منی قوی تر ہون منی کو بدن سے
زیادہ نکال لیتے ہین اور جب منی زیادہ نکلتی ہے تو ضعیف بدن کو ضعف زیادہ ہوتا ہے
علاج تنقیہ کے واسطے فصد باسلیق کھولین اور تقلیل غذا اور صحبت زیادہ کرین اور جو چیزین
مقلل منی کی مفید ہین حسب حرارت اور برودت مزاج کے استعمال کرین دوسرا سبب
منی مین حدت اور حرقت پیدا ہو اور اوسکے لذع کے سبب سے طبیعت اوسکے دفع کے واسطے

شب و روز شراب مین بھگوئے جوش دین جب نصف رہے چھان لین تیل ملاکے پھر
جوش دین جب تیل رہجاے اوتارکے لگائین صفت شراب فنجنوش انگور خام کا عرق
چھ رطل سماق۔ مازو۔ گلنار۔ گلسرخ۔ کندر۔ کشنیز خشک۔ صعتر۔ ناگرموتھا ہر واحد دو درم
زعفران۔ مرچ پھکری ہر واحد ایک درم۔ خبث الحدید تیس مثقال سب دوائین کوٹ چھانکے
انگور کے پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ رہجائے ملائین اور حسب حال
نوش کرین معجون خبث الحدید ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ناگرموتھا
شیطرج ہندی۔ بالچھڑ ہر واحد دس درم۔ تخم گندنا۔ سوئے کے بیج ہر واحد چار درم۔ خبث الحدید مدبر
سو درم۔ کوٹ چھان کے روغن بادام سے چرب کرکے صاف شہد مین ملاکے دو درم مشک
ملاکے چینی کے برتن مین چھ مہینے تک کہ چھوڑین بعدہ دو درم یا زیادہ حسب قوت استعمال کرین
طریقہ خبث الحدید کے مدبر کرنے کا خبث الحدید چودہ رات دن انگوری سرکہ مین
ایسی جگہ تر رکھین کہ خاک اور کوڑا نہ پڑے بعدہ خشک کرکے ملائین دوسرا سبب
کثرت منی اور خون کا غلبہ باعث سرعت انزال کا ہو اور اوسکی علامت اعتدال قوام
کثرت منی اور قوت آلہ تناسل ہے علاج فصد باسلیق کھولین مگر جبتک اچھی طرح
معلوم نہو جاے کہ سرعت انزال بسبب کثرت رطوبت خون کے ہے فصد نہ کھولین نہین تو
فصد لینے سے روح حیوانی مین نقصان لاحق ہوکے ضعف باہ عارض ہوگا اور جو چیزین
گوشت اور خون بڑھانے والی ہین چھوڑدین اور سکنجبین اور رب انار پئین اور شربت نارنج
اور غورہ پیین اور کثرت سے جماع کرین کہ بہت مفید ہے خصوصًا جب عرصہ تک اتفاق
نہوا ہو تیسرا سبب حرکت جماعی سے یا بہ مجرد مباشرت فاحشہ یا بمجرد شہوت کے منی
حدت اور حرارت قبول کرلے اور حسب قوت اور ضعف کے حدت اور حرقت کی شدت ہو اور
اسی سبب سے اوعیہ منی متاذی ہوکے منی کو سرعت سے دفع کرے اور نکلتے وقت لذع اور حرقت
ظاہر ہونا اور منی کا رنگ اور قوام اچھا ہونا اوسکی علامت ہے علاج ترطیب مع تبرید مع القبض
اوسکا علاج ہے شربت خشخاش اور شیرہ جات تخم خرفہ اور تخم کاہو اور تخم حماض مثل اوسکے
پیین اور چاول اور مسور مین شیرہ خشخاش ملاکے کھائین اور سرد اور تر دوائین ضماد کرین

ایضاً ہاتھی دانت کا برادہ چار ماشہ مالکنگنی چھ ماشہ بکری کی چربی سیاہ تل پانچ پانچ ماشہ گائے کا دودھ خوب جوش کیا ہوا آدھ پاؤ مین پوٹلیان بناکے اوسمین ڈالکے گرم کرکے کس اور اوسکے اطراف کو خوب سینکین ایضاً برادہ ہاتھی دانت کا ایک تولہ مالکنگنی آنبہ ہلدی ایک ایک تولہ عاقرقرحا سات ماشہ کوٹ کے آدھ پاؤ رینڈی کے تیل مین قوام غلیظ کرکے پوٹلی مین رکھکر نیم گرم سینک کرین ایضاً بیر بہوٹی بیس عدد شیشے مین رکھکے اوپرسے اسقدر رینڈی کا تیل ڈالین کہ چھپ جائین پھر منہ بند کرکے گل حکمت کرکے ایک مہینہ تک بکری کی مینگنیون مین دفن رکھین ضرورت کیوقت طلا کرین ایضاً مغز بنولہ کوٹ کے بکری کی چربی مین گرم کرکے طلا کرین

## باب تیسرا سرعت انزال کے بیان مین

سرعت کے چار سبب ہوتے ہین پہلا سبب بسبب برودت و رطوبت کے قوت ماسکہ کا ضعیف ہونا و سفید اور رقیق منی کا افراط سے نکلنا اور سرد اور مرطوب ہونا اوسکی علامت ہے علاج تنقیہ کے واسطے ایارجات دین اور کس اور اطراف اور انثیین پر روغن زعفران و روغن آس و روغن نرگس و روغن قسط اور مثل اسکے ملین اور شراب فنجوش و معجون خبث الحدید دین اور قے اسکے واسطے بہت مفید ہے اور شہد اوسکو جوش کرکے شہد ملاکے پلائین صفت روغن زعفران مرآدھا درم چرائتہ پانچ درم زعفران بھلاوان ہر واحد چھ درم مر علیحدہ اور زعفران اور چرائتہ کو علیحدہ سات روز تک سرکہ مین بھگوئین چھٹے دن بھلاوان بھی سرکہ مین بھگوئین ساتوین دن روغن کنجد ڈیڑھ چھٹانک ملاکے نرم آنچ مین پکائین کہ سرکہ جذب ہوکے روغن رہجائے صفت روغن نرگس پیاز نرگس ہر واحد آدھا اوقیہ تھوڑا پانی چھوڑکے جوش کرے جب گاڑھا ہوجائے دس تولہ روغن کنجد یا روغن زیتون ملاکے پھر جوش دین جب پانی جلجاے چھان لین اگر اس روغن مین زہرہ کنجشک و زہرہ مرغ خانگی تخم انجرہ عاقرقرحا رائی شوخ چار چار ماشہ عنبر دو ماشہ کھرل کرکے ملائین تو بہت عمدہ طلا ہوگا ترکیب روغن قسط قسط دس درم فلفل فرفیون ہر ایک تین درم عاقرقرحا چار درم جندبیدستر اڑھائی درم شراب کہنہ سو درم روغن زیت پچاس درم قسط اور فلفل کوٹ کے

طلا کرین اور سوختہ کو لا کوٹ چھانکے پرانے گڑ مین ملاکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک گولی
روز کھاوین ایضاً چیونٹے پردار سبز اور راو سیقدر بروں کے نیچے روغن زفت یا روغن نرگس مین
ملا کے دھوپ مین رکھکے طلا بناوین ایضاً گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر سفید بیخ نرگس مویزج
عاقرقرحا مساوی ایک حصہ تخم دھتورہ مالکنگنی ہر ایک نصف جزو گاے کے دودھ مین
تر کرکے سایہ مین خشک کرکے ایک لی بنگلہ پان پر ملکر قضیب پر چند روز باندھین اور تھوڑا پان مین
چھوڑ کے چند روز کھاوین طلا بڑا اینڈ ک کنوئی کا کیچو صاف جونک گوہ ہر ایک کا روغن
علیحدہ علیحدہ یا ایکجا کشید کرکے مساوی شریک کرکے طلا کرین اوپر سے انڈ کے پتے باندھین
طلا مقوی باہ باہ کو قوت دیتا اور سستی اعصاب و ریبوست اور برآمدگی عروق کو نافع ہے
ص گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر سفید اسگندناگوری بیج دارچینی عاقرقرحا تال مکھانا
تخم اوٹنگن اندرجو اسپند کلونجی تخم پیاز مغز بنیدانہ سال کنگنی نرگھوڑی کا تخم تراشی ہوئی
ہر واحد چھ ماشہ چرونجی چلغوزہ اونٹ کٹارہ کی جڑ دیودار عود غرقی موصلی سیاہ ہر واحد
ایک تولہ اسجا تفل لونگ ریکیورتخم دہتورہ ہر واحد تین ماشہ افیون خالص دو ماشہ کوٹ کے
ڈیڑھ چھٹانک بھیڑی یا گاے کے گھی مین ملکے دس عدد زردی بیضہ مرغ ملاکے چار پہر شیشی مین
کشید کرکے طلا کرین رفادہ سستی اعصاب التناسل کیواسطے مفید ہو آنبہ ہلدی باریک پیس کے
ایک ایک کپڑا تین بار رنگ سے ہر بار سایہ مین خشک کرین پھر اسی طرح دھتورہ کے عرق مین
تین بار رنگ کے سایہ مین خشک کرین پھر مدار کے دودھ مین رنگ کے پھر گاے یا بھینس کے گھی مین
نرم آگ پر پھونکین پٹی پر شہد لگا کے اوپر سے ایک تی ہیرا ہینگ پیس کے چھڑک کے تین پٹیان
تین روز تک باندھین مفید ہین رفادہ تقویت اعصاب التناسل کے واسطے مفید ہے باریک
کپڑا تھوہڑ کے دودھ مین تین بار رنگ کے ہر بار سایہ مین خشک کرکے پھر اوسی طرح تین بار
پیاز کے عرق مین پھر ایک شبانہ روز السی کے تیل مین تر کرکے سایہ مین خشک کرکے پھر مسکہ مین
چرب کرکے پٹی باندھین اور تیل سے چرب رکھین تکمید رائی اسپند کے بیج مالکنگنی سیاہ تل
ہر واحد پانچ ماشہ باریک کوٹ کے تین پوٹلیان بنا کے پاؤ سیر روغن کنجد کرچھے مین
گرم کرکے پوٹلیان اوس مین چھوڑ کے عضو مخصوص اور کس اور رانون کی جڑ تک سینکین

چھوڑ کے گرم کرین جب سرخ ہو جائین تو ایک ایک دوا خوب باریک پسی ہوئی چھوڑ کے ملاتے جائین
آخر کو ابابیل کی پچال ملائین لیپ کی طرح متواتر ایک دن مین کئی بار لگائین طلا۔ بیربہوٹی
پاؤ سیر۔ کیچوے دھوئے صاف پون پاؤ۔ جونک پون پاؤ۔ گھونگچی سفید۔ اوریتیہ ہر ایک
تین تولہ روغنی برتن مین مدار کے دودھ مین تر کرین جب دودھ جذب ہو کے خشک
ہو جائے اوس ظرف کے پیندے مین سوراخ کر کے تیل کھینچین اور طلا کرین ایضاً گنجائی
سوا سیر۔ کیچوے دھوے صاف اور چھوٹے چھوٹے بردن کے بچے پختہ و خام چھتے مین کی ہر ایک
تین تولہ۔ جونک نو عدد۔ بچھو سیاہ۔ گوہ جوان ہر ایک تین عدد۔ جوزبویہ۔ لونگ۔ بسباسہ۔ دارچینی
ایک ایک تولہ شیشے کے ظرف مین رکھ کے نصف نصف مدار اور گاے کا دودھ ڈالین
جب دودھ جذب ہو جاے تیل کشید کر کے طلا کرے اوپر سے بنگلہ پان باندھین طلاے
سفید جلق زدہ اس طلا کا اکثر تجربہ ہوا اور بہت مریضون کو اس سے فائدہ ہوا ص
گنجائی۔ جگنو۔ کیچوے دھوے صاف کیے ہوے اور قے کے ملین تو عمدہ ہین۔ بیربہوٹی۔
جونک۔ مدار کے بوٹے ہر ایک دو تولہ۔ بچھو سیاہ ایک عدد۔ چیونٹے سیاہ بڑے بڑے سو عدد مینڈک
کی چربی۔ شیر کی چربی۔ جوان گوہ کی چربی۔ سانڈے کی چربی ایک ایک تولہ۔ رینڈی کا تیل
آدھ پاؤ پختہ ایک شیشے مین بھر کے ایک ہفتہ تک بکری کی مینگنیون مین دفن کرین بعدہ
نتھار کے طلا کرین اور اگر اسمین گھونگچی سفید۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ کچلا۔ نوان لوٹلی نکالا ہوا
آنبہ ہلدی ہر ایک دو تولہ۔ پانچ تولہ بیربہوٹی اضافہ کرے آتشی شیشہ مین کشید کرین تو یہ طلا
بہت ہی عمدہ ہے روغن جونک سطبری اور تقویت آلہ تناسل کے لیے بےنظیر ہے تین چار
مینڈک لیکے ایک بڑے ظرف ہوادار مین بند کرکے کیچوے صاف دھوئے ہوے کھلائین اور پانی
بھی پلائین چالیس دن کے بعد نکال کے قیمہ قیمہ کر کے پانی مین جوش دیکے چربی لین یا تیل کشید کر
طلا کھینچ کے لگائین طلاے سفید گنجشک نر خانگی کو ذبح اور صاف کرکے اوسکے پیٹ مین تھوڑی
زعفران۔ بسباسہ۔ جوزبویہ۔ سپاری۔ قرنفل مساوی بھر کے ٹانکے دیکے ایک تار مین چھید کے
سیاہ و سرخ بر کے چھتے کے سامنے لگائین ایک گھڑی کے بعد ہٹا لین پھر دوبارہ اور سہ بارہ اوسیطرح
گھڑی گھڑی بھر کے بعد اسکے ہٹا لین پھر گھی یا تیل مین خوب بھون لین جب جلجاے روغن کا

مضبوط پٹی سے باندھین جیب دوسری جگہ نہ لگنے پاوے چار پہر کے بعد کھولکے پھر روئی
تر کرکے اوسپر رکھین تاکہ قرحہ پیدا ہوکے زرد رنگ کا پانی یا خون اوس مین سے جاری ہو
ارام سے رہین چلین پھرین نہین بعدہ اوپر سے رینڈی کا تیل یا مکھن لگائین کہ زخم اچھا
ہوجاوے ایضاً مدار اور سھوہڑ کا دودھ ایک ایک دام۔ شہد خالص دو دام۔ بھلاوین کا تیل
تین دام۔ گائے کا گھی یا مکھن چار دام۔ چار پہر کھرل کرکے رکھ چھوڑین ضرورت کے
وقت سیون اور حشفہ چھوڑکے طلا کرین ایضاً مدار کا دودھ ایک دام شہد دو دام رینڈی کا تیل
ایک دام بھلاوین کا تیل آدھا دام۔ جدوار تین ماشہ چار پہر کھرل کرکے شیشی مین رکھلین عند الحاجت
طلا کرکے اوپر سے بنگلہ پان باندھین ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرین ایضاً شیر کی چربی مینڈک کی چربی
گوہ کی چربی۔ ہر ایک پانچ درم۔ بیر بہوٹی۔ جائفل۔ کیچوے صاف۔ زہر بچھناگ۔ زہر تلیہ۔
زہر میٹھا۔ گھونگچی سفید۔ جند بید ستر۔ لونگ۔ عاقر قرحا۔ ایک ایک درم۔ جاوتری۔ مالکنگنی
آدمی کے کان کا میل شنجرف۔ بیج کنیر سفید۔ مغز کرس۔ رومی مصطگی ہر ایک دو دام زوفت رومی
ایک تولہ مغز غوک صحرائی چار عدد۔ جونک خشک سات عدد۔ مغز کنجشک نر خانگی دو عدد
بھلاوان ٹوپی دور کیا ہوا چار عدد۔ چربی سانڈہ دو عدد مغز اور چربی نیولے کی دو عدد
ان سب چیزون کو ملاکے بارہ پہر تک کھرل کرکے آتشی شیشہ مین معمولی طور پر کشید کرکے
طلا کرین ایضاً شیر کی چربی۔ سوس کی چربی۔ مینڈک کی چربی۔ ہاتھی کی بہتی ہوئی مستی
کیچوے دھوئے ہوئے سیاہ بچھو اور جوان گدھے کے فوطون اور عضو تناسل پر لگائی ہوئی جوتین
عطر ناگیسر۔ اگر کا چویا۔ دھتورہ کے بیج پیپل مغز سر کنجشک خانگی۔ زہرۂ مرغ جوان۔ کوڑیالہ پان
لونگ۔ مالکنگنی سیاہ تل۔ ناریل کہنہ مغز بنبہ دانہ۔ موم زرد ہیرا ہینگ مساوی ان سبکو
باریک کوٹ کے پھر سب چربیان ملاکے ایک بڑی مدہو مچھلی لے کے پیٹ چاک کرکے یہ سب
دوائین اوسکے پیٹ کے اندر بھرکے اوسکا منہ پاتال جنتر کے مقابل کرکے معمولی طور سے
تیل کھینچ کے طلا کرین غذا عمدہ ہو اور پیادہ چلنے اور کثرت اور زور اور قوت اور
صحبت کرنے سے پرہیز کرین ایک ہفتہ مین شفائے کامل ہو لیپ جونک نو عدد۔ تخم کواریج
ابابیل کی بیخان ایک ایک دام۔ گھونگچی سرخ چھ دام۔ رینڈی کا تیل آدھ پاو۔ کڑچھی مین پہلے جونک

سب شرمساک کے چار ماشہ گاہی کے گھی مین ملاکے ایک بتی یا کئی بتیون کے اندر بھر کے ایک تار
لوہے کا بتی مین باندھ کے بتی کے نیچے ایک پیالہ مین پارہ رکھ کے بتی جلائین جسقدر تیل بتی
سے ٹپک کے پیالے مین جمع ہو اوسے مدار کی لکڑی سے خوب چلا کے ایکذات کردین یہ روغن
ایک تی اوپر سے طلا کرین ایضاً جونکین لگاکے یا باریک پچھنے لگاکے اوسپر مدار کا تازہ دودھ
ٹپکائین تین روز تک وہ کھلین پھر بین نہین اور بخار اور عضو ماؤف کی سوزش اور ورم کی برداشت
کرین تیسرے روز اوسی پر اور تازہ دودھ ٹپکائین جب ابھار یا زخم پھٹکے زرد زرد پانی یا
خون اوس سے جاری ہو اور جسقدر مواد بلغمی لزج رگون اور پٹھون مین محتبس ہو مترشح
ہوکے نکلے اور اوسکی جگہ خون صالح آجائے جبتک پانی جاری رہے آرام سے بیٹھے رہین
اور کبھی کبھی اوسپر رینڈی کا تیل ٹپکایا کرین کہ تسکین اور یبوست دفع ہو اور اعصاب مین
قوت پیدا ہو دو ہفتہ مین صحت کامل اور ازالۂ بکارت کی قوت حاصل ہوگی انتباہ
مدار کا دودھ آخر جاڑون مین عمدہ ہوتا ہے اور ناقص برسات کا جس درخت کی شاخین
پھیلی ہوئی اور جڑ زبردست ہو اور نیچے اوسکی جڑ کے چھید اور زمین بھراؤ کی اور نرمی
ہوئی اور ریگستان نہو اوسکی جڑ اور پھول کا دودھ عمدہ ہوتا ہے اوسکے استعمال کی
حالت مین سرد ہوا اور سرد پانی سے غسل اور استنجا اور سرد اجزا اور شربت قند اور
لگا سے کے دودھ اور شیرینی اور ترشی سے پرہیز کرین اور اعتدال کی حالت پر رہین روکھی روٹی
اور گڑ تھوڑا سا کھایا کرین ایضاً نمک پانی مین چھوڑ کے حل کرین اور عضو تناسل کو اوس مین
دھو کے موٹے اور سخت کپڑے سے خوب ملین جب سرخ ہوجاسے تھوڑا گلاب کا مکھن
اوپر سے مل کے حشفہ اور سیون چھوڑ کے مدار کا دودھ ٹپکاکے اوپر سے کچھ کپڑا رینڈی کے
تیل مین تر کرکے اس کپڑے کو پٹی کی طرح باندھین اوسپر گرم پان باندھین اسی طرح
تین روز تک برابر کرین ایضاً ایک کچے برتن مین مدار کا دودھ رکھکے سایہ مین خشک کرکے
برتن توڑ ڈالین اور خشک دودھ اوسمین سے تھوڑا لیکے گاہی کے مکھن یا گھی مین لت کرکے
طلا کرکے اوپر سے پان یا ارنڈ کے پتے باندھین ایضاً آلۂ تناسل کی کجی کی جا باریک پچھنے
لگاکے ایک موٹے کپڑے سے مل کے مدار کے دودھ مین کپڑا تر کرکے اوسپر لپیٹین اوپر سے ایک

طبیعت تولید منی بھی ترک کر دیتی ہے اس وجہ سے کہ جب طبیعت کو اخراج منی سے حظ اور فائدہ
نہین ہوتا تو وہ اوسکی تولید کا اہتمام چھوڑ دیتی ہے اور منی کم ہونے سے اعضاء تناسل
سُست اور مسترخی اور لاغر ہوجاتا اور قائم نہین رہ سکتا ہے اغتیاء بجلوق کا آلۂ تناسل
آپ سرد ڈالنے سے اگر مستقلص نہو تو وہ علاج کے لائق نہین علاج جونکین لگانا اور رطوبت
ناقص کا اخراج کرکے عمدہ خون کا عضو مین لانا مفید اور سریع التاثیر علاج ہے تین یا پانچ یا
سات یا نو جونکین آلۂ تناسل کی طرفین مین لگائین جب وہ نیم سیر ہون چھوڑا کے عضو کی مالش
کرین جب خون منقطع ہوجاے شہد خالص اور مرغ جوان کی بیٹ یا اوسکا گرم گرم تازہ خون
ملا کے تین روز تک ایکبار بھی طلا لگائین ٹھیس سے بچاے رہین اور ہلین نہین ایضاً نو عدد جونک
حشفہ چھوڑ کے وسط اور بن آلۂ تناسل پر لگا کے خون فاسد دفع ہونیکے بعد پارہ ایک مثقال اور
بکری کے ایک ساق کا مغز مخلوط کرکے مرہم کی طرح لگائین ایضاً پانچ یا سات جونکین درمیان اور
جڑ اعضاء تناسل مین لگا کے خون ناقص دفع ہونیکے بعد جب خون صالح آئے تو دارچینی اور
آنبہ ہلدی خوب باریک پسی ہوئی شہد مین ملا کے طلا کرکے گرم بنگلیان باندھین تین روز تک
برابر طلا کرین غذا حلوای بیضہ مرغ یا دودھ چھوہارا پیٹھا ہو خوب شوق سے نوش کرین ایضاً پانچ یا
سات جونکین اعضای تناسل کی جڑ اور حوالی مین لگا کے روغن کشید کیا ہوا مالکنگنی کا
اور خون گرم و تازہ مرغ جوان کا مرہم کی طرح ملا کے لگا کے بنگلیان باندھین ان مین تین بار
تین روز تک برابر لگائین ایضاً پانچ سات جونکین معمولی طور سے لگا کے یا بہت باریک
پچھنے لگا کے دارچینی۔ آنبہ ہلدی۔ اجوائن خراسانی۔ مساوی الوزن سرمہ سا کرکے
تین حصہ کرکے ایک حصہ چھڑک کے اوپر سے پٹی باندھین اور اس پوٹلی سے اطراف
مین حشفہ چھوڑ کے سینکین ص اسگندنا گوری۔ مغز چرونجی۔ تخم تیزک۔ ہر ایک دو دام
مالکنگنی۔ سانڈہ اور شیر کی چربی دو دو تولہ سب دواؤن کو جدا جدا کوٹ چھان کے چار پوٹلیان
بنائین اور گائی کا آدھ سیر دودھ خوب جوش دیکے پوٹلیان اوسمین ڈال کے ایک ہفتہ تک
برابر سینکین بعدہ یہ روغن طلا کرین ص پارہ چار ماشہ۔ ہرتال ورقی۔ ہرتال سرخ
گندھک آملہ سار۔ سہاگہ چوکیا۔ سنکھیا سفید۔ سنکھیا زرد۔ ایک ایک ماشہ پارہ کے سوا

باندھکے چار سیر تل انگور کے عرق اور ایک سیر تل گلاب خالص مین جوش دین اور نیچے سے پوٹلی کو دبا دبا کے عرق نکالتے جائین جب چہارم رہجائے ادویہ کو بسے چند شکر ملاکے شربت کا قوام کریکے تین مثقال تازہ پانی سے پھانکین اطلاع نقصان باہ کا کلیہ علاج دل و دماغ و جگر و مثانہ کو غذا و دوا قوت پہونچاتا ہے کیونکہ صحت و قوت اعضا رئیس بقاے شخص کا باعث ہین اور جب بنیاد صحت صحیح ہوگی تو تمام اعضا درست ہونگے۔

## دوسرا باب جلق زدہ کے بیان مین ؏

خضخضہ اور استمنا بالید جلق زدہ کو کہتے ہین اور وہ خلاف معمول ہاتھ سے یا کسی نرم حریر کی تھیلی یا نازک چمڑے کی تکیہ سوراخدار کے ذریعہ سے استنزال کا نام ہے یہ مرض بد ترین عوارض ہے جو شخص اس مرض مین مبتلا ہوا اوسکی صحت دشوار ہے اکثر قوی الشہوت مفلس اور مجرد مرد اس بلا مین گرفتار ہوجاتے ہین جسکے سبب توالد اور تناسل سے محروم رہتے ہین بلکہ باعث ہلاکت اور گناہ عظیم کا ہے معاذ اللہ مِنْ شُرُورِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا اس مرض سے زائد کوئی بدتر عارضہ نہین ہے یہی سبب ہے کہ بعض اطبا نے اس مرض کا علاج فضول سمجھ کے چھوڑدیا ہے مگر علاج اس عارضہ کا اس کتاب مین لکھنا ضرور اور فائدہ سے خالی نتھا اس غرض سے معرض تحریر مین آیا اطبا اس امر پر اتفاق رائے ہین کہ خضخضہ سے بدتر کوئی عارضہ شدید المضرت نہین اس وجہ سے کہ آلہ تناسل مین زائد سستی اور استرخا واقع ہونے سے باہ بالکل مفقود یا کم ہوجاتی ہے اور صاحب استمنا ملول اور محزون رہتا ہے اور صحبت پر قادر نہین ہوسکتا کیونکہ آلہ تناسل اور گردہ اور مثانہ مین ضعف اور سستی اور لاغری حد سے زیادہ اور عضو تناسل کی جڑ پتلی اور رگین سست ہونے سے نفخ اور استاد کی مطلق باقی نہین رہتی اور چونکہ طبیعت بلا اختیار منی کو دفع کرنیکی عادی ہوجاتی ہے اور باعث ضعف شہوت اور شدت جریان ہوتی ہے اور گردہ سے شحم ذوبانی آنے لگتی ہے اور رطوبات بدن تحلیل ہوتے ہین اور حرارت غریزی کم اور حرارت غریبی اور خشکی زائد ہوکے مدقوق ہونے تک نوبت ہوجاتی ہے اور آخر کو علاج سے بھی مایوسی ہوجاتی ہے اور بسبب قلت لذت کے

دو دام گائی کا گھی ایک دام ملاکے آگ پر رکھین اور مدار کی لکڑی سے چلاتے جائین جب دو دھ جل کے روغن رہجای چھان کے شراب تیز دو آتشہ ملاکے ایک پہر کھرل کرکے طلا کرین اوپر سے بنگلا پان یا لہسوڑے کی کونپل باندھین ایضاً جوان مرغ سیاہ رنگ سنجفتی نکی ہوا وسکو ذبح کرکے اوسکا تازہ گرم خون اور جونکین جو جوان گدھے کی تندی کے وقت قضیب پر لگا کے سیر ہونیکے بعد چھوٹی ہون باہم کھرل کرکے طلا کرین جب خشک ہو دوبارہ سہ بارہ پھر لگائین تین دن تک اس طرح سے ہر روز تین بار طلا کرین پہلے روز سوزش ہوگی دوسرے روز کم تیسرے روز مطلق نہوگی نسخہ روغن زفت زفت رومی دو تولہ۔ پانچ تولہ میٹھے تیل مین چھوڑکے ایک ہفتہ تک دھوپ مین رکھین ضرورت کے وقت لگائین ایضاً زفت رومی دو تولہ۔ پانچ تولہ زیرہ کے تیل مین جوش کرین جب نصف رہے چھان کے لگائین دوای مقوی باہ ہلیلہ سیاہ پانچ تولہ۔ گل معصفر۔ افیون۔ ہر واحد ساڑھے دس ماشہ کوٹ چھان کے افیون ملاکے ڈیڑھ سیر مصری کے قوام مین ملاکے سو گولیان بنائین ایک گولی روز کھائین دوا سے مفید قضیب جوان بیل کا خشک کیا ہوا برادہ۔ مرغ کے انڈون کی سفیدی نکال کے بجاے اوسکے برادہ زردی مین انڈے کے اندر بھر کے دوسرا چھلکا اوپر سے لگا کے گل حکمت کرکے گای کے پانچ سیر کنڈون کی آگ دین بعدہ نکال کے جو کچھ اندر سے نکلے کھرل کرکے ایک دام بیکے شہد ملاکر کھائین ایضاً بالکل سبز تخم خام سرس باریک پیس کے ایک کپڑے پر لیپ کرکے کونون پر چار میخین گاڑ کے سایہ مین خشک کرین آٹھ پہر بعد سیاہی الیسین سیاہی چالیس دن تک عمل مین لائین بعدہ ایک تولہ کپڑا کاٹ کے ایک سیر دودھ مین جوش دیکے چہارم باقی رہنے پر پین قوت عجیب و غریب حاصل ہوگی سفوف موسلین۔ بہمنین۔ بھنگرہ۔ سیلیخہ۔ کمال تتر۔ تال مکھانا۔ کمرکس۔ سیاہ تل۔ تخم خشخاش سفید۔ پیچ شک۔ ہیر و لکڑی۔ کتیرا۔ موچرس۔ سمندر سوکھ دودھی۔ ہر واحد چھ ماشہ۔ سنگھاڑا۔ ثعلب۔ سپاری چکنی ایک تولہ۔ مصری پندرہ تولہ ملاکے کفدست گاے کے دودھ سے پھانکین شربت خبث الحدید خبث الحدید مدبر تین مثقال۔ بادروج سبز۔ گلاب کے پھول۔ سماق۔ گلنار۔ کندر۔ ناگرموتھہ۔ دھنیا پودینہ۔ ہر واحد دس مثقال۔ پھٹکری۔ زعفران۔ ہر واحد تین مثقال کوٹ چھان کے پوٹلی

مشکی گھوڑے کے سُم ہر ایک دو تولہ کلتھی ۔ جائفل ۔ لونگ ۔ ہر ایک تین ماشہ ۔ جاوتری دو ماشہ
اجوائن دیسی چھ ماشہ ۔ اجوائن خراسانی چھ ماشہ ۔ جمال گوٹہ چار عدد ۔ مالکنگنی پانچ ماشہ کوٹ کے
تین پوٹلیان بنائین آدھ پاؤ گائے کا دودھ جوش دیکے اوسمین پوٹلیان بھگو کے سینکین
طلا ایک چھٹانک ۔ جمال گوٹہ گائے کے گوبر مین خوب پکائین پھر اوسکی گری اور گھونگچی سفید
مقشر ۔ کچلہ ۔ عقرقرحا ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۔ ہر واحد دو تولہ گائے کے خالص دودھ مین اسقدر
کھرل کرین کہ تین سیر دودھ کھپ جائے پھر کشید کرکے طلا کرین ایضاً جائفل ۔ جاوتری
جھر بیلہ ۔ آدمی کے کان کا میل چھ چھ ماشہ گدھے کے خصیون کا خون چار تولہ کھرل کرکے شیر کی
چربی تین تولہ ملا کے کشید کرکے طلا کرین انتباہ یہ مرض قوی یا مزمن ہو جاتا ہے تو بہت ہی کم
اچھا ہوتا ہے اس وجہ سے کہ آلۂ تناسل اسقدر ضعیف اور لاغر اور سست ہونے سے کیسا ہی قوی
علاج ہو صحت کی امید کم باقی رہتی ہے اور ایسی ہی مریض کو عنین اور نامرد کہتے ہین اور جبتک
یہ سبب قوی نہین ہوتا تو آلۂ تناسل سرد پانی ڈالنے سے گھٹتا بڑھتا ہے اور بہت لاغر اور ضعیف
نہین ہوتا اور قابل علاج ہے طلا حکیم شیر علی صاحب والد حکیم احسان علی صاحب مصنف
طب احسانی کا ایجاد کیا ہوا سستی اعصاب آلۂ تناسل کے واسطے مفید و مجرب ہے ۔ پوست
بیخ کنیر سفید ۔ ڈال گھونگچی سفید آدھ آدھ پاؤ ۔ کوٹ تلخ ۔ جمال گوٹہ چھلا ہوا ہر واحد دو تولہ ۔
سفوف کرکے پندرہ سیر گائے کے دودھ مین حل کرکے جوش دیکے دہی جما کے صبح کو
متھین جب بہین اوٹھے تو چار سیر پانی ملا کے پھر متھین اور گھی نکال کے دہی کو دفن
کردین کہ سم قاتل ہے پھر گھی گرم کرکے چھانکے نیم گرم طلا کرین اوپر سے گرم بنگلہ پان باندھین
اور وہی چار چاول پان مین بھی کھائین جنمین محض ہو تو بھی دو ہفتہ مین صحت ہو ایضاً
مدار کا دودھ آدھ پاؤ ۔ شہد خالص اڑھائی پاؤ ۔ افیون چار ماشہ کڑاہی مین ڈالکے لوہے کی دستہ سے
اسقدر حل کرین کہ تمام بندھ کے کڑاہی دستہ کے ساتھ اوٹھنے لگے پھر حسب ضرورت گرم کرکے پٹی پر
لگا کے یا طلا کی طرح حشفہ چھوڑ کے لگائین اوپر سے مضبوط کپڑے کی پٹی لپیٹین اوسپر گرم بنگلہ پان
باندھین طلا مدار کا دودھ گھی دھویا ہوا اکیس بار دودھ کا نصف طلا بنا کے لگائین ایضاً
مدار کا دودھ ایک حصہ ۔ گائے کا مکھن نصف ملا کے نیم گرم طلا کیطرح لگائین ایضاً مدار کا دودھ

آلۂ تناسل مین لاغری اور سُستی ہونا اس وجہ سے کہ اعضا مین ریاضت اور عمل سے جو اوس عضو کیواسطے مخصوص ہے قوت ہوتی ہے اور ترک عمل سُستی اور ضعف کا باعث ہوتا ہے علاج عضو تناسل کو نیمگرم پانی سے بتدریج دھوئین اور سر چھوڑکے آہستہ آہستہ رگڑکے بھیڑ کا دودھ جسم پر اوسکے گردملین بعد جذب خون کے حفظ جذب کے واسطے روغن زفت رومی لگائین تیسرا سبب زیادہ سردی یا خشکی یا حرارت سے ریح اسفل بدن مین بہت کم پیدا ہو اور باعث سُستی عضو تناسل کا ہو پس قوای بدن کا صحیح وسالم ہونا اور نفاخ غذاؤن سے نفخ اور فائدہ نہونا اور منی بہت نکلنا اوسکی علامت ہے ایسے مریض کا انتشار بالکل باطل نہین ہوتا بلکہ کم اور ضعیف ہوجاتا ہے اور کبھی حرارت قلب اور نقصان رطوبت سے نفخ کم ہوجاتا ہے اور غذاے خصوصاً مقوی اور مرطوب غلیظ اون سے یا کثیر الحرارت چیزونکے کھانیسے طبیعت مین انتشار اور قوت نہین ہوتی ہے اور کبھی حرارت نہونیسے بھی نفخ پیدا ہوتا ہے اور اکثر یہی سبب شامل ہوتا ہے اوسکے علامات یہ ہین بھوک اور خالی معدہ اور گرم حرکات اور گرم چیزنکے استعمال سے انتشار قوت پیدا ہو علاج اسباب کے دفع اور نفخ پیدا ہونیکی تدبیر کرنا اوسکا علاج ہے چوتھا سبب فضلات بلغمی اور سرد پانی برف یا مثل اوسکے اور چیزون مین دیر تک بیٹھنے یا اونکے استعمال سے اعصاب آلۂ تناسل مین کوئی جنس فالج عارض ہو اور انہین اسباب مین سے کسی سبب سے اعصاب کا مزاج فاسد ہو کہ قوت محرکہ اور حساسہ حاصل نکرسکے علامت اوسکی رقت منی اور اوسکا اخراج بغیر انتشار کے سہولیت سے اور روز بروز ضعیف اور لاغر ہونا اور بسبب بطلان و نقصان حس کے آلۂ تناسل کا سرد پانی سے بالکل سُست اور افسردہ نہونا یا بالکل ہی کم ہونا اوسکے علامات ہین ایسے مریض کا علاج بالکل مجلوق کا علاج ہے اور یہ دوائین مفید ہین کیچوے دھوے ہوے سفید مصری۔ مغز تخم ہندوانہ۔ مغز خیار گوشہ۔ ہر ایک تین ماشہ بکری کے دودھ مین کھرل کرکے سات دن تک حشفہ چھوڑکے ملاکرین یا پٹی پر لگاکے باندھین اوپر سے بنگلہ پان باندھین۔ پوٹلیان ہاتھی دانت کا برادہ۔ آنبہ ہلدی۔ گوشت یا خون تازہ جوان مرغ کا گوشت حلوان بکری کا۔ نرگس۔ تل سیاہ ہر ایک پانچ درم بھینس کے آدھ سیر دودھ مین ہیاں تک رکھین کہ دودھ جذب ہوجائے پھر چار پوٹلیان بناکے دودھ مین ترکرکے حشفہ چھوڑکر سینکین اور اطراف مین بھی خوب سینکین مجرب ہے پوٹلیان خشک کیچوے دھوے ہوے سیر بھر۔ ہاتھی دانت کا برادہ

منطفی کردی اور اسی باعث سے اعضائے تناسل مین حس حرکت لذع اور دغدغہ باقی نرہے
آلتناسل مین انتشار نہونا اور حواس سست اور مکدر اور متغیر اور دلی آرزوے وصال
کم ہونا اوسکی علامتین ہین نوان سبب گردہ مین ضعف یا اور کسی آفت کا پہونچنا اور اوسکے
سبب سے شہوت طبعی مین نقصان ہونا اس وجہ سے کہ شہوت طبعی گردی کی مطیع ہے۔ علاج
بہت جلد ازالہ سبب مین کوشش کرین جوارش جو قوت باہ کو مفید اور مزید اور محافظ منی ہے۔
پھٹکری ڈلی پاؤ سیر۔ چھوہارہ آدھ سیر۔ بھیٹہ آدھ پاؤ کوٹ کے دس سیر گاے کے دودھ مین
[illegible] جب گاڑھا ہو جاے اوتار کے مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔
[illegible] ہر واحد آدھ سیر [illegible] کا گوند۔ نشاستہ۔ ہر واحد پاؤ سیر۔ مونگ کا میدہ
[illegible] کا ہو کے گھی آدھ سیر مین بھون کے تین سیر قند کے قوام مین سب اجزا [illegible]
[illegible] چھٹے گوکھرو کا میدہ آدھ سیر۔ ثعلب مصری [illegible]۔ لونگ
[illegible] الاچی [illegible] ہر واحد چار درم۔ جوزبویہ دو تولہ۔ بسباسہ ایک تولہ۔ [illegible] گوند پاؤ سیر
[illegible] سیاہ [illegible] ایک [illegible] چھال کی چھال۔ ببول کی چھال ہر واحد پاؤ سیر
[illegible] ایک ایک شیر [illegible] کے حسب مزاج صبح و شام
[illegible] جوارش سنقنقور۔ تضیب سقنقور۔ قسط شیرین۔ [illegible]
[illegible] ایک [illegible] مثقال۔ شقاقل مصری۔ بسکھپرہ کے
[illegible] تخم [illegible] تخم شلغم ہرسیاہ۔ تخم پیاز۔ ثعلب مصری ہر ایک [illegible] مثقال
[illegible] سیاہ۔ سفید پیپل۔ سونٹھ۔ زعفران ایک ایک مثقال۔ مغز [illegible] خانی۔ جاوتری
جائفل۔ پیاز دشتی بھونی ہوئی ہر ایک پانچ مثقال علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کے سہ چند صاف
شہد مین قوام کر کے معجون بنائین چالیس دن رکھ کے دو درم [illegible] کے دودھ کے ساتھ کھائین۔
دوسری فصل استرخاء آلتناسل کے بیان مین۔ عضو تناسل کی سستی۔ استرخا بھی باہ کے
نقصان کا باعث ہے اور استرخا چار سببون سے ہوتا ہے پہلا سبب لاغری اور ضعف بدن
کے سبب سے آلتناسل کا سست اور لاغر ہونا اور اوسکے علامات اور علاج وہی ہین جو
اول فصل کے پہلے سبب مین لکھے ہین دوسرا سبب مدت تک صحبت کا اتفاق نہو کر

اور قارورہ مین سفید رنگ کا غالب ہونا اوسکے علامت ہین اور مرکب کیفیتون کے اسباب مین کم دبیش
اوہین کیفیتون کی علامت پائی جائینگی ایسی حالت مین دوا اور غذا اون کیفیتون کی اصلاح چاہیے
تیسرا سبب شہوت اور حرکات اورلذع اور دغدغہ کا ساکن ہونا یا وہ اسباب جو شہوت کو ہیجان
مین لاتے ہین آلہ تناسل سے مفقود ہونیسے باہ مین نقص ہونا اور یہ عارضہ اکثر افیون یا بھنگ
کھانیوالون کو لاحق ہوتا ہے اوسکی علامت باوجودیکہ منی بہت دفع ہو مگر ایستادگی کردب
اور سخت صدمون سے زائل ہو چوتھا سبب عرصہ تک صحبت کا اتفاق نہونیسے باہ مین
نقص واقع ہونا اس وجہ سے کہ عرصہ تک ترک صحبت کے سبب سے طبیعت تولید منی سے
رُک جاتی ہے احتلام کم ہونا اور صحبت سے حظ حاصل نہونا اسکی علامت ہے پانچوان سبب
عورت کی کثافت یا بدصورت سے نفرت یا بدمزاجی کے سبب یا اور کسی سبب سے صحبت مین کراہیت
یا دل مین اس امر کا خوف ہونا کہ اسپر قادر نہو سکونگا یا شرم یا وہم یا ہیبت سے طبیعت رُک جانے سے
شہوت مین نقصان ہونا اس وجہ سے کہ توہمات امور نفسانیہ مین زیادہ ترموثر ہین اور کبھی اس
باعث سے نقص واقع ہوتا ہے کہ ایک ہی عورت سے اتفاق مباشرت کا ہو اور دوسری عورت پر
قادر نہو سکے خصوصاً جدید یا دوشیزہ باکرہ پر تجربہ کار حضرات کو ازالہ بکارت کی ہیبت زیادہ ہوتی ہے اور
کبھی یہ ہیبت شہوت اصلی کو بھی کم کرتی ہے اور کبھی حسب تقاضای طبیعت اثنا ہی کار مین شہوت
باطل ہونے سے بھی شہوت مین نقصان واقع ہوتا ہے پس ازالہ سبب اوسکا علاج ہے
چھٹا سبب کسی سخت مشقت یا زائد چلنے یا بہت بیٹھنے یا زیادہ بھوکے رہنے یا کسی اور
سبب سے جو روح اور حرارت غریزی کے تحلیل کا باعث ہو ضعف باہ عارض ہو سستی اور
ضعف نبض و آلہ تناسل اور منی کا قلت اور سختی سے نکلنا اور مباشرت مین حظ حاصل نہونا
اور بعد فراغت صحبت کے ضعف اور غشی کی سی حالت ظاہر ہونا اوسکی علامتین اور تقویت
دل و جگر و دماغ اور عمدہ غذائین اور حسین خوشخو عورت کا وصال اوسکا علاج ہے ساتوان سبب
معدہ یا جگر ضعیف ہو کے خون صالح اور منی کم پیدا کرے اور باعث نقصان کا ہو وصل کی آرزو
اور اشتہا کم ہونا اوسکی علامت ہے اور ضعف سے واقف ہو اور اصلاح مزاج کی تدبیرین اوسکا
علاج ہے آٹھوان سبب دماغ ضعیف ہو اور قوت حساسہ اور نفسانیہ کے مادے کو

ستاور - خولنجان - انجیر زرد - ہر واحد دو تولہ - نشاستہ - لونگ - جائفل - عاقرقرحا - مالکنگنی - کشمش
ہر واحد ایک تولہ - تخم خشخاش سفید چھ ماشہ - مغز بنولہ - کریلے کے بیج - خوبانی - ہر واحد چار تولہ
کوٹنے والے اجزا کو کوٹ چھان کے دو سیر قند کے قوام یا شہد مین ملائین پھر ورق طلا چھ ماشہ
ورق نقرہ دس ماشہ حل کر کے مربائے بہی - مربائے آملہ - مربائے سیب - اوپر سے ملا کے ایک تولہ
روز صبح کو کھائین جماع سے پرہیز کرین اور غذا صبح کو دودھ شہد مین ملا ہوا اور مغز کنجشک خانگی
بھونا ہوا یا شوربے دار رات کو شیر برنج جس مین خرما پڑا ہو کھائین ایک ہفتہ مین طاقت
عود کر آئیگی مجرب ہے الیضاً رومی مصطگی چھ ماشہ - موصلی سنبھل - موصلی سیاہ - موصلی سفید
تخم اوٹنگن - تودری سرخ - کھیلی - کھیلا - تل سیاہ - کواتونڈی باریک پیسی ہوئی - بھنیر -
ہر ایک دو تولہ - اندرجو شیرین - بہمن سیاہ - سمندر سوکھ - سونٹھ - مدن مست - دار چینی
تخم کونچ - پلنگ توڑ - پاکھان بید - مغز تخم کاجر - بھون پھلی - عود غرقی - چھڑ الاکھ - ایک ایک تولہ
رومی مصطگی چھ ماشہ - زعفران چار ماشہ خوب باریک پیس کے چھان کے ایک سیر قند کے
قوام مین ملا کے با اضافہ زردہ بیضہ مرغ نیم برشت و مربا و میوہ جات کی معجون بنا کے یا سفوف کر کے
ہموزن مصری خوراک ایک تولہ روز ایک سیر گائے کے دودھ کے ساتھ جسمین جوش دیتے وقت چار پانچ
چھوہارے ڈالے ہون اوپر سے پیین طلا بڑے بڑے سیاہ چیونٹے جو زمین یا قبر سے نکلتے ہین
دو سو عدد ادھ پاؤ میٹھے تیل مین چھوڑ کے تین روز تیز دھوپ مین رکھین پھر سات روز تک
بکری کی مینگنیون مین دفن کر کے نکال لین عند الضرورت طلا کرین دوسرا سبب
بسبب قلت منی اور سستی عضو تناسل کے باہ مین نقص ہونا اگر اس قلت کا باعث خشکی اور
لاغری اعضائے منی ہو تو علامت اوسکی غلظت و قلت منی اور پانی مین بیٹھنے اور مرطوب حمام اور
مرطوب غذا کھانے سے فائدہ ہونا اور اگر سبب قلت سرد ہو تو علامت اوسکی منی کا سرد اور غلیظ اور منجمد ہونا
اور دشواری سے نکلنا اور بھوکے رہنے اور حرکات معتدل و گرم دواؤن سے فائدہ ہونا اور جب سبب
قلت حرارت اعضائے منی ہو تو علامت اسکی منی کا زرد رنگ اور رقیق ہونا اور اخراج سہولیت سے
اور گرمی سے محسوس ہونا اور سردی سے تسکین پانا اور اگر سبب قلت رطوبت ہو تو سستی
آلہ تناسل اور منی مین رقت اور سفیدی اور افراط اور سستی سے نکلنا اور سردی سے راحت پانا

کہ منی مرد کی گرم اور تیز اور سریع الانزال ہو اور شہوت عورت کی غالب ہو اور وہ صحبت پر حریص ہو کے مرد سے ہم آغوش اور اوس حال مین مرد اوس سے جدا ہو اور حاجت عورت کی بخوبی رفع نہو تو ایسی صورت مین اگر عورت ناموس اور شرم سے خاموش ہو رہیگی تو عوارض رحم مین مبتلا ہو گی اور رفتہ رفتہ نوبت دق کی پہونچیگی اور اگر شرم و حیا کم ہو گی تو غیر مرد سے مانوس ہو کے اپنی حاجت رفع کرے گی اور باعث رسوائی اور ذلت کا ہو گا اسواسطے عالم شباب کے طرز معاشرت کا انسان کو زیادہ تر خیال چاہیے کہ قطع نسل اور آبرو برباد نہو چونکہ تدابیر لذت اور موافقت انزال بلا حصول علم طب کے دشوار تھی اسواسطے یہ مضمون کتب مبسوط طبیہ سے استنباط کر کے تہذیب اور شایستہ عنوان سے محض فوائد عام کے واسطے اردو مین لکھدیا کہ شرم و حیا کے سبب سے مریضون کو صحت سے مایوسی نہو اور بلا مدد کسی طبیب کے بھی صحت زائد حاصل کر سکین ہو اللہ الشافی

## پہلا باب نقصان باہ کے بیان مین

لذت وصال اور باہ کا کمال اعضای رئیسہ کی صحت پر موقوف ہے اور اعضای رئیسہ چار ہین حسب بقای شخص دل و دماغ و جگر اور حسب بقای نوع قضیب اور اوعیہ منی اور انھین مین عارض ہونے سے باہ مین بھی نقصان لاحق ہوتا ہے اور نقصان باہ کے دو سبب ہین جو ان دو فصلون مین لکھے جاتے ہین فصل اول ضعف مباشرت مین۔ اور یہ ضعف نو سببون سے لاحق ہوتا ہے سبب اول بسبب لاغری اور ضعف بدن کے باہ مین نقص واقع ہو ایسی حالت مین روح اور ریح اور خون جو مادہ شہوت مین کم پیدا ہون اور بدن لاغر اور نحیف اور قوت ضعیف اور رنگ زرد اور غذا قلیل ہونا اوسکی علامتین ہین علاج عمدہ غذائین اور کثرت غذا اور معجون اور مقویات اور مسمن چیزین کھانا اور کثرت سے خوشبوئین سونگھنا اور لگانا ناچ رنگ لہو لعب عیش و راحت مین مشغول رہنا بہت سونا اور ترک مباشرت اوسکا علاج ہے اور یہ دوائین مفید ہین معجون قوت باہ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مغز پستہ۔ مغز ناریل۔ چرونجی۔ شقاقل مصری۔ تخم خطمی۔

بھی یہی مذکور ہوا اونہوں نے بھی اس صلاح کو غایت درجہ پسند کیا اور کہا جبکہ اس زمانۂ
جہالت میں عوام کی اصلاح اور خلق کی رفاہ کے واسطے ایسی تالیف ہر طرح مفید اور کارگر
ہے پھر اوسکے لکھنے میں کیا دیر ہے لہذا حسب الارشاد السعی منی والاتمام من اللہ کہکے
کمر ہمت چست کر کے قلم اوٹھایا اور تھوڑے زمانہ میں یہ مختصر رسالہ شامل دیباچہ ایک مقدمہ اور
سترہ باب اور خاتمہ کے مرتب کر کے تریاق اکبر نام رکھا اور حق تالیف اور تصنیف اسکا
خواجہ صاحب موصوف کو دیدیا اور عرض کرتا ہوں بزبان رموز حکمت اور اتقان آداب صحبت
و طرز معاشرت کی خدمت میں یہ عرض ہے کہ اگر اس کتاب میں بمقتضائے بشریت کہیں سہو
ملاحظہ فرمائیں تو حرف گیری سے باز آئیں اور ذیل عاطفت میں چھپائیں العذر عند الکرام
الناس مقبول الٰہی یہ کتاب مقبول ہو اور اہل شباب کو توفیق نکاح کی دیکے حرام اور
بے شرمی وغیرہ سے بچا اور مریضوں کو استعمال ادویہ سے صحت مرحمت فرما اسواسطے کہ دنیا
میں صحت سے بہتر کوئی نعمت نہیں اور زنا و بے شرمی سے بدتر شرعاً و عرفاً کسی نہ سیاہ بختی
میں کوئی شے نہیں ہے جس سے دنیا میں ذلت آخرت میں فضیحت۔

## مقدمہ حکمت افراط لذت کے بیان میں

صاحب ذخیرہ خوارزمشاہی نے لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے عورتوں اور مردوں کے
باہم الفت و محبت اور وصلت میں افراط لذت خاص اس غرض سے عطا فرمائی ہے کہ باعث توالد
و تناسل کا ہے اور یہ لطف جانوروں کو اسواسطے بخشا ہے کہ انسان ہر چیز کو دیکھتے اور سنتے
اور تجربہ سے سیکھتے ہیں لیکن اسے بھی دیکھکے واقفیت حاصل کریں اور مطیع اس لذت کے
رہیں اور اس لذت میں شرم کو جو خاصہ مردمیت کا ہے مغلوب قوت بہیمی کیا اور فراموشی کو بہ
سطے کی تاکہ اوس حالت میں بسبب شرم کے اندیشہ سے غافل ہوجائیں اور جو رنج اور تکلیف و صلاح
اور فساد اولاد اور انکی پرورش کے واسطے اوٹھاتے ہیں بھول جائیں اکثر شریف
آدمیوں میں کمال عقل و مروت اور شرم اور حلم اس درجہ ہوتا ہے کہ نام اوس عضو کا
جو کہ اس کام کا ہے زبان پر نہیں لاتے اور رغبت پا اور کہلائی تک لوگوں کے سامنے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و سپاس کے لائق وہ قادر مطلق ہے جسنے اپنی قدرت کاملہ سے مرد اور عورت کو سبب خلقت اور بقای صحت اور تحفظ نسل بنایا اور مستحق نعت و ثنا وہ نبی صلعم برحق ہے جسنے حکم بحکم اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ اسے اساس اسلام افتراق بین الحلال والحرام اور طرز معاشرت اور لطف موانست تعلیم فرمایا صلے اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین بعدہ نحیف روزگار ضعیف ازلی سید علی عرف سید رمضان علی ولد سید ضامن علی لکھنوی بخاری نقوی شائقان حسن معاشرت طالبان آداب معاشرت کی خدمت مین عرض رسا ہے کہ عرصہ سے میرے دل مین یہ خیال تھا کہ ایک رسالہ آداب مباشرت اور نفع و مضرت صحبت مین کتب مبسوطہ طب سے مستنبط کرکے اس نظر سے لکھا جاوے کہ اہل شباب کما حقہ آگاہ ہوکے اون آفات سے جو اونکی لاعلمی کے سبب سے عارض ہوتے ہین محفوظ رہین اور حیا کے سبب سے اکثر جس امور کے اظہار مین اونکو تامل ہوتا ہے اوسکا علاج کرسکین قاعدہ کی بات ہے کہ انسان کو جن باتون کا علم نہین ہوتا اور وہ اوسکے حسن و قبح سے کما حقہ آگاہ نہین ہوتا بلکہ اچھی طرح تجربہ نہین کرلیتا جاہل رہتا ہے اور اوسکے لطف سے بہرہ کامل حاصل نہین کرسکتا غرضکہ انجان آدمی نادانی سے نقصان اوٹھاتا ہے اور کسی شغل اور کام سے حظ نہین پاتا اسواسطے اہل شباب کو ایکبار بپای سیر اس گلشن فیض رسان کی گلگشت ضرور ہے کہ اوسکے فائدے سے محظوظ ہون اور عارضی آفات و بلیات کو دفع کرسکین ایکروز برسبیل تذکرہ مخلص بے ریا محب باصفا مقبول بارگاہ صمد حافظ خواجہ قطب الدین احمد صاحب مالک مطبع نامی سلمہ اللہ الواہب سے

# فہرست کتاب تریاق اکبر

شفا بخشِ ابدان خالقِ انس و جان کی فضل سے

اندنوں

نسخہ جامع نسخ مجربہ مخزن ادویہ مستعملہ مقبول ہر فرد بشر

یعنی

# تریاق اکبر

مؤلفہ

جالینوس دہر افلاطون عصر شاہ نشین صف وددی و نظمی حکیم

سید رضا علی صاحب

بار ہشتم بعد ترمیم و نظر ثانی ماہ نومبر سنہ ۱۸۹۶ء

مطبع نامی شہر لکھنؤ میں طبع ہوا

| ترکیب ساخت | فوائد | نام دوا |
| --- | --- | --- |
| ہلیلہ زرد - ہلیلہ زنگی - سقمونیا - ہر ایک چار مثقال - الائچی خورد شقاقل - عود بلسان - کنجد مقشر - مصطگی - عاقرقرحا - زیرۂ سیاہ ہر یک دو مثقال - سب کو الگ الگ کوٹ کے ۵۸ مثقال مصری ملاکر معجون بنائیں - دو مثقال صبح اور دو مثقال شام کھائیں + | مقوی باہ و معدہ ہے | معجون |
| الائچی - تج - دارچینی - لونگ - خولنجان - موتھہ - سونٹھہ بالچھڑ فلفلدراز - فلفل گرد - قسط بحری - عود بلسان - اسارون تخم مہوا - قصب الذریرہ - زعفران ہر یک دو دو درم - مصطگی پانچ درم - قند سفید سب اجزا کے برابر شہد سب سے دو چند - شہد کا قوام کرکے باقی ادویہ ملاکر معجون بنالو اور ۴ ماشہ سے لیکر ایک تولہ تک کھاؤ + | باہ اور اعضا کو طاقت دے رگ و پٹھوں کی سستی کو مفید ہے | معجون [illegible] |
| نمک لاہوری - گونڈ کے پتھر کا شادہ - تماکو کا جلا ہوا گل ٹھیکرا کوئلہ - سونٹھہ - مصطگی - مرچ سیاہ - سب اجزا کو ہموزن لیکر پیسکر چھانکر بوقت ضرورت دانتوں پہ ملیں + | دانتوں کو صاف اور موتھہ کو خوشبودار کرے | منجن |
| کپاس کے پھل کا چھلکا جلاکر پیسکر چھانکر تیار کر لو اور دانتوں پہ ملو + | دانت کے زخم کو مفید ہے | منجن |

تمت

# اعلان

واضح ہو کہ یہ کتاب حسب ضابطہ رجسٹری شدہ ہے کوئی صاحب اس کے چھاپنے کا قصد نہ فرمائیں جسقدر نسخہ درکار ہوں ذیل کے پتہ سے منگالیں اور اسکے دو حصہ اور بھی آگے کے طبع ہوئے موجود ہیں جسمیں حصہ دوم میں انگریزی ادویہ کے خواص ہیں حصہ سوم میں مرہم تلنگی انگریزی سیلین گراتی وغیرہ تمام معہ اشکال درختاں پھول و پھل پتے درج ہیں - المشتہر مرلیداس جنگلی مل دہلی -

| نام دوا | فوائد | ترکیب ساخت |
|---|---|---|
| طلا | نامردی کو مفید ہے گیارہ روز میں بغیر تکلیف آرام ہو | بندر کی بیٹھ سوا سیر - برگد کے درخت کی موٹی چھال ڈھائی سیر جائفل ایک عدد - ایک ہنڈیا میں سوراخ کرکے سوراخ کے موہنہ پر جائفل رکھو تب نصف چھال نیچے اور نصف چھال اوپر درمیان میں بندر کی بیٹھ رکھکر بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالے اور استعمال میں لائے مفید و مجرب ہے - |
| غرارہ | موسوڑھے آجانے کو مفید ہے | ترپھلا - مو چرس - پوست تنتریک سب کو پانی میں جوش دیکر روغن اور نڈ قدرے ملاکر غرغرہ کرو + |
| غرارہ | دانت دُکھنے کو مفید ہے | سرس کی چھال - مول کی چھال - پوست خشخاش - کمو - کوہلی کی چھال - سب برابر ملاکر نمک ملاکر غرارہ کرو - یا املی و لجنال اور کیکر سب کی چھال بدستور استعمال کیا کرو - |
| لعوق | کھانسی - دمہ - زکام اور خشونت سینہ کو مفید + | بہستان ملٹھی - گل گاؤ زبان سب برابر ملاکر قدرے پانی میں خوب پکاؤ - تب ملکر چھان لو - اور دو چند شہد ملا کر قوام کرو - صبح و شام چھ ماشہ کھاؤ + |
| [illegible] | کھانسی کو مفید ہے | ترپھلا کو کوٹ کر دو چند شہد سے قوام کرو - اور استعمال کرو نہایت مفید و مجرب ہے + |
| مرہم زنگاری | زخم اور خراب بد بو دار دنبل کو مفید ہے | زنگار ۴ ماشہ - پارہ ایک تولہ - گندھک [illegible] تین تولہ ہر سہ کو ملا کر چند مرتبہ پانی سے دھو ڈالو اور مرہم بنا کر کے استعمال کرو + |
| مرہم [illegible] | عام لوگ استعمال کرتے ہیں | رال چھ ماشہ - تل کا تیل دو تولہ - موم ۲ ماشہ - سنگجراحت دو ماشہ اول موم گرم کرو - تب تیل ڈالو - پھر رال اور سنگجراحت ملاکر سرد کر لو - پھاہا لگاؤ + |
| مرہم [illegible] | گنج کے واسطے مفید ہے | مائیں - مہندی - کیلہ گھی - ان تینوں اجزا کو ملاکر سر پر لگاؤ مجرب ہے |

| نام دوا | فوائد | طریق ساخت |
| --- | --- | --- |
| [illegible] | زلہ حار اور دمہ کو مفید ہے | گل تازہ خام سوا سیر گل ڈالو سپستان نیمکوفتہ پانچ تولہ تخم یالنگ ۵ تولہ۔ ملہٹی مقشر نیمکوفتہ ایک چھٹانک عناب ۲۰ دانے پاؤ بھر سبکو رات بھر پانی میں تر کرکے صبح ملکر تین پاؤ مصری ملاکر قوام کرلو۔ دو تولہ صبح کو نہار مونھہ کھایا کرو چند مدت میں آرام ہو |
| ضماد | آنکھ کی سرخی اور درد کو مفید | املی کے بیج نکالکر گودا پانی میں تر کرکے ملکر صاف پانی لے لو۔ اسمیں افیون ۳ رتی پھٹکری ۵ رتی پیلا تھوتھہ ایک چاول رسوت ایک ماشہ ملاکر حل کرکر آگ پر پکاؤ۔ جب گاڑھا ہو جائے تب لیپ کرو + |
| ضماد | درد پسلی کو مفید ہے | بارہ سنگا اور ہینگ پانی میں گھسکر لیپ کرو اور سینکو کرو + |
| ضماد | بدھ کو مفید ہے | گوگل۔ ریٹھہ کی چھال۔ ہڑ کا چھلکہ برابر ملاکر سفوف کرلو۔ اور انڈے کی سفیدی میں ملاکر لیپ کرو اور سینک دو + |
| ضماد | عورت کی چھاتیوں کو سخت اور مضبوط کرے | برگد کی ڈاڑھی کے سرے جو ملایم اور سرخ زردی نما ہوتے ہیں پانی میں پیسکر لیپ کرو + |
| ضماد | ورم عام کو مفید ہے | بکری کی مینگنی سرکہ کے پانی سے کھرل کرکے باندھی جائے مفید |
| طلا | نامردی کو از حد مفید ہے | گھونگچی سفید ۶ ماشہ۔ سرپھوکا ایک تولہ۔ جوز بوا ۲ عدد۔ دارچینی ڈیڑھ تولہ۔ لونگ ڈیڑھ تولہ اسگندھ ۳ تولے۔ بلاؤ تین عدد۔ مالکنگنی پانچ تولہ۔ ۶ عدد انڈوں کی زردی میں سب کو ملاکر گولیاں بناکر بارہ گھنٹہ کے آتشی شیشی سے تیل نکال لو۔ حشفہ اور سون چھوڑکر رات کو لیپ کرو۔ اوپر سے بھوج پتر لپیٹ کر باندھو۔ صبح کو کھول ڈالو۔ اگر کچھ سوزش معلوم ہو مکھن لگایا کرو۔ نہایت مفید و مجرب ہے |

| نام دوا | فوائد | طریق ساخت |
|---|---|---|
| کشتہ مونگا | دمہ کے واسطے مفید ہے | مونگے کی جڑ ایک تولہ - ۴ تولہ آگ کے ڈوڈے کو ایک ٹن میں ڈالکر اُسمیں مونگے کی جڑ بھی ڈالدو اور برتن کا موٹھہ بند کر کے چار سیر اُپلوں کی آگ دیدو۔ سرد ہونے نکال لو سفید کشتہ ہوگا ورق پان میں کھایا کرو |
| سفوف [illegible] | دودھ زیادہ کرتا ہے | ستاور ایک حصہ سونف آدھ حصہ کوٹکر ملاؤ۔ گائے کے دودھ سے ایک تولہ کھلاؤ جس عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو اُسکا دودھ زیادہ ہو جائیگا |
| سفوف بخار | بخار کو مفید ہے | ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی سفید ہر ایک چھ ماشہ مصری ایک تولہ کافور ۲ ماشہ سفوف کرے۔ خوراک ۵ ماشہ پانی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے دے بخار میں نہ دے |
| دیگر | ایضاً | نوشادر باریک کر لو بقدر ایک رتی لیکر ایک کالی مرچ سے ملاکر پانی سے پھانکو + |
| دیگر | ایضاً | پھٹکری سفید کھیل کر لو اور باریک پیسکر بقدر ڈیڑھ ماشہ شربت نیلوفر سے کھاؤ بخار آنے سے آدھ گھنٹے پہلے + |
| [illegible] | کھانسی کو مفید ہے | ملٹھی مقشر ۳ درم کاکڑا سینگی پوست خشخاس جلا ہوا جاوتری ہر ایک ۲ جزو۔ فلفل دراز۔ سہاگہ بھنا ہوا۔ ہڑ کا چھلکا۔ مغز تخم کدو پختہ سفید۔ لونگ الایچی انار کا چھلکا ہر ایک ایک جزو سب کو باریک پیسکر ملاکر سفوف کر لو اور حسب حاجت کھاؤ۔ |
| سعوط برای زکام | سونگھنے سے چھینکیں بہت آئیں | مغز تخم سرس ایک ماشہ ۲ ماشہ۔ تخم کٹیلی ۲ ماشہ سب کو ملاکر نسوار بنا لو + |
| سعوط | برائے دفع مرگی | انسان کی مغز کی ہڈی کا سفوف جلاکر سونگھنا مفید ہے + |
| سعوط | ایضاً | چلو کی بیٹھ ہرن کے پیشاب سے کھرل کر کے نسوار دو + |
| شموم | بہت چھینک آنے کو مفید ہے | کلیجن باریک کر کے کپڑے میں باندھ کر سونگھو چھینک بند ہو جائے + |

| نام دوا | فوائد | طریق ساخت |
|---|---|---|
| دوائے سوزش اعضا | | گل مہندی کا شیرہ لگانا جلے ہوئے اعضا کی سوزش کو مفید |
| دوائے ناسور | پرانے ناسور کو مفید ہے | سانپ کی کینچلی جلاکر راکھ کر لو۔ برگد کا شیر ملاکر فتیلہ تر کرکے ناسور میں رکھو + |
| دوائے بانجھ | عورت کو حمل نہ رہے | سرخ گھونگچی ایک عدد کھانے سے ایکسال دوسے بیس سال تک حمل نہو۔ علی ہذا القیاس + |
| دوائے گندہ بغل | | مرداسنگ سرکہ میں گھسکر لگاؤ۔ |
| ذرور | کانچ نکلنے کو مفید ہے | جنگلی کائیرا نا چھڑا جلاکر کانچ پر چھڑکو۔ |
| روغن فالج | فالج اور گٹھیا کو مفید ہے | کچلہ۔ جھلا فول۔ ناگرموتھہ۔ دھتورہ سیاہ۔ مالکنگنی ہر ایک آدہ پاؤ سب کو کوٹکر پوٹلی میں باندھکر ۹ سیر پانی میں پکاؤ جب پانی جذب ہو جاوے تب گھی کو حفاظت سے رکھو۔ ہر رتی پان میں لگاکر کہاؤ۔ مقوی ہے + |
| ایضاً | چوٹ اور ورم کو مفید ہے | افیون ۳ ماشہ۔ آنبہ ہلدی ایک تولہ۔ تارپین کا تیل ۵ تولہ باہم ملاکر خوب حل کرلو۔ وقت استعمال تھوڑا سا لیکے خوب مالش کرو + |
| ایضاً | درد پر لگانا از حد مفید ہے | ہڑتال زرد پا تیلہ ادم روغن کنجد ایک سیر دونوں کو خوب باہم ملاکر سیر بھرا پلوں پر لیپ کرو۔ پھر بذریعہ پاتال جنتر انکا تیل نکال لو۔ زود اثر ہے + |
| دیگر | ایضاً | کڑوا تیل ۱۰ تولہ۔ کچلہ ۵ ماشہ۔ سفید کنیر کے پتے ۱۰ ماشہ تیل کو پکا اور یہ اسمیں جلا ڈالو اور پھر حل کرکے لگاؤ + |
| روغن کان | کان کے درد کو از بس مفید ہے | روغن کنجد ۵ تولہ۔ لہسن ایکتولہ گائے کا پیشاب ۵ تولہ سرکہ تولہ بھر سرکہ اور پیشاب باہم ملاکر اسمیں لہسن پکاؤ جب یکتولہ رہے۔ تیل ملاکر اسقدر پکاؤ کہ ۵ تولہ رہے اسکا قطرہ کان میں ڈالو |

بسا ہیڑ۔ بکاین۔ بکن۔ پتھر پھوڑی۔ بنفشہ۔ بوٹی شیخ فرید۔ پودینہ۔ برنجاسف۔ بھنکٹیا۔ بھنگرا۔ بھیل
بید مشک۔ بید۔ تاڑ۔ تتلی۔ ترمرا۔ تن۔ تھوہر۔ جام گھانس۔ جراکس۔ چرچٹا۔ جل کھمبی۔ جل نیم۔ چنار۔
جوانسہ۔ جوکا۔ جوہاکٹی۔ جھاؤ۔ حاشا۔ حمایا۔ خطمی۔ خبازی۔ درمنہ۔ ڈابہ۔ دوب۔ دودھی۔ دونا مروا۔ دھمایا
دیودار۔ رتن جوت۔ زوفا۔ اسقولوقندریون۔ زیتون۔ سداسہاگن۔ سرپھوکہ۔ سرس۔ سروالی۔ سرنجی۔ سنبھالو
سہجنہ۔ سپند۔ سنبل۔ شیشم۔ صنوبر۔ عشق پیچہ۔ عنبر بید۔ فیلگوش۔ قرومانا۔ قنطوریون۔ کاسنی۔ کانس۔ کاہو
دالی۔ کشوبر۔ کچنال۔ گلو۔ گرن پات۔ کسونجی۔ کنگرونا۔ گندنا۔ کنگھی۔ کنیر۔ ناگرموتھہ۔ لیلی۔ مچھالو۔ ماجیڑا
مچکند۔ مچھوچھی۔ منڈی۔ مولسری۔ نک چھکنی۔ نرکل۔ نلکہ۔ نمام۔ نیم۔ ہرجوڑ۔ ہرہرہ۔ ہل۔ ہنسراج

## بقولات

پالک۔ چولائی۔ خرفہ۔ شلغم۔ مولی۔ گاجر۔ کانڈے کا ساگ۔ کرم کلہ۔ کریلا۔ ٹینٹ۔ گوبھی۔ لال ساگ۔ لونیا۔ منتھی

## وہ ادویہ جو گوند یا عصارہ یا لعوق میں مستعمل ہیں

افیون۔ اقاقیا۔ ایلوا۔ گوند کیکر۔ طباشیر۔ بول۔ چرس۔ سندرس۔ چینیا گوند۔ اشج۔ رال۔ رس
رسوت۔ زفت۔ سریش۔ سقمونیا۔ سلاجیت۔ سلہارس۔ شکر تیغال۔ شکر۔ شہد۔ شیر خشت۔ صابون
عصارہ ریوند۔ رب السوس۔ غبیرہ۔ غاریقون۔ فرفیون۔ کندر۔ کندرو۔ جاوشیر۔ کافور۔ کتھہ۔ کتیرا۔ ست گلو
بنات سفید۔ کستوری۔ کمیلہ۔ سکبینج۔ لندرہ۔ ہروزہ۔ کنکر زرد۔ گوگل۔ گوند بطم۔ کہربا۔ گھیکوار۔ لاڈن۔ لاکہ
لادن۔ لوبان۔ مصطگی۔ موچرس۔ موم۔ مومیائی۔ ناخونہ۔ نشاشتہ۔ نفط۔ نیلکنٹھی۔ ہیرا دوکھی۔ ہینگ

## وہ ادویہ جو محض کھار ہیں

جوکھار۔ چونا۔ سجی۔ سمندرپھین۔ سہاگہ۔ شورہ۔ نوشادر +

## وہ ادویہ جو حیوانات ہیں

بچھو۔ بیربہوٹی۔ جند بیدستر۔ ہاتھی دانت۔ کوڑی۔ کینچوا۔ کیکڑا۔ جونک۔ سنکھہ

## چند مفید مرکبات کا ذکر

| نام دوا | فائدے | طریق ساخت |
| --- | --- | --- |
| [illegible] | مقوی دماغ۔ سرو آنکھوں کے امراض کو مفید۔ انجرہ کو دماغ کی طرف جانے سے روکے | ہیلا یعنی ہڑ۔ بہیڑا۔ آنولہ۔ برابر لیکر گھی میں بھونکر کوٹ لو۔ ست اسمیں گلاب کے پھول۔ مغز بادام۔ کدو۔ مغز پستہ۔ گل بنفشہ کی سب ... سبکی دوگنی مصری اور شہد ملا کر قوام کرلو ... |

جامن۔ چکوترہ۔ چلغوزہ۔ چھوارہ۔ خربزہ۔ خوبانی۔ سنگترہ۔ سیب۔ شریفہ۔ کشمش۔ کمرکھ۔ گولر۔ کھجور
کیلا۔ لوکاٹ۔ لیموں۔ منقی۔ نارجیل۔ نارنگی۔ ناشپاتی +

## وہ ادویہ جو تخم ہیں

تخم جھنگن۔ تخم اجمود۔ اجواین۔ تخم مورد۔ اڑد۔ تخم ارنڈ۔ ارہر۔ اسپند۔ اسپغول۔ دانہ الائچی۔ السی
امرلتہ کے بیج۔ اندرجو۔ باکچی۔ باتھو۔ باجرا۔ افیموں۔ بادیان خطائی۔ بارتنگ۔ باقلا۔ بانگو۔ بلوط۔ بابرنگ
فلفل۔ فلفل دراز۔ پپیتہ۔ وج۔ حب الخضرا۔ بنولہ۔ پنواڑ۔ چنا۔ بہیدانہ۔ انار دانہ۔ بچھنید۔ تالمکھانہ۔ حب السلاطین
تل۔ طالیسپتر۔ تودری۔ چاکسو۔ چاول۔ چاول موگرا۔ چرونجی۔ چکہ داد۔ جماگوٹہ۔ چینا۔ چناپاپڑ۔ جوز
جوز السرو۔ جوز جذام۔ حب الفہم۔ حب الزلم۔ حب اسنوبر۔ حسن یوسف۔ خشخاش۔ تخم خطمی۔ خوب کلان۔ جو
دھنیا۔ بلاس پاپڑہ۔ رائی۔ زرشک۔ زیرہ۔ ساگودانہ۔ ارارروٹ۔ سانوان۔ سرسوں۔ ہالوں۔ سپندسوختہ
سونف۔ سویہ۔ شاہ پسند۔ کاک جنگا۔ کاکن۔ کاکنج۔ کالادانہ۔ کالی زیری۔ تخم گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ کسیبا
کمیلہ۔ کٹ۔ کرم دانہ۔ کرنجوہ۔ کلتھی۔ کلونجی۔ تخم گندنا۔ تخم مولی۔ تخم سنبھالو۔ تخم کاجر۔ تخم پیاز۔ لکناول۔ کنوچہ
کودوں۔ گوکھرو۔ گھونگچی۔ گیہوں۔ لوبیا۔ مالکنگنی۔ مٹر۔ کالی مرچ۔ مسور۔ مشکدانہ۔ کھٹی۔ منڈوا
منمنا۔ موٹھ۔ مونگ۔ تخم میتھی۔ تخم خبازی۔ تخم نیلوفر۔ ناگدون کے بیج +

## وہ ادویہ جو دہات ہیں

پارہ۔ تانبا۔ چاندی۔ جست۔ رانگ۔ لوہا۔ سیسہ۔ سونا۔ کانسہ +

## وہ ادویہ جو اوپدھات اور پتھر ہیں

ابرق۔ ارتگان۔ سرمہ۔ شنگرف۔ پارہ۔ پنا۔ بلور۔ پھٹکری۔ توتیا۔ مقناطیس۔ دہنہ فرنگ۔ رسکپور
رنکار۔ زہرمہرہ سفید۔ سم الفار۔ سنگجراحت۔ سنگ یہود۔ سونا مکھی۔ سیندور۔ شادنہ۔ عقیق۔
فیروزہ۔ کانچ۔ کاؤلوچن۔ کرنڈ۔ کسیس۔ گل مختوم۔ گندک۔ لاجورد۔ لعل۔ مردار سنگ۔ موتی۔ مونگا
مینسل۔ نیلم۔ نیلا تھوتھہ۔ ہڑتال۔ ہیرا۔ یاقوت۔ یشب +

## وہ ادویہ جو نباتات اور درخت ہیں

اشنان۔ افسنتین۔ اکاس بیل۔ اگست۔ اگیا۔ انجدان۔ اونٹ کٹارا۔ ایلا۔ بابونہ۔ بادآورد۔ مرہٹی
باکر۔ بالچھڑ۔ بانس۔ باندا۔ باؤل۔ بہوٹن۔ کیکر۔ بلی لوٹن۔ بجبار۔ بچھو۔ برہم۔ برگد۔ برمڈنڈی۔ بریارا۔

پنڈالو کچالو - رتالو شلغم مولی - گاجر بچھناگ - اگر بڈھارا - بسفائج - پکھان بید - بارا ہی کند - بوزیدان
بہمن - پیاز - پپیا راننگا - تگر ثعلب مصری - بھلاپا - چوب چینی خس - داتون - درونج عقربی - بیخ بنفشہ
بیخ بادیان - راسن ریشہ والا - ریوند چینی - ریوند خطائی - زراوند - زمین قند - اروی - ستاور سورنجان -
شوکران - کاندا - گاؤزبان کی جڑ - کبر کی جڑ - کپور کچری - گنگی سیاہ و سفید - کسیرو کنول گٹہ - خولنجان سید
کوٹھ - کیوڑہ کی جڑ - ٹھہنا ٹھمنی - لہسن - بچو قان - جھبیٹہ لمٹی - بلیم - موصلی سیاہ سفید - پھوکر مول
میدہ لکڑی - ناگرموتھہ - نرلیسی - نسوت - ہتھہ جوڑی - ہلدی - ہلدیہ - آلو - لہسن - مامیران +

## وہ دوائیں جو پتے ہیں!

پان - شاہترہ - پوی - بہنگ - تماکو - تیزپات - چارالنہر - حنا - سنا - ساتر گاؤزبان - چائے +

## وہ دوائیں جو پھول ہیں

ٹیسو چاہی جوہی - گلاسیکا پھول - گل جعفری - گل انار - چنپا - گل مولسری - چمبیلی - جاوتری گل م...
گل سپاری - موتیا - ریواس کا پھول - سوسن - سیوتی - کسم - لالہ - لونگ - نرگس کا پھول - گل ...
گل عباسی گل بنفشہ - گل گاؤزبان - گل داؤدی - گل چین - گل دوپہری - کلغہ - گیندا - گل مہندی نیلوفر ...

## وہ دوائیں جو لکڑی اور چھلکا ہیں

آبنوس - ارجن - ارغوان - اسارون - بج - تیواج - چرایتہ - چندن - عود - چوب حیات - جھڑبیلہ - دارچینی -
سن - سنبل - طالیسفر - عشبہ - قرنفل - کمیلہ - کیلی کبیلا - لودھ - ماہی زہرہ - مرڈ - ڈہیلی - سکی - ونسا -

## وہ دوائیں جو پھل ہیں

آلو بخارا - آلو بالو - آنولہ - اریٹھا - اعرہ - املی بیدہ - املتاس - املی - انار دانہ - ایلی شیرین - اننناس حریرہ
بن پوستہ بلول - بہدال - بجورا - پوستہ - پہٹری - پہوٹ - پیٹھہ - بگین بیل - پیلو - تربوز - توت - تورئی - تونبا
جائفل - عناب - چچنیڈا - چقندر - ککڑی - دہتورہ - ڈھینڈس - ریٹھہ - سپاری - سنگھاڑہ - فندق
کاکڑا سنگی - کیتھل - کیج پیپل - کچری - کدو - کروندہ - کرمری - ککڑی - گاوڑا - کھرنی - کہیرا - لسوڑہ - کنیدہ -
گلاب جامن - گوندنی - مائیں - ماجو - ہیلا - نوا - بہیڑا - لال مرچ - مکو - منڈی - مہوا - بن پیل - ورس - ہوبیر - ہڑ - ہنگوٹ

## وہ ادویہ جو میوہ ہیں

آڑو - اخروٹ - امرود - انار - آنب - انجیر - انگور - اناس - بادام - بیر - بل کتھل - پستہ - پنیالہ - فالسہ - بہی ...

بھلبھلا کر پانی سے ۔ گرم کر پئیں تو ہوک یعنی درد پہلو کو آرام ہو جس روغن کنجد میں اسکے پتے جلائے گئے ہوں وہ قائم مقام شیخ کنعانی کے ہے۔ اسکی معجون ثمن بہری اور رعاذ کو از حد مفید ہے +

(ترکیب) نیم کی کونپل۔ نیم کی جڑ کا چھلکا۔ انجیر جنگلی کی شاخ ہر ایک چار درم۔ شاہترہ۔ کیسر چرائتہ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ آنولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی سیاہ۔ جیتبہ۔ گل سرخ۔ سنا و کی ہر ایک دو درم۔ سب کو کوٹ چھانکر سہ چند قند یا شہد سے قوام کر لیں اور ہر روز ایک تولہ کھائیں +

## ہتا جوڑی

اگر ایک تولہ چھال ہتا جوڑی کی جڑ کا سفوف کر کے پیا نکیں اور ½ سیر ۱۲ تولہ دودہ پئیں تو اس عمل کی مداومت سے خنازیر دُور رہوتے ہیں۔ اور اگر اس سفوف کو شہد سے کھائیں تو چند مدت میں آتشک اور امراض جلدی کو فائدہ ہو۔ اگر گھی اور مصری سے کھائیں تو دو۔ خواہ کیسا ہی سیاہ ہو بالکل دُور ہو جائیگا خونی بواسیر کو از حد مفید ہے مگر ایک عرصہ استعمال کرنے سے۔ اسکی بُو سے مچھلی ایسی بیہوش ہوتی ہے کہ قریب لمرگ ہو جاتی ہے +

## پوکھہ

ترکیب مرکبہ ہندی کا ہے کہ کسی قسم کے غلہ وغیرہ کو ۸ حصہ یادہ پانی میں استقدر پکائیں کہ مہرا ہو جائے چنانچہ انار دانہ اور آنولہ کا مرکب دافع باد و صفرا ہے۔ اور جو آنولہ اور مونگ سے بنائیں وہ سردافع ثقل معدہ و فساد صفرا و باد و بلغم و عطش و سوزش اعضا ہے اور جو کلتھی سے بنائیں وہ باد و گولہ۔ بواسیر بادی و بلغم و سنگ مثانہ اور درد پشت کو مفید ہے۔ اور جو مولی سے بنائیں وہ بلغم اور صفرا اور خنازیر کو مفید ہے۔ اور کھانسی کو نافع ہے۔ چنے سے بنا ہوا مقوی معدہ۔ دافع احتراق خون و کھانسی بلغمی اور متوا ٹھہ یا مٹر سے بنا ہوا قابض و دافع فساد صفرا و تپ بلغمی و منعش حرارت عزیزی مسکن شہوت طعام +

واضح ہو کہ کبھی اس مرکب کو کڑوے تیل سے بھون لیتے ہیں اور گرم مصالحہ بھی ملا دیتے ہیں

## فہرست ادویہ کی تقسیم موافق اُنکی ماہیت اصلی کے

## وہ دوائیں جو جڑیں ہیں

بچھ۔ اسگندھ کی جڑ۔ اتیس۔ اجمود کی جڑ۔ اورک۔ اودہ بڑ کی جڑ۔ اسگند۔ عاقر قرحا۔ انجبار۔ ططلسویہ۔

پرہیز کریں تو قوت باہ بیشمار ہو حفظ صحت روشنی دل قائم رہے - اگر اسکا تیل کف پا میں ملیں قوت
بصر زیادہ ہو - اگر چودھویں رات کو بدہ ہو اور اُس رات کو اسکا تیل نکالکر آنکھ میں لگائیں نور بصر بڑھے
اگر ماہ صفر کے کسی چارشنبہ کو تیل نکالکر مجذوم کو کھلائیں اور اعضا پر ملیں تو کئیں روز میں آرام ہو
اگر مالکنگنی کے دانوں کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے ایک کف دست روزانہ کھائیں تو قوت جماع پیدا ہو
اور اگر کالی گائے کے دودھ میں پکاکر اُس دودھ کا دہی جماکر گھی نکالیں اور سات درم شیر برنج سے کھائیں
کبھی بال سفید نہوں - اگر شب سہ شنبہ کو گھی میں بریاں کرکے اکتالیس روز کھائیں اور ممنوعات سے
پرہیز کریں تو نامرد مرد ہو - اگر اونٹ یا گیدڑ کے پیشاب میں تر کرکے تین روز متواتر کسی عورت کو کھلائیں
تو اُسکی شہوت قطع ہو - اگر غرہ ماہ یکشنبہ کو ہو اُس رات اسکے تیل کا کاجل پاڑیں اور آنکھ میں لگائیں
تو عجائبات نظر آئیں - اگر مینڈک کی چربی میں ملاکر طلا نکالیں اور طلا کریں تو باہ اور امساک پیدا ہو
اگر چالیس دن عورت کے پیشاب میں تر کرکے تیل نکالیں اور اکیس دن مبروص پر ملیں تو اصلی حالت پر آئے

## منڈی

جب اسکو پھل نہ لگا ہو اُسوقت اسکا درخت جڑ سمیت اُکھاڑ کر سایہ میں سُکھاکر گھی شکر و نشاستہ میں ملاکر
کھائیں تو جوانی برقرار رہے اور بال سیاہ رہیں - ایک شخص نے بیان کیا کہ میں بالکل کمزور ہوگیا تھا مگر
[illegible] سال اسکے استعمال سے پھر نوجوان ہوا - ہندی بیدوں نے لکھا ہے کہ جبتک اسمیں پھل نہ آئے
اسمیں آب حیات ہوتا ہے - اگر اسکی جڑ کو ایکسال متواتر کھائیں تو فوائد کثیرہ ظاہر ہوں - اگر منڈی کا
جوہر نیم ماشہ پان سے کھائیں اور جاڑوں میں یہ عمل کریں تو حرارت غریزی اسقدر بڑھے کہ سردی معلوم نہو
اور جوہر اس طرح نکالتے ہیں کہ منڈی کو پانی سے نم دیکر روغن چمیلی وغیرہ سے ہاتھوں سے چرب
کرکے پتال جنتر سے جوہر نکالو - اگر منڈی کو بغیر پانی نگلجائیں تو ایک سال سے دو سال تک چشم نہو

## نیم کا درخت

اسکی کونپل کو نچوڑ کر عرق نکالیں اور چشم دردزدہ کے مخالف کان میں ڈالیں تو آنکھ کے درد کو آرام ہو
اسکے پتے کسی برتن میں ڈالکر مونھ بند کرکے آگ سے خاکستر کردیں اور پھر عرق لیمو سے خوب کھرل کریں
اور آنکھ میں لگائیں تو جرب - حکہ اور بیاض کو مفید ہو - اگر پتے کوٹ کر مٹی میں ملاکر آگ میں پکاکر سرد پانی
میں ڈالیں اور وہ پانی صاحب عطش کو پلائیں تو پیاس دور ہو - اگر کونپل کی خاکستر گرم میں

نمک خرچ کر ڈالیں تمام گندک سفید ہو جائیگی اور ہاضمہ قوی کریگی +

## گولر

گولر خام کھانے سے قوت بصر پیدا ہوتی ہے - پختہ کھانے سے چند مدت میں بواسیر خونی دور ہوتی ہے

## گھیپ

اگر اس بوٹی کے عرق میں چاول پکاکر جس جگہہ پر کانٹا لگا ہو باندہے تو فوراً کانٹا باہر نکل آئے خواہ کیسا ہی ہو - اگر اسکا عرق دو تولہ اور ۱۱ عدد مرچ سیاہ پیسکر ملاکر صاحب درجع مفاصل کو پلائیں اور یہ عمل ایک چلہ کریں تو شفا کامل پاے +

## گھیکوار

گھیکوار کے پتہ کا اُوپر کا چھلکا ایک طرف سے چھیلکر آگ پر رکھے اور قدرے ہلدی اور افیون باریک پیسکر اُسپر چھڑک کر تھوڑی دیر بعد آگ سے اُتار کر مغز کو خوب دباکر نچوڑے اور اُس پانی کے دو پیالے قہوہ خوری کے پیوے تین یا چار روز پینے سے تپ ربع دور ہو جائیگی - اگر کسیکی آنکھہ میں شدت سے درد ہو تا ہو تو گھیکوار کے پتے کو آگ میں بہ گرم کرکے چھیلکر جس طرف کی آنکھہ میں درد ہو اُس طرف کے پاؤں کے تلوے میں باندہے فوراً آرام ہو اسطرح پاؤں کے انگوٹھے پر باندہنے سے رمد کو فائدہ ہوتا ہے +

## گیندا

اسکو صد برگ بھی کہتے ہیں اگر اسکے چند عدد ورق لیکر گل حکمت کرکے ایسے تنور میں جو قریب سرد ہونیکے ہو رکھدیں اور جب اوپر کی مٹی سرخ ہو جائے تب انکا لکر مٹی دور کرکے اُن پتوں کو پستان ورم شدہ پر باندہے فوراً آرام ہو - اگر پتوں کی نیم کوفتہ کرکے ٹکیہ بناکر بواسیر پر باندہیں تو آرام ہو - ایک تولہ گل صد برگ لیکر دو ماشہ فلفل سیاہ کے ساتھہ ملاکر رگڑکر شیرہ نکالکر پینے سے بواسیر کو جلد آرام ہوتا ہے - یا یہ کہ گل صد برگ پاؤ بھر لیکر کیلہ کی جڑ کا پانی دو سیر میں بھگو دیں صبح کو عرق نکال لیں ہر روز صبح اور شام ایک دام پیا کریں بواسیر خونی کو آرام ہو - درخت کے سبز اور نورستہ پتے ایک تولہ لیکر قریب ایک تولہ رگڑکر مصری ملاکر پلانے سے پیشاب کھلتا ہے +

## مالکنگنی

اگر ہم روز اس طرح کھائیں کہ ہر روز ایک دانہ زیادہ کریں اور کھٹائی - مولی - دہی - تل - لیموں اور لال مرچ سے

## شیشم

ترکیب شربت شیشم برائے صفائی خون شیشم کی لکڑی کا برادہ آدھ سیر لیکر چھ سیر پانی میں بھگو دو
ایک دن رات کے بعد جوش دے لو جب نصف پانی رہے تب چھ تولہ شاہترہ لیکر جوش دیلو تب چھانکر ڈیڑہ
سیر قند ملاکر شربت بنا لو۔ یہ شربت خون کے صاف کرنے میں بے عدیل ہے ۴ ماشہ صبح اور شام کھانے سے
آتشک جذام کھجلی وغیرہ کو بالکل دور کرتا ہے +

## کاک جنگھا

اگر پارہ نیم خام کے کھانے سے بدن بگڑ جائے تو ایک تولہ کاک جنگھا دو مرچ سیاہ کے ہمراہ گھوٹ کر
تین یا چار روز تک پینا از حد مفید ہے +

## کنگھی سیاہ

بلغم کو بالکل کھولتی ہے مگر بسبب اثر سمیت کے کھانا منع ہے کیونکہ احتراق خون پیدا کرتی ہے نقل ہے کہ
کسی شخص کو بخار دق تھا ہر چند علاج کیا مگر کچھ آرام نہوا آخر الامر ایک حکیم حاذق نے دق ہو کر کنگھی سیاہ بقدر
ایک ماشہ پانی میں گھسکر دو مدی اسی وقت سے بخار کو آرام ہو گیا مگر چند مدت بعد احتراق خون کا عارضہ ہو گیا

## گاجر

گاجر کو تنور میں بھونکر اوپر کا باریک چھلکہ دور کر کے اندر سے گاجر کی گٹھلی جسکو بڈی بھی کہتے ہیں نکال کر
گاجر کے ٹکڑے کر کے رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح بعد مشک اسپر چھڑک کر قند سفید سے کھائیں تو خفقان
خواہ کیسا ہی ہو بالکل دور ہو جائے +

## گندک

گندھک صاف کی ہوئی ایک دانگ لیکر پانی سے یا گائے کے دودھ سے ہمیشہ عمل میں روز کرتے
سے کھجلی خارش بہق کو مفید ہے اور اسی طرح ۲ ماہ تک استعمال کرنے سے تقویت حواس کرتی ہے اور اگر
گندک صاف شدہ ایک دانگ لیکر ایک دانگ بلیلہ سفوف شدہ سے ملاکر روغن تخم بیگن سے چرب کر کے ہر روز کھائیں
بوقت نہار اور یہ عمل چھ ماہ تک کریں تو تمام بال سیاہ رہیں۔ نظر ہاضمہ اور باہ برقرار ہے +
گندک کو دھونے کا یہ طریقہ ہے کہ گندک اور نمک سانبھر برابر ملاکر خوب باریک کریں اور پانی میں بھگوئیں اور
خوب حل کریں جب گندک تہ نشین ہو جائے تب پانی کو نتھار دیں۔ اسی طرح ایک چھٹانک گندک پر یہ چار سیر

کرکے شراب میں ڈالکر جو قریب پاؤ بھر ہو ۵ ا روز دھوپ میں رکھیں اور پھر ہر روز شام کو ایک ماشہ عرق کھاویں تو باہ بہت ہو +

## تماکو

اگر کسی کپڑے پر تماکو کے دہوین کا رنگ لگ جاسئے تو دودہ سے دہوکر اتار و کہ سوا اسکے کچھ علاج نہیں اگر کسی کو سرول الما رشروع ہو تو تماکو سوکھا اور برگ سنبہالو سوکھا ہر روز ملاکر حقہ میں پیوے چند عرصہ میں بالکل آرام ہو +

## دھتورہ

سیاہ دہتورہ کی جڑ جس گہر میں ہو وہاں ہر طرح سے امن اور فراخی رہیگی - اگر جڑ مذکور سکھاکر سفوف کرلیں اور ہر روز چھہ درم چاولوں کے پانی سے کھائیں تو سفید بال گرکر سیاہ پیدا ہوں - اگر سیاہ دہتورہ کو سفوف کرکے بکری کے دودہ سے مصری ملاکر بانجھہ عورت کو بقدر موافق کھلائیں تو حمل رہے اگر سیاہ دہتورہ کا پھول اتوار کو یکہ نچھتر میں زعفران میں ملاکر سفوف کرلیں اور اپنا خون اور گاے کا گھی اسمیں ملاکر پیشانی پر ٹیکا لگائیں تو جو دیکھے سو مطیع ہو +

## سنبھل

جڑ کو جو سیدہی اور موٹی ہو سایہ میں سکھاکر سفوف کرکے برابر شکر تری ملاکر ہر روز ۵ درم سے ۱۰ درم تک نہار کھائیں ایک سال برابر پھر قوت دیکھیں تا عمر جوان رہے - ایک جوگی کا تجربہ ہے - منقول ہے کہ ایک شخص نے گاؤں میں ایک پیرمرد کو دیکھا جسکے ساتھ دو جوان عورتیں تھیں اُس شخص نے دریافت کیا کہ یہ دونوں عورتیں کون ہیں بڈھے نے جواب دیا کہ میری عورتیں ہیں اور ابھی دو اور عورتیں ہیں تب اُس شخص نے حیران ہوکر پوچھا کہ کیا سب کو خوش کرلیتے ہو بوڈہے نے جواب دیا کہ ہاں ایکرات میں دو دفعہ ہر ایک پاس جاتا ہوں سنکر وہ شخص بڑا حیران ہوا تب بوڑہے نے کہا میرا ایک بیٹا ہے جو میری طرح توانا ہے اور اُسکی عمر ۸۰ سال سے زیادہ کی ہوئی ہے کہ ایک بال سفید نہیں تب اُس آدمی کو اور حیرت ہوئی - بوڑہے نے کہا تعجب نکر اللہ نے بوٹیوں کو بڑی طاقت بخشی ہے ایک جوگی نے مجھکو ایک نسخہ بتایا تھا جسکے استعمال سے اسقدر طاقت ہوئی - اُس شخص نے ہاتھ جوڑکر کہا کہ اگر مجھپر عنایت کریں تو مجھی نسخہ مرحمت ہو الغرض اُس بوڈھے نے وہ نسخہ بتادیا چنانچہ بعد معلوم ظاہر ہوا کہ یہی نسخہ تھا جو ہمنے سنبھل کے ضمن میں رقم کیا

# خاتمہ

## چند اعمال عجیبہ میں بقید ادویہ مفردہ

### بھنگ

پکھ نہپتر میں بھنگ بقدر ۴ تولہ لیکر ۴ تولہ گھی میں بھون لے تب ۳۲ تولہ شکر ۶ تولہ شہد کا قوام کرکے بھنگ اسمیں ملا دے اور ہر روز دس ماشہ میں بلاناغہ کھائے۔ جوانی برقرار رہے۔ نور بصر بڑھے بیماری پاس نہ آئے۔ بھوک بڑھے اور باہ زیادہ ہو جس سے عورتیں محکوم ہوں +

### پارہ

اگر اتوار کے دن کپاس کے پتے جسکے پھول سیاہ ہوں دو چار کھاکر اوپر سے ایک تولہ پارہ نگل جائے اور اُسپر پھر دو چار پتے کھاوے تو ایک سال تک وہ پارہ جسم میں قایم رہے اور طاقت اور حرارت غریزی اسقدر بڑھے کہ بیان سے باہر ہے +

**دیگر** اگر کسی نے کچا پارہ یا اُسکا کشتہ کھالیا ہو اور اُسکا جسم بگڑ کر خراب ہو گیا ہو تو یہ عمل کرے آرام ہو جائیگا۔ ایک عدد درخت نیل جڑ سے اُکھاڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور بیس سیر پانی میں الکر خوب اُبال کے اُس پانی کا پیالہ بھر کر آدھ آدھ گھنٹہ بعد پیتا رہے دن بھر تمام پانی پیے۔ غذا کچھ نہ کھائے تمام پارہ پیشاب کی راہ نکل جائیگا اگر دیکھنا منظور ہو تو کسی برتن میں پیشاب کرے +

### پانی

اگر دن بھر دھوپ میں گرم ہوا ہو اور رات کو چاندنی میں سرد ہوا ہو صبح کو ناشتا کے ساتھ کھایا جائے تو بمنزلہ آب حیات ہے کوئی بیماری نزدیک آئے۔ اگر گنگ پھل کو جو ایک دوائی ہے پیسکر گدے پانی میں ڈالیں تو مقطر ہو +

### پپیتہ

اگر کوئی اس تخم کو ڈورے سے اپنے ہاتھ میں باندھے تو جادو کا اثر اُسکو ہرگز نہ ہو بلکہ جادوگر پر پڑے اور بدہوا یا بدنظر نہ ہو۔ اگر بقدر چار دانہ گندم پانی میں پیسکر استعمال کریں تو عسر ولادت کو مفید ہو تپ لرزہ آنے سے پہلے چار گندم کی مقدار یہ دینا مانع بخار ہے۔ اگر روغن کنجد میں اس کو بریاں کر لو تو وہ تیل خارش آتشک کو مفید ہے ضماد آو طلاڑ اور شربا اور احیض کرتا ہی۔ اگر ۵ عدد ریزہ ریزہ

نسخوں کی قسموں کا شجرہ و نقشہ مع اُنکی شاخوں کے اسواسطے
درج کیا جاتا ہے تاکہ ناظرین کو دوا کے اقسام یاد کرنے میں سہولت ہو
دوا
تیزاب
تیل
تر
خشک
طلا
عرق
برود
سفوف
ذرور
شربت
گولی
معجون
اچار
لعوق
قرص
شیاف
حمول
اطریفل
گلقند
خمیرہ
یاقوتی
انوشدارو
تریاق

| نام دوا | سبب ایجاد کرنے کا | موقع استعمال |
| --- | --- | --- |
| روشنائی یا سرمہ | سلطان ارسطند والی صقلیہ کو عارضہ تھا جس پاس لاحق ہوا تہا اُسنے اسوقت حکیم فیس غورث سے علاج کروایا اُسنے سرمہ ایجاد کیا اور چند دوائیں باریک پیسکر آنکھوں میں لگائیں کہ اسکا اثر آنکھوں کی پلکوں پر ہوا سلطان کو آرام ہوگیا | صرف آنکھہ میں لگانے کو + |
| شربت | حکیم فیثاغورث نے اول سکنجبین بنائی تہی کیونکہ اُسنے معلوم کرلیا تھا کہ شہد اور سرکہ یہ دو اشیا میں ایسے اجزا ہیں کہ امراض سینہ کو مفید ہیں چنانچہ اُن دونو کو ملاکر مرکب تیار کیا تھا بعد ادویہ کے عرق کے جوشاندہ کے شربت بننے لگے کیونکہ اسمیں دو فوائد دیکھے ایک تو یہ کہ شربت دیرپا درست رہتا ہے اور دوسرا یہ کہ بسبب شیریں ہونیکے ہر شخص پی لیتا ہے اور طبیعت قبول کرلیتی ہے | ہر مرض پر موافق اپنی تاثیر کے جداگانہ |
| سفوف یعنی چورن وپھنکی | بموجب قول حکیم دیقوریدوس و حکیم سنحوس سفوف کا ایجاد کرنیوالا بقراط کا شاگرد اسقلینوس یونانی ہے اُس نے ادویہ کو کوٹکر سفوف بنایا تھا سب سے اوّل ملک یونان میں ایجاد کیا گیا اور فن طبابت میں یہ پہلی ساخت ہے کہ ایجاد ہوئی مگر ملک ہند میں مہاراج ساکن نیپال نے یہ طریقہ جاری کیا - ان بعد ملک کشمیر میں ایک سنیاسی حکرناتہ نے کشتوں کا مارنا ایجاد کیا گویا یہ بہی ایک سفوف کا طریقہ نکالا گیا + | جہاں یہ منظور ہوکہ دوا معدے سے جلد گزر کر جگر پر اثر کرے وہاں سفوف استعمال کرنا چاہیے + |
| مرہم | اسکو بقراط یونانی نے ایجاد کیا تہا + | صرف زخموں کے استعمال کیواسطے واضح ہوکہ مرہم میں چربی زیادہ ہوتی ہو وہ ایک سال میں بگڑ جاتا ہو ورنہ ۱۵ یا ۲۰ برس تک درست رہتا ہے |
| معجون | ملک یونان میں اول حکیم سقراط نے ایجاد کیا مگر دراصل حکیم دیوجانس نے خشک ادویہ کو پیسکر شہد میں ملاکر بنایا تھا - از اں بعد خمیرہ و سوق - یاقوتی - مفرح وغیرہ ایجاد ہوئے یعنی موافق محل و موقع انکی ساخت کی گئی + | اعضا کو قوت دینے کے واسطے استعمال کرتے ہیں یا گرمی پہنچانے کے واسطے + |

# فہرست اوزان بھاشا مع اُردو ترجمہ

| نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ترمرے | ذرہ جو بیت میں چمکتا ہے | کول | ۶ ماشہ | پرسرت | دو چھٹانک ۸ ماشہ | آدھک | ۴ سیر ۴ چھٹانک ایک تولہ |
| مرچ | ۶ ذرہ کا | کرکھہ | ۱۲ ماشہ | بجل جھرد | ۴ چھٹانک ایکتولہ ۴ ماشہ | ترہنس | ۴ ماشہ |
| راجکاں | ۲۴ ذرہ کا | دالید | | مانگا | آدھ سیر ۲ تولہ ۸ ماشہ | درون | ۱۷ سیر ۱۲ تولہ ۴ ماشہ |
| ٹانک | | سکت | ۲ تولہ ۸ ماشہ | سرادو | | سورت | دودہون |
| دسان | ۲ ماشہ | پل | | پرستھی | ایک سیر ایکچھٹانک ۴ ماشہ | درونی | دو صورت |
| دہرن | | شست | ۵ تولہ ۴ ماشہ | | | دن | |

## جدول - اسمیں نسخوں کے ایجاد کرنے کا بیان اور اُنکے موجدوں کے نام مفصل مرقوم کئے گئے ہیں

| نام دوا | سلسلہ ایجاد کرنے کا | موقع استعمال |
|---|---|---|
| برود بخرپوملی | حکیم سقیانوس نے اپنے سلطان کے واسطے بنایا تھا۔ سلطان کو عارضہ درد چشم تھا اُسنے سرو اجزا کوٹکر کپڑے میں باندھکر ترکرکے آنکھ میں لگانے کو کہا تھا۔ باقی اجزائے گرم بعد میں شامل ہوئے ہیں + | دُکھتی ہوئی آنکھ کی سُرخی کاٹ ڈالنے کو مفید ہے |
| حب یعنے گولی | بموجب قول حکیم بخوس کے اسکا ایجاد کرنیوالا اسوفون جد مادری افلاطون ہے دبقول بعض لقمان بقول بعض جاماسپ شاگرد لقمان ہے مگر سب حکیم اسپر متفق ہیں کہ ہون اسکا مخترع ہے۔ سنادق بثیاف بشنف یہ سب حب کی شاخ ہیں۔ ملک ہند میں دہنونتر بید اسکا موجد مانا جاتا ہے مگر اُسنے سرف بارہ گٹکا بنایا تھا + | اکثر ایسی جگہہ استعمال کرتے ہیں جہاں دیر تک دوا کی تاثیر رکھنی منظور ہوتی ہے جیسے کھانسی کے واسطے موہنہ میں رکھکر چوسے اور ضعف معدہ کیلئے کہنا کیونکہ گولی دیر تک معدہ میں ٹھیرتی ہے + |

| نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت |
|---|---|---|---|
| درہمی | ایک درم یعنی ۳ ماشہ بقول بوعلی سینا | کیلیچہ | دو من سے کچھہ قلیل المقدار |
| | ایک مثقال یعنی ۳ ماشہ ۶ رتی | کیلہ | تین سو درم سے کچھہ زیادہ |
| درم | ۳ ماشہ | ماشہ | ۸ رتی |
| درہم | ۸ جو بھر | مثقال | طبی ایک سو بیس جو بھر کہ ۳ ماشہ ۵ رتی ہے |
| دینار | ایک مثقال شرعی یعنی ۵ ۔ جو بھر | | بعض کہتے ہیں ۳ ماشہ پونے دو رتی اور |
| رتی | ۴ جو یا ۸ چاول | | بقول بوعلی بہتر وہ جو بموجب شرع بیس |
| رطل | بغدادی ۱۲ ۱/۲ اوقیہ ہندی ۸ ۲ تولہ ۴ ماشہ | | قیراط ہو + |
| | رطل مدنی عراقی کا ڈیوڑھا۔ مکی عراقی کا | مد | صاع کی چوتھائی کہ سوا دو رطل عراقی ہوتا ہے |
| سرخ | یہ وہ ناگھونگچی کو کہتے ہیں جسکو رتی بھی کہتے ہیں | ملعقہ | چمچہ بھر۔ تراشیدار کا چار اور جستک کا دو |
| سکرجہ | کبیرہ ۱۹ اوقیہ۔ صغیرہ ۵ ۲/۳ اوقیہ ۱ مطلق | | مثقال بھر + |
| | سکرجہ سوا چھہ استار | من | مطلق من سے اطبا دو رطل عراقی مراد لیتے |
| سرتیاسا | ۱۲ ماشہ | | ہیں کہ ۵۶ تولہ ۹ ماشہ ہوا۔ مکی ۱۲۰ مثقال کا |
| شعیرہ | دو چاول | | رومی ۱۸۰ مثقال کا مصری و انطالیسی ۱۲ |
| صاع | طبی ۵ ۴ ۲ تولہ شرعی ۹ رطل | | مثقال۔ سکندری ۲۶۲ مثقال فطری ۲۴۰ مثقال |
| طسوج | درہم کا تسو و حبہ۔ مثقال کا تسو ہا | | تبریزی ۶۰ مثقال۔ شاہی ۱۲ مثقال |
| تسو | حبہ اور دو چاول | | ہندی ۴۰ سیر + |
| قسط | رومی ۱/۲ ۹ رطل بقول بوعلی ڈیڑھ رطل | مکوک | ۳ کیلچہ |
| | ایک پیمانہ ثقیلی کا کہ ۵ ۲ کیلہ اور ۳ ۲ کیلچہ | وسق | ۶۰ صاع شرعی |
| قفیز | کے قریب ہو + | ویبہ | نصف صاع شرعی |
| قنطار | چھہ من | اوقیہ | ۴۰ درم |
| قیراط | طبی سوا چار جو شرعی پونے چار جو | استار | ساڑھے چار مثقال + |
| کف | ایک مٹھی بھر یعنے چھہ مثقال۔ | | |

| نمبر | نام | فوائد | ترکیب |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | [illegible] | عرق سونف عرق پودینہ مقوی معدہ و ہاضم ہین عرق کاسنی مقوی جگر مسکن حرارت وجوش صفرا۔ عرق گلاب اور عرق بید مشک اور عرق کیوڑہ مفرح اور مقوی قلب ہین عرق گاوزبان ملین مسکن ہے ۔ | جس عرق کا نکالنا ہو اُسکو مناسب پانی مین ڈالکر بطریق معمول نال لگا کر عرق نکال لو۔ سیر بھر دوا کے لئے ۲ سیر پانی ڈالنا چاہیے ۔ |
| ۱۲ | گلقند | ملین طبع مقوی دل و معدہ مفرح قلب ہے | گلاب کے پھول تازہ لیکر دو چند قند یا کھانڈ مین ملا کر مالیدہ سا کر لو۔ اسیطرح سیوتی اور موتیا کے پھولونکا گلقند بناتے ہین کبھی بجائے قند شہد ڈالتے ہین ۔ |
| ۱۳ | لعوق سپستان | پُرانی کھانسی کیواسطے مفید ہے مواد کو تری کے سبب بآسانی نکالتی ہے ۔ | لسوڑیان دو سو عدد عناب ولایتی ۵۰ عدد تخم اسکی ایک تولہ ملہٹی ایک تولہ بہدانہ ایک تولہ سب کو کوٹکر پکا کر آدہ سیر شکر کے ساتھ قوام کرلین ۔ |
| ۱۵ | [illegible] | مقوی دماغ و معدہ و جگر مقوی باہ و مفید اوجاع مفاصل دافع قولنج ریحی مضر محرور مصلح شیر تازہ ۔ مقدار خوراک از دو تا چہار مثقال ۔ | سونٹھ ۔ مرچ سیاہ ۔ دارفلفل دارچینی ۔ آنولہ بہیڑے کا چھلکہ ہلیلہ ۔ زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ ۔ بیخ بابونہ دار چیل تازہ ہر ایک سُس درم تخم بابونہ یا چہار درم مویز منقےٰ ۳۰ درم شہد سہ چند سب کو ملا کر قوام کرکے معجون بنائیں |

## نقشہ وزنون کی کیفیت کا جو علم طب مین مستعمل ہین

| نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت | نام وزن | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| برمہ | دو قیراط یعنی ½ رتی | چھٹانک | ۵ تولہ | دام | ایک تولہ ۸ ماشہ ۔ دام پختہ ملیتی |
| بندقہ | ایک درم یعنی ۳ ماشہ | حبہ | حبہ فضی ۲۔ چاول اور ذہبی ۴ چاول | | ۹ ماشہ خام ایک تولہ ۲ ماشہ |
| بہلولی | ایکدرم القول البعض ۱۴ ماشہ | | | دانق | بموجب طب یونانی بموجب شرع چاول |
| پیسہ عالمگیری | ۱۲ ماشہ | چاول | ۸ خشخاش | دانگ | سے زائد یا نداز ہ مثقال کا ہے اور |
| تولہ | ۱۲ ماشہ | حمصہ | ایک قیراط یعنی ایک رتی | | درہم کا دانگ بموجب طب ۲ رتی اور |
| ٹانک | ۴ ماشہ | خرنوب | آرتی اور خرنوب شاہی ۲ رتی | | بموجب شرع ۲ رتی بموجب ایران ۳ جو کی |

| نمبر | نام ادویہ مرکبہ | خواص | طریق ساخت |
|---|---|---|---|
| ۳ | [illegible] | دماغ کے مرضون اور جلدی بیماریوں کو از حد مفید۔ خوراک سہ ماشہ سے دو تولہ | تینون قسم کی ہڑ کا چھلکا خواہ کابلی ہڑ کا چھلکا بہیڑہ اور آنولہ کا چھلکا سب ایک ایک جزو۔ اسطوخودوس گل بنفشہ دو دو جزو افتیمون انیسون بادرنجبویہ ہر ایک ڈیڑھ جزو سفوف کرکے سہ چند شہد خالص کف گرفتہ مین قوام کرین۔ |
| ۴ | [illegible] | آنکھ کان ناک سر کے درد کو جو نزلہ سے ہو اور بواسیر کو مفید ہے خوراک ایک ماشہ سے ایک تولہ تک | تینون اقسام کی ہڑ کا چھلکا دھنیا سوکھا ہوا سب برابر سفوف کرکے روغن بادام یا گاؤ کے گھی مین چرب کرکے سہ چند شہد کف گرفتہ مین ملاکر رکھین اور دو ماہ بعد کھائین۔ |
| ۵ | برشعشا | زکام نزلہ لقوہ فالج رعشہ مرگی سبات نسیان الخوانیا زایل کرتا ہے اعصاب اسہال کہنہ قبض سلس بول کھانسی درد جوڑ بلغمی ضعف معدہ وجگر سرعت انزال کو مفید خوراک رتی سے ایک ماشہ تک | فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک چار جزو افیون مصری دو جزو۔ زعفران ایک جزو۔ بالچھڑ۔ عاقرقرحا۔ فرفیون ربع جزو سب جدا جدا سفوف کرکے سہ چند شہد کف گرفتہ مین قوام کرکے تین مہینے جو مین رکھین پھر نکالکر استعمال کرین نہایت مفید و مجرب ہے۔ |
| ۶ | تیزاب | گوشت زائد کو قطع کرتا ہے دمل سخت کو توڑتا ہے مواد موکو بہاتا ہے اگر دو چار قطرے تیزاب کے ایک پیالہ پانی مین ڈالکر پئین تو ہاضمہ کو قوت دیتا اور درد شکم کھوتا ہے۔ | شورہ قلمی پھٹکری نوشادر سب برابر سفوف کرکے آتشی شیشی مین ڈالکر گل حکمت کرکے دیگدان مین رکھین اور شیشہ پر کوئی دوسرا برتن کانچ یا پتھر کا جوڑدین نیچے بہت مدہم آگ جلادین تیزاب نکلکر دوسرے برتن مین آجاویگا اسیطرح گندک کا اور فاروقی تیزاب نکالتے ہین کسیس کا تیزاب بھی اسی طرح بنتا ہے۔ |
| ۷ | خمیرہ بنفشہ و گاوزبان | کھانسی بخار سینہ و حلق زکام و نزلہ کو مفید ہے۔ منہ مین لیکر لعاب چوستے ہین | بنفشہ عمدہ اگر گل بنفشہ ہو تو بہتر ہے کسیقدر لیکر پانی قدرے مین جوش دیں جب پانی جل جائے تو بنفشہ کو گھوٹ لین کہ بلغم سا ہوجاویگا تب قوام مین ملاکر سرد کرلین اور مستعمل کرین اور اگر منظور ہو تو مغز بادام مغز کدو تخم خشخاش اضافہ کرین خمیرہ گاوزبان کی بھی یہی ترکیب ہے۔ |

یا گھٹنا ناطبیعت پر دشوار ہو مقدار اسکی شربت کا ایک تولہ ساڑھے دس ماشہ مروج ہے۔ وقت پینے جوبچینی کے بدن کو کپڑے سے ڈھانک کر برتن کو کھولیں تاکہ بھاپ تمام بدن علی الخصوص دماغ کو لگے اور جب سرد ہو تب پئیں اگر پسینا آوے تو نہ پوچھیں بلکہ کپڑوں میں خشک ہونے دیں۔ اگر کپڑے چوب چینی کے جوشاندہ میں رنگ کر پہنیں تو ازحد مفید ہیں تھوڑی دیر بعد پینے کے ہوا سے بچیں اور ایام استعمال میں کھٹائی نمک بقولات لبنیات کثرت جماع۔ دوڑنا اور غم و فکر کرنا وغیرہ سے پرہیز کرے۔ اور چوب چینی کے فضلہ کو نہ پھینکیں بلکہ جمع کرکے سکھانے جائیں تاکہ پھر کبھی کسی قدر کام آئے یا اسمیں پانی جوش دیکر سرد کرکے تمام دن پیا کریں طریقہ اُسکے خوش کا یہ ہے کہ پہلے اُسکا پوست چھیل لیں بعد اُسکے تیز چاقو سے ورق ورق اُتاریں یا بقدر باقلا ٹکڑے ٹکڑے کرلیں اور جو غبار وقت تراشنے کے الگ ہو اُسکو دور کریں تاکہ چوب چینی کے ساتھ مجاری میں جاکر سدہ نہ پیدا کرے۔ تب کسی قلعی دار برتن میں یا سونے چاندی چینی کے برتن میں عرق بید مشک یا عرق گاؤزبان یا کسی عرق نونیار یا خالص پانی میں بھگوئیں اور صبح کو سرپوش دیکر خمیر سے مُنہ بند کرکے آگ پر جوش دیں جب پانی جلکر نصف رہے تب اتار کر حسب معمول مستعمل کریں مگر وزن کا طریقہ یہ ہے کہ سرپوش میں ایک سوراخ کریں اور کسی لکڑی پر نشان کرکے اُس سے دیکھتے رہیں یا برتن کا دہرا کرکے وزن معلوم کریں۔

## بیان اُن ادویہ مرکبہ کا جو تیار رکھی جاتی ہیں اور بطور ادویہ مفردہ مستعمل ہیں مع اُنکے خواص اور طریق ساخت کے صرف اُسی قدر مرقوم ہیں جو مشہور ہیں

| نمبر شمار | نام ادویہ مرکبہ | خواص | طریق ساخت |
|---|---|---|---|
| ١ | انوشدارو سادہ | مقوی باہ و معدہ و جگر و دل و دماغ مسمن خفقان۔ ہیا بچے چالیس روز بعد کھانا چاہئے خوراک ٦ ماشہ سے ٢ تولہ تک | آنولہ صاف کیا ہوا گٹھلی سے شیر گاؤ میں آٹھ پہر تک تر کرکے صاف کریں اور اسقدر پانی ملاکر پکائیں کہ تمام جذب ہوجائے سب ملکر صاف کریں اور شہد کف گرفتہ اور شکر برابر ملاکر قوام کریں تب گل سرخ ناگرموتھ لونگ مصطگی سگند بالا چھالچینی دانہ الائچی سب برابر کہ شہد کے سوم حصہ ہوں ملادیں |
| ٢ | انوشدارو لولوی | مفرح مقوی قلب دافع خفقان و حمیات حارہ۔ خوراک ایک تولہ۔ | مروارید بن بندہی سنگ یشب ایک ایک جزو ہیں ورق عرق کیوڑہ و گلاب میں حل کرکے عود خام۔ طباشیر۔ بالچھڑ دو دو جزو سفوف کرکے ابریشم خام ڈیڑہ جزو سکو دوچند شیرہ آنولہ تازہ میں ساتھ قند سفید کے کہ سہ چند سب کے ہو قوام کریں۔ |

گاے کا دودھ بسبب کثرت چکنائی کے گرم تر ہے۔

## دستور پینے دودھ عورت کا

واسطے تقویت اور ترطیب بدن کے اور دماغ کے اور طراوت حلق کے اور دفع بیخوابی کے اور تفتیح سدہ خیشوم کے اور دق و سل و دق وخشکی سینہ و کہانسی و سرسام اور خون جانے اور خون تھوکنے کو مفید ہے ادویہ مناسبہ سے ملا کر دینا چاہیئے اور گرم گرم دینا چاہیئے ادویہ مناسبہ سے جیسے گھوڑے کا دودھ گرم نہ دو گے تو بسبب اپنی لطافت کے جلد فاسد ہو جائیگا۔ بلکہ اگر ممکن ہو تو پستان سے منہ لگا کر پئیں جسکا دودھ ہو وہ عورت بھی جوان صحیح مزاج معتدل اور دختر زائیدہ ہو اور غذائیں بھی لطیف اور ہلکی اور موافق مرض کھانی چاہیئں کیونکہ تفتل غذا و لہا سے بدہضمی وغیرہ کا خوف ہے اور کھٹائی اور دہی وغیرہ سے پرہیز کرنا واجب ہے۔

## بیان استعمال چوب چینی

| آسیوس | نمک چینی | آسیوس | ایک نمک ہے سفید مائل بہ زردی جو دریا شور کے کنارے مشابہ نوشادر پیدا ہوتا ہے | گرم خشک ۲ اور بقول ۳ | سورش سج | صمغ عربی | | ایک دانگ سے تا نیم درم | شہد کے ہمراہ معجون بنا کر چاٹنا واسطے زخم ریہ ضیق النفس بلغمی کہنہ کے نافع ہے۔ منجن اسکا قاطع خون دندان۔ اور سرکہ کے ساتھ ورم تلی یا گردہ پر لیپ کرنا مفید ہے اور بطم کے گوند کے ساتھ ضماد کرنا خنازیر کو تحلیل کرتا ہے شہد اور مرہم روغن کے ساتھ زخموں کو صاف کرتا اور پھیلنے سے روکتا ہے |
| آش جو | کشک جو | ماء الشعیر | مشہور غذا ہے جو کے چھلکے دور کر کے چودہ حصے پانی ڈال کر دھیمی آنچ پر پکاتے ہیں اور کفنا تار لیتے جاتے ہیں | سرد تر | آنتوں کو | گلقند | | حسب قوت | امراض حارہ میں بہت مفید ہے اور تشنج اور استفراغ اخلاط محرقہ اور منقی معدہ ہے اور بدن میں آسانی سے پہنچتا ہے اور لذیذ اور معتدل غذا ہے۔ اور پیاس کو بجھاتا ہے اور باوجود صفائی کے مہیج اخلاط فاسدہ نہیں ہے۔ اور معدہ میں نفخ اور زیادتی پیدا نہیں کرتا خصوصاً جبکہ عمدہ پکا ہو |
| آک یا مدار | خرک | عشر | زہریلے دودھ والا درخت رنگ سبز سفیدی مائل تلخ مزا | دودھ گرم ۴ خشک پھول گرم خشک ۲ | جگر و پھیپھڑا | روغن | شبرم | ۳ ماشہ | دودھ اسکا جلد میں زخم ڈالتا ہے اور سوزش پیدا کرتا ہے۔ دست لاتا ہے اور بلغم نکالتا ہے اسکے پتے سرد ورم کو تحلیل کرتے ہیں اور درد کو آرام دیتے ہیں اور کھانے سے پیٹ کے کیڑے مرتے ہیں۔ پھول اسکے ہاضم اور مفید معدہ کی بیماریوں کو اکسیر ہیں + |

| مشہور نام | فارسی میں | عربی میں | ماہیت صورت رنگ ذائقہ | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر شربت | خاصیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی | ″ | ″ | ″ | ″ | ″ | ″ | ″ | ″ | نقرس اور مفاصل کے درد کو تسکین ہوتی ہے اور حیض کا خون طلا کرتا درد سر کو تسکین دیتا ہے اور ناسور کو بھرتا ہے - پینا زہر ہے اور اسکا حمول مانع حمل ہے اور حیض کے کپڑے کی دھونی تپ لرزہ کو مفید - منی اسکی برص - بہق - کلف کو نافع - اسکے پیشاب کا نمک جو تانبے کے برتن میں جوش کرکے بناتے ہیں چھائیں اور آنکھ کی سفیدی دور کرتا ہے مجرب ہے + |
| آذر بو یا آذریویہ | چوہ عباغان | | جڑ ہے ایک گھاس کی سیاہ رنگ مشابہ شلجم شاخ و پتے بشکل کرنب پھول زرد رنگ | گرم خشک ۳ | خفقان غثیان قوی | | تخم اترج زراوند طویل و تودریج | ایک مثقال سے تین مثقال تک | جلا کرتا ہے - پیاس لاتا ہے ہچکی کو بند کرتا ہے - مدر بول وحیض اور مسقط جنین ہے - پتھری کو توڑتا - ورم کو تحلیل کرتا ہے - و باقی فضلات کو جذب کرتا ہے - درد مفاصل کو نافع ہے - اپنی تریاقی قوت کے باعث حیض کو بند کرتا ہے اور ہوام کے کاٹنے کو تسکین دیتا ہے سرفہ بارد اور رطوبی کو مفید ہے مول اسکا بواسیر تنقیہ رحم کے واسطے نافع ہے سرکہ کے ساتھ لیپ کرنا تلی و عرق النسا کو دفع کرتا ہے + |
| آرغیس | یوست بیخ زرد شدہ | عود الریح | زرشک کی جڑ کے مشابہ ہے | گرم ۱ خشک ۲ | کھانسی | شہد | مامیراں و ریوند | ۲ مثقال | اسکے جوشاندہ سے غرغرہ کرنا دانتوں کے درد کے واسطے مفید ہے - اسکے باریک پیس کے آنکھ میں لگانا مقوی باصرہ ہے + |
| آزنگل | | | ایک بڑا درخت ہے | سرد خشک | . | . | . | - | جلا کر ہوا لا - لیپ اسکا سوجن کو دور کرتا ہے - مرہم اسکا زخموں اور دنبلوں میں گوشت پیدا کرتا ہے + |
| آریلا | | | خیار کی قسم سے ہے | سرد تر | مولد تپ عفنیہ | سرکہ | . | . | بلغم اور ریاح کو پیدا کرتا ہے اور ثقیل ہے + |

| مشہور نام | فارسی میں | عربی میں | ماہیت رنگ و ذائقہ | طبیعت | مضر | مصلح | بدل | قدر خوراک | خاصیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آبنوس | آبنوس | آبنوس | ایک درخت ہے بڑا سیاہ رنگ ذائقہ پھیکا مع تلخی | گرم خشک ۲ | معدہ | صمغ عربی و شہد | بیری لکڑی | ۱۰ ماشہ | لطیف کرنیوالی پیشاب لانیوالی - گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے طحال کا سدہ کھولتا ہے خون کا جوش بجھاتا ہے - جذام اور کھجلی دور کرے - زخموں کا خون بند کرے - سیلان منی دفع ہو سرمہ اسکا سونف کے ساتھ رتوندہ اور سفیدی آنکھ کی کھوتا ہے + |
| آبیل | . | آبیل | جڑ ہے مشابہ بیخ سنبل کے پتے ہیں شکل اسپست اور بیج شکل کاہو کے خوش مزہ | گرم خشک | | | | ۷ درم تک | پیشاب جاری کرتی ہے - تلی کے واسطے مجرب ہے یہ ایک جڑ ہے مشابہ جند فوقا کے موسم بہار میں ندی کے کنارے پیدا ہوتی ہے - اور جو خشک زمین میں پیدا ہوتی ہے وہ قاتل ہے + |
| آش جو | جو برہنہ جو گندم | سلت | جو کی قسم سے ہے | گرم خشک اول میں گرم دوم میں تر | معدہ | سونف چربی و شیرینی | | | دودھ کے ہمراہ پکاکر کھانا بدن کو فربہ کرتا ہے - اسکی روٹی گرم کھانا ملین طبع ہے اور خلط صالح پیدا کرتا ہے - اسکا لیپ ورم کو تحلیل کرتا ہے - کلف اور نمش کو دفع کرتا ہے + |
| آچین | | آچین | ایک بڑا درخت ہے | گرم خشک | . | . | . | | اسکی جڑ کا پوست مسہل قوی ہے - آتشک اور زخم خبیثہ کو نافع ہے - اگر دست زیادہ آویں اور گرمی کرے تو دہی پلادیں - لیپ اسکا سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے + |
| آدمی | مردم | انسان | مشہور معروف ہے جوان قوی الاعضا صحیح المزاج تام الخلقت سب سے بہتر ہے | معتدل | . | . | . | . | اسکے کان کے میل کا ضماد کرنا شقیقہ کے واسطے مفید ہے پینا جلی ہوئی ہڈی کا تین قدر ہر روز ساڑھے چار ماشہ بوزن شکر کے ساتھ - صرع - عرق النساء اور مفاصل کے لئے مجرب ہے - اسکے موئنہ کا لعاب بچھائیں - قروح اور سپیدی آنکھ کو دور کرتا ہے اور ہڈیاں کی بیٹ کے ساتھ مسوں کو کاٹتا ہے - فصد اور حجامت کا خون طلا کرنے سے |

| تفصیل درجوں اور مزاجوں کی | نام دواؤں کا |
|---|---|
| سرد خشک سوم میں | بیخ انجبار - بھنگ - کشنہ قلعی - تخم خشخاش سیاہ - سرو کا پھل - بنا - بلکتھہ - بچھو - لفاح + |
| سرد خشک چہارم میں | افیون - بیرا - دھتورہ - خانق النمر - |
| سرد اول خشک دوم | جھاؤ - مورد - جو کا بیج - بلوط - بہیڑہ - توتیاے کرمانی - باجرا - مہندی - خلروخن - بہی کہٹی - گل ارمنی - رسوت - ہڑ پیلی - ہڑ سیاہ |
| سرد اول خشک سوم | اقاقیہ - مردار سنگ + |
| سرد دوم خشک اول | امراہ - بردی - پوست خشخاش - توت کہٹا - زعرور - لیموں + |
| سرد سوم خشک اول | فالہ - عصی الراعی |
| سرد دوم خشک سوم | سرمہ - آنولہ - تخم دھنیہ - ہیرادکھی - مائیں - جامن - سرکہ - زمرد - شہدانہ - عدس مقشول - صندل سرخ - طباشیر - موچرس - سیندور |
| سرد سوم خشک دوم | برف - جنگلی خشخاش - صندل سفید |
| سرد خشک بلاقید درجہ | بیر کا بچی - چولائی کا بیج - بزر خسک - نیلوفر کے بیج - حصرم - حب الریاس - سنگھاڑہ خشک - انار کی جڑ کا چھلکا - غبار الرحی - گوبھی |

## یہاں سے ادویہ مفردہ کا بیان شروع ہوتا ہے جو اٹھائیس باب پر منقسم ہے

| | |
|---|---|
| | واضح ہو جن دواؤں پر + نشان ہے وہ ادویہ غذائیہ ہیں اور جنپر یہ ٭ علامت ہے وہ بطور مصالح یا ذائقہ ہیں |
| | باب الالف (۱) |

| تفصیل درجوں اور مزاجوں کی | نام دواؤں کا |
| --- | --- |
| گرم سوم میں خشک چہارم میں | بتنگ |
| گرم چہارم میں خشک دوم میں | ہینگ - بشحم حنظل + |
| سرد تر اول میں | پالک - ریشہ خطمی - تخم خبازی - میٹھا انار - بہی کاسنی - کوہ - باقلا - برھل خام - پوی - بید مشک - |
| سرد تر دوم میں | اناناس - ککڑی و کھیرا و تربوز کا بیج - چولائی - بھنڈی - بہدانہ - تخم بیٹھ - دودھ - چکوترہ - آڑو - سرطان بسیسہ - کاہی - ککڑی - کھیرا - کدو کھیرا کنول گٹہ - گل نیلوفر - عورت کا دودھ - ماش - مشمش یعنی خوبانی - توری |
| سرد تر سوم | قطر |
| سرد اول تر دوم | آلو بخارا - بنفشہ - مچھلی - |
| سرد سوم تر دوم | اسپغول - خرفہ - کلفہ کا ساگ |
| سرد تر بلا قید درجہ | دماغ روس - سنگھاڑہ سبز |
| سرد دوم تر اول | کدو کے بیج - خشخاش |
| سرد دوم تر سوم | پارہ |
| سرد خشک اول | جو کے بال - لونگ - گل کلفہ - نشاستہ - چاندی کا ورق - آلو - انار دانہ - چاندی کا میل - کاغذ - |
| سرد خشک دوم میں | ابار - ابنر باریس - ببول - گل لیکا - زیرہ - کاہو - بزرالسان الکل - چاول - املی - تیواج - گل انار - عاشا - حب الآس - حجر الیتب - انگور کا پانی جمایا ہوا حلزون - خرنوب - ضمان صغیر - انار کھٹا - ریباس - سعیدۂ کاشغری - سماق - سیب - گل مختوم - طین مخزہ - عقیق - سپاری - پستہ کا چھلکا - نسپال انڈے کا چھلکا - کا کج - کتھہ - موتی - مائیا - مونگا - سنگجراحت - ہاتھی دانت - مشک دانہ ؛ |

| تفصیل درجوں اور مزاجوں کی | نام دواؤں کا |
| --- | --- |
| گرم خشک درجہ سوم میں | اجواین دیسی - سورنجان مکھی - شورہ - اونٹ کٹارہ - امرسیل - اوٹنگن - پنیر مایہ - تنکی کا بیج - اجواین خراسانی - بخور مریم - پیاز - بندال - بورہ ارمنی - بہمن سرخ - پپیتہ - پیارانگا - تسوت - توبال - تافیا - لہسن - جاؤشیر - جدوار - پکہان - بید - پستہ - کالا دانہ - سرسوں - حماما - کشکی ہر قسم - درونج عقربی - کبیر بلسان کا تیل - دیودار - سولف - راج زرد - ہرتال - سمندر جھاگ - سکبینج - ہینگ - سہاگہ - کلوکی - درمنہ ترکی - صابون - عاقرقرحا - ہلدی - عشبہ - عود بلسان - فطراسالیون یعنی کرفس پہاڑی - فلفل سفید - کالی مرچ - کچلہ - قرومانا - لونگ - بارہ سنگا - کوٹھہ - قنطوریون صغیر - قیصوم - رال - کالی زیری - کباب چینی - گندک - کریلا - لکروندہ - کرنجوا - باچی - رسکپور - بیر السبس + |
| گرم خشک چہارم میں | پیٹھا تیلیہ - زنگار - بیلہ تھوتھہ - جمال گوٹہ - حسن یوسف - رائی - جنگلی تلی - فرفیون - سجی - بیسل - مازریون - نفط |
| گرم اول خشک دوم | ترنج - اسطوخودوس - اسفنج - اسقولوقندریون - افسنتین رومی - زرالکشوث - تخم ریحان - تخم سنگترہ - کاسنی کی جڑ - لبد - سیلگری - باقلا - حجرالیہود - سنگ مقناطیس - کالفل - کانچ - عاریقون - غافث - چھوٹی الائچی - لوره نیل + |
| گرم اول میں خشک سوم میں | کاگرہ اسپنگی |
| گرم دوم خشک اول | کندر - میتھی - سولف کی جڑ - ابرروت - بابونہ - تلسی - ترہ تیزک - لبسفائج - لطح - اخروٹ - حب الکلی - سرشف - کبوتر - حندقوقی - حی العالم - سولف - زعفران - سرخس - سنا رکی - عنبر - کسنبھہ کندر - لوبان - دوسا مروا - بیدہ لکڑی - سکبینج - ناریں + |
| گرم سوم میں خشک اول میں | کاجر کے بیج - بھلاوان - بادام تلخ + |
| گرم دوم میں خشک سوم میں | افتیموں - لوہا - پھٹکری - عود ہندی - فراسیون - زیرہ کرمانی - لاکھہ - بیل - جائفل + |
| گرم سوم میں خشک دوم میں | بابونہ جنگلی - سوئی کا بیج - پیاز - جلید ستر - کلنجی - آسپند - گاجر جنگلی - زراوند طویل - زرنب خشک - سونٹھ - تیزپات - سقمونیا - سورنجان شیریں - شیرم - گھونگچی - بہروزہ - گندنا - مالکنگنی - مشک - گوگل - سلہارس + |

| تفصیل درجوں اور مزاجوں کی | نام دواؤں کا |
| --- | --- |
| ادویہ گرم تر بغیر قید درجوں کے | بالک - جوہی - سرکی بجسنگرف - سنگدان - کشمش - گل مہندی - بھیڑ کا دودھ - بادالجم - حریرہ - کلہ پاچہ |
| ادویہ گرم تر درجہ اول میں | بالنگو - بزرالطلب - ترنجبین - تمر چنا - خصیتہ الثعلب - املتاس - ستوت منقی - گھی - انڈے کی زردی - کھو گڑ تیل - گاوزبان - بادام شیریں - بریارا - السی کا تیل - مکھانہ - بڑھل پختہ + |
| گرم تر درجہ دوم میں | دنبہ - برگد - سرکھوکہ - چقندر - اسفیداج - آبنہ - اسقنقور - خربزہ - نبولہ - شرابقہ - پستہ - منڈی - حب الزلم - ناگدون کے بیج + |
| گرم اول میں تر دوم میں | اُڑد - خربزہ کے بیج - پلول - سیب - میٹھا توت - انجیر - شقاقل - سوئی - گنّہ - اروی - کھرنی - لوبیا + |
| گرم دوم میں تر اول میں | بزرالمرو - تودری - چرونجی - خوب کلاں - جلنجبین - گورہ کھجور - جھینگا - شکر سرخ - شلغم - بالنگو - ساگودانہ + |
| گرم سوم میں تر اول میں | تخم شلغم |
| گرم خشک اول میں | اڑوسہ - سریش - اکلیل الملک - بادآورد - بندق - مائیں - میتھی - گلو - گیہوں کی بھوسی - نسرین - ہوا - تال مکھانا |
| گرم خشک دوم میں | آبنوس - رتن جوت - لنکول - اسلق - جراکس - اسارون - کبر کی جڑ - بچ کی جڑ - ناخونہ - انجدان - سوسن کی جڑ - پاپھڑ - بیگن - بادیان خطائی - برنگ کابلی - برنجاسف - کچری کا بیج - تخم انجود - اسبند - بزرلقلہ - الالضا - تخم گندنا - تخم پیاز - جاوتری - چھوکرسول - بوزیدان - بندق - بہمن - فید بھیگرہ - چاکسو - خطائی - جدبا - بین پھل - جالیس - بلکاین کے بیج - چلغوزہ - مٹر - ارنڈ کے بیج - خولنجان - دارچینی - دارفلفل - ہلدی - ریوند چینی - زراوند - مدہرج - زرنب - ترکھور - شنگرف - زوفائے خشک - سوتھ - سانپ کی کینچلی - تج - پاپھڑ - سندروس - اربر - سویہ کے بیج - شکاعی - چینہ - پیاری - ایلوا - صعتر - حالبسفر - شہد - چڑیا - کیبیچ - کتم - کرویا - منڈی - لکرونده - اندرجو - روپاماہی - مشط الغول - مصطگی - کالانمک - اندرائن مک - موصلی - ناگ پیہ - تارمشک - نفخ - نمک - ساتھیم - دستہ الکورا - ہتھاجوڑی - یاسمین - پلاس پاپڑہ - سرسوں - آبنیہ - ہلدی - سلاجیت - افسنتین - سریش ماہی - کسونجی + |
| گرم خشک بلاقید درجہ | حب الکتم - بزرالنجام - جنگلی بیگن - تخم کرم کلہ - |

| نام ذائقہ | معنی | مزاج مع عنصر | خواص الادویہ |
|---|---|---|---|
| دسم | چکنی | معتدل۔ لطیف | اعضا کو سست اور گرم کرتی ہے۔ تلیین کرتی ہے۔ تراوت بخشتی ہے۔ ورم کو پکاتی ہے۔ جو غلط غالب ہو اسمیں ملجاتی ہے۔ معدہ میں ثقل پیدا کرتی ہے + |
| عفص | کسیلی | سرد خشک۔ کثیف مٹی اور ہوا کا عنصر | روکتی ہے۔ بکھرا کرتی ہے۔ مواد کو اندر دھکیلتی ہے۔ صلب کرتی ہے۔ حبس کرتی ہے۔ رطوبت کو بہنے سے روکتی ہے۔ زخم بھرتی ہے۔ عاصر ہے یعنی دست لاتی ہے۔ اینٹھن کے سبب سے |
| قابض | گل گھوٹو اور زبان اینٹھنے والی | سرد خشک۔ معتدل۔ کثافت اور لطافت میں | قبض کرتی ہے۔ بدن دبلا کرتی ہے۔ خشکی لاتی ہے۔ سوداوی خون پیدا کرتی ہے۔ بطن کو حبس کرتی ہے۔ ہوا کو پیچھے ہٹاتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ مغلظ ہے + |
| مالح | نمکین | گرم خشک۔ کثافت اور لطافت میں معتدل پانی اور آگ کا عنصر غالب ہوتا ہے | حل کرنیوالی۔ جلا کرتی ہے۔ خسال۔ سدہ کھولتی ہے۔ گرم کرتی ہے۔ لطیف کرتی ہے غلیظ اخلاط کو مقطع اخلاط کو سڑنے نہیں دیتی۔ بدن کو دبلا کرتی ہے۔ خشک کرتی ہے + |
| مر | کڑوی | گرم خشک۔ کثیف۔ ہوا اور سما کا عنصر غالب ہوتا ہے | زبان کو پاک اور کھردری کرتی ہے۔ خشکی لاتی ہے۔ [illegible] تی ہے۔ لطیف اور رقیق کرتی ہے۔ اخلاط کو سڑنے نہیں دیتی قبض کرتی ہے + |

## فہرست دواؤں کی انکے درجوں و مزاجوں کے موافق

| تفصیل درجوں و مزاجوں کی | نام دواؤں کا |
|---|---|
| ادویہ معتدل | ریشم۔ چھڑیلہ۔ روپا ماکھی۔ کابلی ہڑ۔ پرسیاوشاں۔ بتھوے کا بیج۔ السی۔ کاسنی۔ پان۔ رسوت۔ گیہوں۔ مرغی۔ جوار۔ انار۔ بول۔ زہر مہرہ۔ لہسوڑہ۔ سنگ تیغال۔ شیرخشت۔ گوند ببول۔ عناب۔ کتیرا۔ اعرد۔ کہربا۔ نیلز۔ ہرج۔ بحیۃ الیتیس۔ لعل۔ کیلہ۔ موم۔ یاقوت۔ سونے کے ورق + |
| ادویہ گرم تر بلا قید درجہ | تخم خطمی۔ چوب چینی۔ چقندر۔ شاہترہ۔ گل لالہ۔ عرق گلاب۔ ناریل دریائی + |

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ہاضم | ہضم کرنیوالی | بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے غذا کو گلا کر جزو بدن کر دیتی ہے + | | رام تلسی - دیسی - اجواین - نرکچور - پیپلا مول - شہد - گڑ - گل مٹھائیاں - شراب - پودینہ - فلفل ہر قسم - سونف - چیتہ - مدار پھول - سونٹھ - تیزاب - گندک وکیس + |
| منفخات | نفخ پیدا کرنیوالے | بوجہ اپنی دہنیت اور لزوجت کے | بھی - دہنیا - شراب پی کر کھانا | شراب پیکر بادام شیریں یا مغز نارجیل کھانا + |
| منضجات اورام | ورم کو پکانیوالی | بسبب اپنی گرمی کے | تخم خطمی - السی | اکلیل الملک - ایرسا - کرنب - گوند بطم کا عنبر - لادن - سپستان - موم - پیاز - بیگن - سونٹھ - سہاگہ + |

ذکر ان دواؤں کا جو رسایین ہیں رسایین اس دوا کو کہتے ہیں جو جوانی برقرار رکھے مقوی تمام اعضا اور قوی کی ہو اور مرض مہلک کو دور کرے - وہ یہ ہیں (گرم) کلہ - ٹرپان - چوبچی - مالکنگنی - بستاور - سنا - املتاس - چوب چینی - شقاقل - اسگندھ - منڈی - گندک - باچی - باراہی کند - بھنگرا - سلاجیت - شال پرنی +

## دواؤں کے مزاج اور درجوں کا بیان

مزاج عبارت ہے کیفیت عنصری سے جو کیفیت بسیط مختلفہ کی حاصل شدہ اجزاؤں کے متشابہ ہو اگر اسکا اطلاق دوا پر ہے تو اسکو طبع کہتے ہیں اور وہ نو کیفیتوں سے خالی نہیں ہوتی جن میں سے چار مفرد اور چار مرکب ہیں اور ایک اعتدال فرضی - مفرد یعنی گرم سرد خشک تر - مرکب یعنی گرم تر - سرد تر - گرم خشک - سرد خشک اور یوں کیفیت معتدل ہے - اور معلوم رہے کہ درجے چار ہیں یعنی جب دوا انسان معتدل المزاج یا ذکی الحس کے بدن میں وارد ہو کر اپنا فعل کرتی ہے تو کیفیت حرارت یا برودت کی یا تو کم یا زیادہ پائی جاتی ہے - اگر دوا معتدل المزاج ہے تو محسوس نہیں ہوتی - اور اگر غیر معتدل مزاج ہے تو کیفیت محسوس ہوتی ہے - اگر اسکی کیفیت محسوس ہے مگر چنداں نہیں تو درجہ پہلا ہے - اگر خوب محسوس ہے مگر نقصان نہیں تو دوسرا درجہ - اگر نقصان کیا ہو مگر موجب ہلاکت یا فنا کی جوہر اصلی نہ ہو تو تیسرا درجہ - اگر نقصان کرے اور جوہر اصلی کو فنا کر دے چوتھا درجہ - چونکہ ہر دوا کا مزاج بموجب درجوں کے معلوم کرنا مشکل ہے لہذا ہم مثال اور ذائقہ وغیرہ سے لکھتے ہیں مگر یاد رہے کہ یہ قواعد کلیہ نہیں بلکہ عموماً ہیں

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| منوم | نیند لانیوالی | بوجہ تری یا لطیف گرمی کے یا نشہ یا اٹھانے ابخرات اور تبخیرات کے | افیون خشخاش۔ ہرا دھنیا۔ آش جو روغن نیلوفر کا ہو۔ قبر کی خاک سوتی پر چھڑکنا | سویا زعفران۔ کسم۔ سیب۔ حماما۔ بنفشہ۔ شیرہ بادام روغن بادام گل روغن بابونہ۔ بابونہ (سب گرم) دنطول خشخاش کا۔ گل لالہ سونگھنا۔ روغن نیلوفر کا ہو ساگ سب سرد (اعضا کا ملوانا۔ بدن دبوانا چکی اور پانی کی آواز) |
| مولدات منی | منی پیدا کرنیوالی | بسبب کثیر الغذا ہونے یا لعابیت رکھنے یا رطوبت زائد کے منی کو بڑھاتی ہے | | سوہنجان شیریں۔ کچی پیاز۔ بہمن۔ بوزیدان۔ بادام۔ میدہ لکڑی چھڑیلہ۔ شلجم۔ حنا۔ حلوا۔ ناریل۔ تودری۔ سونٹھ۔ مشک۔ زعفران گندنا کے بیج۔ گوشت بریاں۔ شقاقل۔ بسفائج۔ مغز کنجد۔ شیر گاؤ و شتر گوشت بط و مرغ + |
| مہزل | دبلا کرنیوالی | بسبب اپنی خشکی اور کم غذائیت کے بدن کو دبلا کرتی ہے + | | لاکھ |
| مہیج | اٹھانیوالی | کسی خلط یا قوت کو برانگیختہ کرتی ہے | گنے کا رس اور تر خوبانی صفرا کو اور ترشیاں بلغم کو | فواکہات خون کو۔ میوہ جات |
| نشف | رطوبت کو جذب کرنے والی | بسبب قوت جاذبہ کے اور اپنی یبوست کے بہتی ہوئی رطوبت کو جذب کر لیتی ہے + | کوری ٹھیکری۔ زہر مہرہ۔ پسی ہوئی چینی کا برتن۔ کتھہ۔ سنگ جراحت۔ سرمہ۔ سفید چھالیہ کی راکھ + | چونا۔ موا بادل + |

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| ممسک | روکنے والی | بوجہ خشکی یا لطیف گرمی یا قبض کے منی کو انزال نہ ہونے ۔ | [illegible] بون - دھتورہ - گل خیرو - سوتہ - کافور - ببول کے پھول - صمغ عربی - بھنگ | جوزبوا - بیربہوٹی - گوگل - اجواین خراسانی - لونگ کالی مرچ - جار ترکی - زعفران - [illegible] - دارچینی - سونٹھ - مشک عنبر - گلو کا ست - گوماں کا پھل - کچلہ - اسپند - تخم ریحان - |
| مغلظات مغیب | | | کیچوے - جونک | زرنت رومی - عاقرقرحا - کنیر کے چھلکے - بیربہوٹی - عشق پیچہ - لونگ - جوزبوا - دارچینی - زعفران - چنبیلی کا تیل - روغن زیتون - گرم کے جوشاندہ سے بار بار ملکر دھونا - بھیڑیے کی چربی - |
| مضیقات قبل | عورت کی فرج کو تنگ کرے | بسبب خشکی کے تنگ کریں | بکاین کی چھال - انار کی چھال - مولسری کی چھال - ماجو پھل - کافور - گوکھرو - املی کے چھال - ببول کے کل اجزا ۔ | شہد - کالے تل - بیربہوٹی - موابادل |
| منفخات | اپھارا پیدا کرنا | بسبب اپنی رطوبت فضلیہ کے تحلیل ہونے سے باز رہتی ہے اور ریح ہیکر پیٹ پھلاتی ہے ۔ | باقلا - لوبیا - گوبھی - جامن کی گری - کرم کلہ - پیاز - آلو - بھینگا - سکرقند - توتیا - سمندر سوکھ | موٹھ - بگلہ - شلجم کے پتے |
| منبت اللحم | گوشت بھرنے والے | اپنی قوت نامیہ سے گوشت پیدا کرکے زخم بھرلاتی ہے | کیترا - دم الاخوین - رال | |
| منبت الشعر | بال اگانیوالی | بسبب ادراج کرنے انجرات دخانی اور بڑھانے رطوبت زایدہ کے ۔ | خطمی - بیر کے پتے - املی کی دال | چیونٹی کے انڈے - ناریل کا تیل - دہی کا لگانا ۔ |

| اسم عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| مقوی | قوت دینے والی | | اسکا ذکر بھی آگے آئیگا | |
| ملطف | لطیف کرنیوالی | گاڑھے خلطوں کو نرم کرکے دفع کرتی ہے | چوکہ - سرکہ | اسقیل - دونا مروا - جراکس - مرمکی - تخم انگلس - بنفشہ کی جڑ - انجیر - بابونہ - پودینہ - تخم بلسان - اور بلاؤ کے چھلکے - شورہ - مرس - عنبر بید - اسپند - رائی - دارچینی - زوفا خشک - نلی یلسن - پیاز - زراوند - ساتر - عقرقرحا - کٹہ - اجوائن دیسی - پودینہ جنگلی - بیج - شکط - اشیع - کٹ - بلی لوٹن - ناگرموتھا - منڈی - مالم - کنڈل - قوہ - باہوبیر - باکڑ - دوس - سینہا - لیچ - سوٹھ |
| ملینات اورام | ورم کو نرم کرنیوالی | بوجہ قوت محللہ اور اپنی گرمی کے مواد کو تحلیل کرتی ہے + | السی - مہندی - خطمی - اسپغول - سک یعنی انولہ کا عصارہ - بکری کی تلی کا گودا | بنفشہ کی جڑ - ماخونہ - بلغم - کاکوتیہ - حطباطس - عنبر - کرنجوا - بول - ناگرموتھا - ارنڈی کا تیل - مرمکی - پیپلی - انگن - تیل - کاتین - [illegible] |
| ملینات بطن | پیٹ نرم کرنے والی | بوجہ اپنی لطافت اور گرمی اور دہنیت کے نرم کرتی ہے | گنے کا رس - سرکہ - خرفہ کا ساگ - پالک کا ساگ - بکری دوہیہ کا دودھ - املی - آلوبخارا - بہیدانہ | جروبچی - گرنب - نہولے کا مغز - شہد - شفتالو - سولف - قند سیاہ - گلاب - ترنجبین - سولف کی جڑ - گلقند - بنفشہ - خطمی - بہدونی - بادام - گھیکوار - مولی - چقندر - شیرخشت + |
| ملذذات | لذت دینیوالی | بسبب خوشبو و دہنیت یا تیزی کے رحم کو عصاب کو لذت دیتی ہیں اسوسطے وقت جماع لذت آتی ہے + | آدمی کے سرکے بال جلائے ہوسے - کافور | لونگ - دارچینی - کبابہ - عاقرقرحا - مستگی - موتھا - شہد - جیرہ - پارہ - زعفران - کبوتر کی بیٹ - کیمیں - مختاب - دہن - گھونگچی - مرچ سیاہ - عطر ہر قسم - سلہاجس - صابون - لیموں کا مرکب |

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| منیج | کچا رکھنے والی | حرارت کو اپنے فعل سے باز رکھکر ہضم کو ناقص اور خلط کو خام رکھتی ہے | اسپغول ۔ تخم ریحاں | سوسن کی جڑ ۔ دار فلفل ۔ تیلی ۔ دونا مروا ۔ زراوند گول |
| منجرات اورام | ورم کو پھاڑ دینے والی | بوجہ اپنی حرارت کے | نیم کے پتے | جنگلی پیاز ۔ سفیدہ ۔ ہیراکسیس ۔ ہڑتال ۔ کبوتر کی بیٹ ۔ بالم ۔ چونہ ۔ صابون ۔ کٹ ۔ قلقطار ۔ رتن جوت ۔ تھوہر کا دودہ ۔ بینگن ۔ رائی ۔ سہاگہ ۔ فرفیون ۔ مٹی کا تیل ۔ سرسوں ۔ صابون ۔ سجی ۔ ذراریح ۔ یعنی تیل + |
| مفرح | فرحت دینے والی | بسبب خوشبو یا طراوت کے دل کو تقویت اور فرحت دیتی ہے | کافور ۔ صندل سفید ۔ امرود ۔ ترنج ۔ انار ۔ آلو ۔ سبز لیموں ۔ مونگا ۔ املی ۔ طباشیر ۔ موتی ۔ نیلوفر ۔ ورق نقرہ ۔ سیب ۔ بانگہ ۔ زہر مہرہ ۔ لاجورد مغسول ۔ یشب | زعفران ۔ ابریشم ۔ لونگ ۔ مشک ۔ گھیکچ ۔ بالچھڑ ۔ پان ۔ بسفایج ۔ گلاب ۔ اگر ۔ پودینہ ۔ یاقوت ۔ عنبر ۔ ورق سونا ۔ مغز پستہ ۔ بہمن ۔ انجیر ۔ زرنبی ۔ دارچینی ۔ الائچی + |
| مقرح | زخم کرنیوالی | جمی ہوئی رطوبت کو ہٹاکر جو ہر عضو میں زخم پیدا کرتی ہے بسبب اپنی تیزی کے | | ہڑتال سفید ۔ لہسن ۔ پیاز ۔ بالم ۔ کبوتر کی بیٹ ۔ چونہ ۔ کٹ ۔ پودینہ ۔ صابون ۔ مٹی ۔ فرفیون ۔ راسن ۔ رتن جوت ۔ دودہاری ۔ درختوں کا دودہ + |
| مقئ | قے لانیوالی | بسبب تیز کیفیت کے یا غیر موافق طبع اخلاط کو ابھارکر منہ کی راہ نکالتی ہے | اسکا ذکر آگے آئیگا | |

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مسدد | چپکنے والی | بوجہ لس کے آنتوں اور رگوں کے موہنوں میں چپک کر سدہ پیدا کرتی ہے | کتیرا ۔ گوند ۔ سنگجراحت | دہویا ہوا چونہ |
| مغثی | غشی پیدا کرنے والی | بوجہ حرارت کے دل کو صدمہ پہنچا کر اور نفخ اور ریح پیدا کرکے غشی ظاہر کرتی ہے | | انیسوں ۔ اکاس بیل ۔ جاوتری ۔ گاجر کے بیج ۔ سنبھالو ۔ جاوشیر ۔ پیپلامول ۔ زیرہ ۔ مرچ سیاہ ۔ سونٹھ ۔ نرکچور ۔ زراوند ۔ تتلی ۔ دوبا ۔ حاما ۔ اجمود ۔ اجواین دیسی ۔ ناگرموتھہ ۔ صعتر + |
| مغلظ | گاڑھا کرنیوالی | بوجہ سپنے عمل یا خشکی کے منی یا اخلاط یا قوی کو سخت کرتی ہے + | گل بادی ترکاریاں ۔ اسپغول کی بھوسی ۔ بھنڈی ۔ املی کے بیج ۔ جامن کی گٹھلی ۔ بسو گوندنی ۔ سنگھاڑہ ۔ ببول کی پھلی ۔ مرجان کشتہ ۔ لنگ بالنگہا ۔ سلاجیت ۔ کالا چنا ۔ تخم نیلوفر | گل گوشت نیم بریاں ۔ بہمن ۔ تودری ۔ موصلی ۔ سنبھل کا موصلا ۔ سونٹھ ۔ منڈی ۔ ترگنڈی ۔ چھوارا ۔ گل سہاگ + |
| مفتت | پھوڑنیوالی توڑنے والی | گردہ یا مثانہ کے پتھروں کو ریزہ ریزہ کرتی ہے + | گوکھرو ۔ کالا چنا ۔ کشتہ بلور ۔ آلو | سوگندبان ۔ تلسی ۔ بچھو کی راکھ ۔ حجر الیہود ۔ خشک مرمای ۔ خربوزہ بیج ۔ پیپل پادشاں ۔ کنکول ۔ کڑوا بادام ۔ سوف ناگرموتھہ ۔ کلتھی |
| مفتح | کھولنے والی | اپنی حرارت لطیفہ سے آنتوں رگوں اور مساموں کو کھولتی ہے اور سدہ دور کرتی ہے | شاہترہ ۔ بالنگا مصری | جراکس ۔ غافلیقون ۔ بادیان رومی ۔ شاہ ریبج ۔ بنفشہ ۔ کبابہ ۔ اکاس بیل ۔ سوف ۔ ساترہ ۔ جاوتری ۔ اجمود ۔ جاوشیر ۔ پکھان بید ۔ سپند ۔ کرانی ۔ دیسی اجواین ۔ نانون ۔ خماسی ۔ دارچینی ۔ زعفران ۔ سونٹھ ۔ تخم گندنا ۔ لوٹن ۔ مصطگی ۔ گوگل ۔ مرباے ہرسیاہ ۔ ہیرا بینی بوٹی ۔ اسطوخودوس + |

| نام عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مطفی | بجھانیوالی | بسبب اپنی سردی اور رطوبت کے گرمی اور تیزی اور حرارت کو بجھاتی ہے | کافور - کاہو - مغز کدو - نیلوفر - کاسنی - دریائی ناریل - پالک کا بیج - کھیرے و کدو کا پانی سرد پانی - کاسنی - آلو بخارا - | گاؤزبان |
| معدلات | بدل دینے والی | بوجہ اپنے برخلاف افعال کے خلط کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے | ہرایک معدلات کا خلاصہ ذکر آئیگا | |
| معرق | پسینا لانیوالی | بوجہ اپنی حرارت کے بند رطوبت کو مسامات کی راہ سے نکالتی ہے | پانی پینا - کل مدہ اشیاء | خوب کھانا - گرم کپڑے پہن لینا - گرمی - |
| معطس | چھینک لانیوالی | | کافور | مرچ - پیپل - تخم جہاور - تخم سرس - سرسوں - کیسر کی جڑ و پھول اسپند سیاہ و سفید - موٹھ - گھونگچی - ہینگ - سونٹھ - نمک تماکو - نکچھکنی - کشمیری پتہ - مینگوٹ کے پھول - تارہ - ناگرموتھا |
| معطش | پیاس لگانیوالی | بوجہ اپنی گرمی خشکی یا تیزی کے پیاس لگاتی ہے | سرکہ ایکھ کا رس - سنگترہ - چاول - پھل تمام خشک اور تیز اشیاء | مرچ - نمک - قہوہ - چنا - گوشت - ارہر - باجرہ - دھوپ تمام گرم اشیاء |
| معفن | سڑانیوالی | مزاج عضو یا روح کو فاسد کرکے سڑا دیتی ہے | کچا کتا - پھوٹ - کیلے کے کچے پھل - تازہ خوبانی جملہ سبزہ + | ہڑتال - تافسیا - گندھک کا تیزاب - سنکھیا - مہر کا گوشت لہسن خام - گوشت کو آدھ جیل + |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| مسہل | دست لانیوالی | بوجہ اپنی حرارت اور تیزی کے مواد فاسد کو رقیق کرکے نکالے + | ہر ایک دوبہ کا خلاصہ ذکر آگے آئیگا + | |
| مسہل ولادت | جلد بچہ پیدا کرنے والی | بوجہ شدید قبض ہونے کے یا گرمی کے بچہ کو باہر لاتی ہے + | گلنار - اندراین کا چھلکا - نیلوفر کی جڑ - عصارۂ بارتنگ - خشخاش سیاہ کا ترکیا ہوا کپڑا - مونگا دائیں ران میں باندھنا - | گوگل - رتج - میتھی - دارچینی کھانا - زعفران ایکتولہ ہاتھ میں لینا - چمک پتھر بائیں ہاتھ میں دینا |
| مصدع | درد سر پیدا کرنے والی | بوجہ تبخیر کے - | السی - ترنج - توت - پالک کا ساگ - گلنار - گل خیرو - بلوط - | اجواین خراسانی - لوبان - گندنا - لوا - لہسن - پیاز - مسور میتھی - کھجور - خاکسی - بینگن - چکور کا گوشت - رام تلسی - جوز بوا - جراکس - مولی - بارسنگار |
| مصلب | سخت کرنے والی | بوجہ اپنی خشکی اور قبض کے جوہر عضو یا مواد کو سخت کر دیتی ہے - | | |
| مصلح | اصلاح کرنیوالی | بسبب افعال التضاد کے دوا کی اصلاح کرتی ہے + | کیترا باقی کل ادویہ کی مصلح اُنکے ساتھ فہرست خواص میں درج ہیں + | زعفران - شہد - |
| مُضر | نقصان پہنچانے والی | بوجہ اپنے برخلاف افعال کے نقصان کرتی ہے + | ہر ایک مضرات کا آگے مفصل طور پر مذکور ہوگا + | |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مسکر | جلد نشاط لانیوالی | بسبب اپنی سمیت یا سرور کے نشہ میں مدد کرتی ہیں | بھنگ | کڑوا بادام ایک عدد - زعفران - جاوتری - چھڑ طیبہ ین ۵ دانہ شراب پی کر کھانا کان کا میل بقدر ایک خشخاش ایک بوتل شراب میں ڈالنا + |
| مسکن | درد کو تسکین دے | بوجہ اپنی سردی اور قوت قابضہ کے درد کو تسکین دیتی ہے اور اخلاط اور ارواح کو حرکت غیر طبعی سے باز رکھتی ہے | افیون - پہمنا - چھپی کی جڑ - مرغی کے انڈے کی سفیدی - نشاستہ - کتیرا - گوند بوں کا + | بیج کی چربی |
| مسبت | بہت نیند لانے والی | چونکہ اعضائی نفسانی کو بےحس کرتی ہے اور دماغ کو ابخرات سے بھاری کرتی ہے اسواسطے نیند آتی ہے + | کاہو - گل لالہ | زعفران - سوا - سیب - تلسی - پودینہ کوہی - بابونہ اصطرک + |
| مسمن بدن | موٹا کرنیوالی | بسبب رطوبت فضلیہ اور کثیر الغذا ہونے کے بدن کو موٹا کرتی ہیں | چاول - دودھ خشخاش - مکھن - کیلہ | خوب کلاں - تل سفید - ستاور - آم - شراب |
| مسہر | نیند نہ لانیوالی | بسبب اپنی خشکی یا تیزی یا سوزش کے | سرکہ - کافور - سونگھنا + | چائے - رائی - کالی مرچ - مشک - نمک - لونگ سر پر لگانا - پودینہ - ایارج - فیقرا - چمگادڑ اور خارپشت کی پیٹ سر پر لگانا + |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مدارات لبن | دودھ جاری کرے | بوجہ اپنی رطوبت فضلیہ کے دودھ پیدا کرتی ہو اور بسبب گرم کے اسکو بہاتی ہے | گوند ببول سنگجراحت - سر کیترا - گوند - آلو گلنار - ال | ستاور - موصلی سیاہ و سفید - سفید تل - زیرہ سفید |
| مدمل | زخم کو بھرنیوالی | بوجہ اپنی خشکی کے زخموں کی رطوبت کو خشک کرتی ہے اور گوشت بھرتی ہے - | ملتانی مٹی - بارتنگ کا شیرہ کتھ - دم الاخوین نیم کا تیل - السی خطمی - کرم کلہ کے پتے بہیدانہ | ایلوا - سفید کیکر - موم سفید - مرزاوند - گائے کا گھی دہلد ہوا ہوا بادل - رنگ برت - ایرسا - زیرہ - |
| مرخی | اعضا کو سست کرنیوالی | اپنی قوت حرارت و رطوبت کی وجہ سے اعضا کو اور اُنکے مسام کو نرم کرتی ہے |  | سوا روغن گل - |
| مرطب | اعضا کو تر کرنے والا | بوجہ اپنی قوت رطوبت کے یا دہنیت کے اعضا کو تر کرے اور خشکی دور کرے | کدو - تربوز - اسبغول - دودھ گائے کا کتیرا کھیرا ترئی - بھنڈی | خربوزہ - گھی - موصلی - روغن بادام و نارجیل |
| مرقق | خلطوں کو پتلا کرنیوالی | بوجہ اپنی تیزی لطافت - حرارت اور رطوبت کے اخلاط کو رقیق کرتی ہے + | سرکہ - عرق لیموں | شہد - شکر - پودینہ کا عرق |
| مزلق | چکنے والی | عضو باطنی کی سطح کو ملین کر کے خلط چسپیدہ کو الگ کر دیتی ہے | آلوبخارا - پرانی املی - تخم ریحاں | ترنجبین - |
| مسدد | سدہ پیدا کرنے والی | بوجہ اپنی خشکی اور کثافت کے سدہ پیدا کرتی ہے یا مجاری میں پھنسکر اخراج کو روکتی ہے | خشخاش سفید - جامن کی گری - اسپغول املی کے بیج - کیلہ کی پھلی - | اجواین دیسی - سورنجان تلخ + |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| مدرات بول | ایضاً | ایضاً | آش جو۔ لیموں کا عرق۔ پٹ کوا۔ السی | کنکول مرچ۔ اجمود۔ کلونجی۔ پودینہ۔ عود۔ اجواین دیسی۔ خبازی۔ انیسوں۔ مغز کدو۔ برنجاسف۔ چنے کا زلال + |
| مدرات حیض | حیض جاری کرنیوالی | بوجہ لطافت و سبکی و گرمی کے خون بستہ کو گھلاوے اور غیر معتدل کو اعتدال پر لاوے یا خون زیادہ پیدا کرکے ازراہ قبل نکالے + | | پرسیاوشاں۔ کباب چینی۔ تج۔ برنگ کابلی۔ کلونجی۔ کنکول مرچ۔ کٹ میٹھا۔ اسپند۔ جنگلی تلسی۔ پکھان بید۔ اگر۔ جاؤشیر۔ زعفران۔ بابونہ۔ زوفائے خشک۔ ہو بیر۔ چنے کا زلال۔ تتلی۔ املتاس کے چھلکے۔ ناگرموتھ۔ آم۔ اجمود۔ چھڑیلہ۔ دونا مروا۔ جند بیدستر۔ اجواین دیسی۔ بھٹواس۔ فراسیون۔ بن عود صلیب۔ تل کا آب زلال۔ بنولہ۔ کپاس کے پتے اور پھول کا کاڑھا۔ برنجاسف۔ برنگ کابلی۔ منڈی۔ حبۃ الخضرا + |
| مدرات منی | منی کو جاری کرنے والی | بسبب اپنی تیزی اور گرمی کے منی کو رقیق کرکے جاری کرتی ہے + | بھٹ کٹائی کا کھانا۔ باقلا | اجمود۔ اکاس بیل۔ سونف۔ بھٹواس۔ درمنہ ترکی۔ تماکو کا کھانا + |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| محمر | سرخ کرنیوالی اکثر رخسارہ پر لگاتے ہیں | بوجہ گرمی اور قوت جاذبہ کے خون کو ظاہر جلد کی طرف کھینچتی ہیں اور عضو کو سرخ کردیتی ہیں یا اپنے رنگ سے سرخ کرتی ہیں | لالہ کا پھول - نارنگی کے چھلکے | رائی پودینہ - انجیر - جواکس - دارچینی - نمک چھڑیلہ - بالچھڑ - زعفران - حسن یوسف - مجیٹھ |
| مخدر | بےحس کرنیوالی | بوجہ اپنی سردی و خشکی و قوت قابضہ کے مسام و مجاری عضو کو کثیف کردے کہ روح نفوذ نہ کرسکے یا خود روح کو ایسا کثیف کرے کہ حرکت نہ کرسکے + | افیون - شاہترہ کی جڑ - دھتورہ - بشوکران کا تخم - پچھنا - بچھنی + | اسبند - بچلہ - تماکو کی پتی اور بیج - کندر - لونگ اجواین خراسانی + |
| مخرجات جنین و مشیمہ | بچہ نکالنے والی | بوجہ اپنی قوت ملینہ اور مسہلہ کے اعضا اور اعصاب کو نرم کرکے بچہ نکالے یا قوت قابضہ کے اعصاب کو اسقدر تنگ کرے کہ اخراج بالعسر ہو + | السی کا شافہ - مازو بیس کے پینا - مہندی سبزہ بانس کے پتے پینا - | کنکول مرچ - زراوند - تج - کالی مرچ - بوزیدان پرسیاوشاں - کشکی - کالازیرہ - انکا شافہ لینا - کلونجی پیسکر پینا - اطماس جوش دیکر پینا زعفران ایک تولہ ہاتھ میں لینا اور بقدر چار رتی پینا - |
| مخشن | کھردرا کرنیوالی | بوجہ اپنی خشکی و قوت قبض کے اعضا کو ناہموار کردے | آنولہ - جامن کی گٹھلی - املی کے بیج | رائی - اکلیل الملک - بھلاواں - آبنہ کی گٹھلی |
| مدرات بول | پیشاب لانیوالی | بوجہ لطافت اور گرمی کے غذائی مائیت یا فضلہ سیال کو دفع کرے یا بسبب سردی اور سیکی پانی کے اجزاے کم اُٹھنے دے اسواسطے بول زیادہ آوے + | گوکھرو - کھیرا - ککڑی کے بیج - گل خیرو - کاسنی کا شیرہ - خرفہ کے بیج - چرچٹہ کے بیج - لوکی کا پانی کھیرے کا پانی - تربوز کا پانی - کاسنی کے بیج | گاجر کے بیج - پرسیاوشاں - بالچھڑ - اطماس کا چھلکا سولف - کباب چینی - کٹ میٹھا - زعفران - بج رندلی زوفا - خشک تتلی - تگر - اگر - ہوبیر - بلسان |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| | " | | بہمن سفید - موصلی سیاہ و سفید - تودری زرد تودری سفید + | کھوپرا - پیاز کے بیج - مولی کے بیج - سنبل کا موصلا |
| مجفف | خشک کرنیوالی | اپنی خشکی سے اعضا کی رطوبت کو بھی خشک کریں | سنگجراحت - سپاری جلی ہوئی - کتھ - گیرو | سیپی جلی ہوئی - چھوارے کی گٹھلی جلی ہوئی مردارسنگ - ایلوا - چونہ دھویا ہوا - توتیا چھڑیلہ - گھوڑے اور گدھے کے سم جلے ہوئے |
| محرق | جلا دینے والی | بوجہ قوت نفوذ و سخت گرمی کے رطوبت اعضا کو جلا دیتی ہے | | فرفیون - ہڑتال - تیزاب چاندی - زنگار نیلا تھوتھ - چونہ - نورہ - آگ مدار کا دودھ |
| محلمات ردیہ | بدخوابی کرنا | بسبب بخرہ زیادہ اُٹھنے کے خواب پریشان دکھلائی دیں | آلو - کدو - کھمبی - باقلا - چیت سونا - سوداوی یا غلیظ غذا کھانا | شراب کچی پیاز - بینگن - گندنا - لوبیا - |
| محلل | حل کر دینے والی | بوجہ اپنی حرارت کے لیسدار خلطوں کو اور مواد کو تحلیل کر دیتی ہے یا بخارات بنا کر فنا کر دیتی ہے یا اپنے دباؤ سے مواد کو اوپر اُٹھنے نہیں دیتی بلکہ اندر کو دھکیلتی ہے + | باقلا - گل خیرو - سرکہ - السی - برو زہ | زراوند دراز و گرد - دونا مروا - اود بلاؤ کے خصیے ناخونہ چنبیلی کے پتے - نرگس بستانی - ترمس بابونہ خطمی - عنبر - پرسیاوشاں - تگر - کنوچہ - گندنا بیج - پودینہ جنگلی - کریلہ - اشق - پیاز جنگلی - جاوشیر - انزروت - غافث - زوفا - صمغ بلطم - لادن - حاشا جراکس - رائی - برنجاسف - ہلدی - دارچینی - گیگو سویہ - کو - انجیر - چھڑیلہ - جھاؤ - منڈی - اجوائن |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| لزج | چپکنے والی | بسبب اپنی لیس اور خشکی کے عضو سے چپک جاوے | چاول ۔ بعض قسم کی مچھلی ۔ خبازی ۔ موگرا | مسور |
| مانع احلام ردی | خواب پریشان منع کرے | چونکہ دماغ کو فضلہ سے پاک کرتا ہے اور ابخرات کو اثر کرنے سے روکتا ہے + | پھٹکری سرہانے رکھنا ۔ بورکا پتھر | عقرقرحا ۔ سونا ۔ روغن زیتون کی لکڑی گلے میں لٹکانا + |
| مانع نزف نفث الدم | خون کا جانا عضو سے اور منہ و دستوں کو بند کرنیوالی | بوجہ اپنی خشکی یا لعابیت کے رگوں میں سدہ پیدا کرکے یا اندرونی زخموں پر کھرنڈ باندھ کر خون کا جانا موقوف کرے + | ہیرا دکھی ۔ دھنیا خشک ۔ رشک ۔ بہدانہ ۔ کافور ۔ بیخ انجبار ۔ گیرو ۔ جفت بلوط ۔ مرمہ ۔ بارتنگ ۔ کہربا ۔ قشادتہ ۔ گلنار ۔ مازو ۔ کندر ۔ ریشہ برگد ۔ چھوٹی مائیں ۔ گل ارمنی ۔ تخم میٹھا ۔ جوز السرو ۔ جھاؤ کا پھل + | مصطگی ۔ زیرہ ۔ پودینہ ۔ تخم خراسانی جنگلی تلسی ۔ ریوند چینی مصطگی ۔ مسور ۔ |
| مبرد | سرد کرنیوالی | چونکہ خود سرد ہے اعضا کو بھی سرد کر دیتی ہے | کافور ۔ کاہو ۔ صندل ۔ اڑھل کا پھول نیلوفر ۔ خوشبودار مٹی ۔ کاسنی + | |
| مبہی | باہ پیدا کرنیوالی | بسبب اعتدال گرمی اور رطوبت فضلیہ کے اعصاب کو طاقت دیکر اور اعضائے تناسل میں ریاح پیدا کرکے مادہ منی کا اور خواہش جماع کی پیدا کرتی ہے + | کیترا ۔ باقلا ۔ گوکھرو ۔ خشخاش ۔ موتی ۔ سونٹھ ۔ چڑیا ۔ چڑیا کا مغز و انڈہ ۔ انگور ۔ تخم گاجر ۔ جائفل ۔ مغز بادام ۔ اخروٹ ۔ چلغوزہ ۔ چند سرعینی ۔ مالوں ۔ خولنجان ۔ بربری ۔ بیخ | کھجور ۔ چھوارہ ۔ تیتر ۔ بٹیر ۔ مرغ ۔ بیضہ نیمبرشت ۔ کالے تل ۔ جاوتری ۔ شلجم ۔ گوشت ۔ دارچینی ۔ پنیر مایہ ۔ شتر اعرابی ۔ بینگ ۔ پستہ ۔ خصیۃ الثعلب ۔ لکٹ ۔ چنا ۔ لوبیا ۔ سقنقور ۔ ستاور ۔ بہمن سرخ |

| عربی | ترجمہ | خواص | ادویہ سرد | ادویہ گرم |
|---|---|---|---|---|
| قاتل دیدان وددو | پیٹ کے کیڑے مارڈالنے والی | | | بابڑنگ کابلی - کمیلہ - کلونجی - پودینہ - زوفا - سے خربک - شفتالو - ترمس - عنبر بید مشک بلاس پاپڑہ - کوکر بھنگرہ - سرسوں - کرویا - درمنہ ترکی - برگ شفتالو + |
| قابضات | روکنے والی | بسبب خشک یا بوجھل یا کسیلا ہونے کے طبیعت بند کرتی ہے + | تربج - زرشک - بنسلوچن - گلنار - سماق بارتنگ - اذخر - جامن کی گٹھلی - چاول مائیں - مازو - بلوط - پستہ کا چھلکا - زرشک باقلا - بیر کا مغز - ہیرا دوکھی یعنی دم الاخوین حب الآس - طباشیر + | مسور - مصطگی - چنا - حب الآس ترمس - سنگدان مرغ کا + |
| قاشر | چھلکا اُتارنیوالی | بوجہ شدت جلاکے عضو کو صاف کرے | جو بریاں - خشخاش + | زراوند کالے تل + |
| کاوی | داغ دینا | بوجہ اپنی تیزی اور سوزش کے عضو میں گھسکر جلاوے اور داغ دے | | سفیدا - قلطنار - ادرک - لہسن - تیزاب - رائی - بالون + |
| کاسر الریاح | ریاح دور کرنیوالی | اپنی گرمی کے باعث ریاح کو توڑکر دور کرے | | تلی کے بیج - ادرک - سونٹھ - کالا نمک - سونف پودینہ - اجوائن - تخم زیرہ - چوکا - ہڑ کا مربا |
| لاذع | خراش پیدا کرنیوالی | اپنی تیزی اور عضو کے اندر دھس جانے سے عضو کو کاٹے اور خراش پیدا کرے | سرکہ - لیموں - نمک شور | رائی - جامن کا تیزاب انگور - سکنجبین سنقے |

| نام | ترجمہ اردو | وجہ | نام ادویہ |
| --- | --- | --- | --- |
| خاتم | پورا کرنیوالی | زخم پر کھرنڈ لاتی ہے | لائی چونہ دھویا ہوا - توتیا - ایلوہ - سیپی جلی ہوئی - چھڑیلہ - گھیکوار - سب گیہوں |
| دابق | چپکنے والی | بسبب لیس کے بدن میں چپکتی ہے + | شہد - سریش - لاکھ - شیرہ گوند ببول کا - |
| دافع خمار | نشہ کو دور کرنیوالی | بوجہ روکنے بخار کے نشہ کو منع کرتی ہے - اور آثار تی ہے + | عرق لیمو - املی - آلو بخارا - انار کھٹا - عرق گلاب - شربت قند - ہر قسم کی کھٹائی - گلاب کا پھول سونگھنا - ادویہ معطسہ یعنی چھینک لانیوالی + |
| رادع | لوٹا دینے والی | بوجہ قوت قابضہ کے مواد یا غلط ردی کو عضو ماؤف پر گرنے سے روکتی ہے + | کو - اسپغول - گلنار - بسپاری - دہنیا - خطمی - السی - ملتانی - گیرو - املتاس - سفیدی بیضہ - گوگل - ریٹھہ - کوبجی - کالی زیری - کچلہ کا لیپ - بھلانوہ کا لیپ + |
| عاصر | نچوڑنے والی | بوجہ قوت قابضہ اور کسیلے پن کے معدہ میں بیٹھکر عضو کو اینٹھتی ہے جسکی وجہ سے عضو سمٹتا ہے | املی کے بیج - ہڑ - آنولہ - انار کے چھلکے اور چھال - جامن کی گٹھلی - ببول کی پھلی + |
| غسال | دھونے والی | اپنی قوت سے اخلاط کو سطح عضو سے دھو دیتی ہے - | نیم گرم پانی - آش جو - ماء العسل + |
| قاتل | مار ڈالنے والی | اپنی سمی خاصیت سے اور قوت ضدیت سے ہر سہ ارواح کو فنا کر دیتی ہے + | سنکھیا - افیون - افربیون - تیلیا - سینگیا - ہیرا - پارہ - شیر کی موچھ کا بال - ہڑتال - دھتورہ - کچلہ - حسن یوسف - مردار سنگ |

## دواؤں کے اصطلاحی ناموں کی جدول مع اُنکی تشریح و اسامی و خواص کے درج ذیل ہے

| نام | معنی لغوی | تشریح | نام ادویہ |
|---|---|---|---|
| اکال | عضو کو کھاجانیوالی فناکرنیوالی | بوجہ اپنی تیزی اور قوت تحلیل کے عضو و یا جو ہر عضو کو ۔ | زنگار ۔ انزروت ۔ نمک ۔ اشنان ۔ سیندور ۔ سیپی جلی ہوئی ۔ کوڑی جلی ہوئی ۔ ستوتیا بُرادہ تانبا ۔ مرداسنگ ۔ نورہ ۔ گرم خشک ہیں ۔ نمک ۔ تیزاب ہر قسم ۔ |
| جاذب | کھینچنےوالی | اپنی لطافت اور گرمی سے کسی خلط یا موم کو اپنی طرف یا ظاہر جلد کی طرف جذب کرلیتی ہے ۔ | اود بلاؤ کے خصیے ۔ تافیسا ۔ کوڑی یا گھنگچی کا گوشت ۔ |
| جالی | پاک کرنیوالی | بوجہ اپنی تیزی کے لیسدار رطوبت کو چھیلکر الگ کر دیتی ہے ۔ | لائی ۔ شہد ۔ شورہ ۔ نمک ۔ ہڑتال ۔ زرفت ۔ طبا ں کے بیج ۔ بنفشہ کی جڑ ۔ ادہیرا ۔ نوشادر پھٹکری ۔ مصری ۔ سرکہ ۔ لیموں کا عرق ۔ |
| جامد | جمادینے والی | رقیق خلط کو گاڑھا کر دے بوجہ لیسدار ہونے یا خشک ہونے کے | (گرم) موم ۔ گیرو ۔ خراسانی اجواین ۔ (سرد) کہربا ۔ کتیرا ۔ نشاستہ ۔ ملتانی مٹی ۔ گوند ببول ۔ گوند ۔ لیسوڑہ ۔ شیرہ برگد ۔ |
| حالق حلاق | بال مونڈنیوالی | اپنی تیزی اور جلن سے بالوں کو اُکھاڑتی ہے | نورہ ۔ ہڑتال ۔ چونہ ۔ راکھ ۔ اپنی جلا ہوا ۔ جلد گرم |
| حکاک محکک | کھجلی پیدا کرنیوالی | بوجہ اپنی تیزی اور گرمی کے مساموں میں گھس کر کھجلی پیدا کرتی ہے ۔ | (گرم) انگن ۔ کیکچ ۔ چھپیا گھاس ۔ کونچ ۔ (سرد) سنگھاڑا ۔ بھنڈی اور شیری کی پتی |

| نام عربی | اردو معنی | تفصیل وکیفیت | مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیا جاتا ہے |
| --- | --- | --- | --- |
| مغلی | جوشاندہ | دواؤں کو ملا کر پانی میں جوش دینا | دواؤں کی تاثیر پانی میں سب آجاوے اور بسبب گرم کرنے<br>دوادوں کی تاثیر پانی میں سب آجاوے اور بسبب گرم کرنے کے لطیف ہوجاوے اور جلد معدہ سے گذر جاوے + |
| مضمضہ | چبانا | کسی دوا کو دیر تک دانت کے تلے دبا رکھنا یا آہستہ آہستہ چبانا خواہ لعاب نکلا جاوے یا نہیں + | دانت کے مرض میں آنکھ اور چھالے کے مرض میں کارآمد ہے بسبب آہستہ چبانے کے تاثیر دیر تک رہتی ہے + |
| نشوق | سڑھکنا | تر دوا بذریعہ نلکی کے ناک میں چڑھانا | بذریعہ نلکی اور دم کشی کے عرق ناک میں خوب پہنچتا ہے + |
| نطول | تریڑا دینا | تر اور نیم گرم عرق دوا کا اونچے سے کسی عضو پر متواتر ڈالنا | دیکھو عمل سکوب کو |
| نفوخ | پھونکنا | خشک پسی ہوئی دوا بذریعہ نلکی ناک یا کسی اور زخم و سوراخ میں پھونکنا | جہاں پسی ہوئی دوا صرف ڈالنے سے نہ جاسکے وہاں پھکنی سے پہنچاتے ہیں۔ جیسے حالت غشی اور سکتہ میں دوا دماغ میں پہنچاتے ہیں |
| نقوع | خیسانده | دوا بھگو کر ملکر صاف کرکے پینا | اسکو تبرید میں استعمال کرتے ہیں + |
| وجور | حلق میں ڈالنا | کسی تر دوا کا حلق میں ڈالنا | خناق اور ورام لہات کے واسطے + |

| نام عربی | اُردو معنی | تفصیل وکیفیت | مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیا جاتا ہے |
|---|---|---|---|
| طلا | پتلی دوا یا تیل | رقیق دوا یا تیل مرکب لگانا | کسی خاص عضو پر کوئی خاص تاثیر دینے کو |
| عطوس | چھینکنا | تیز دوا ناک میں ٹپکانا | نزلہ زکام وامراض دماغی کے رفع کرنے کو |
| غرغرہ | کلی کرنا | دوا کا جوشاندہ موہنہ میں چند لمحہ رکھکر گرا دینا | واسطے تنقیۂ دماغ۔ دفع خناق ودرد گلو ودرد دنداں و موہنہ کے |
| فتیلہ | بتی | کپڑے کی بتی بنا کر دوا میں لت کرکے ناصور یا زخم یا کسی اور جگہ رکھنا | جہاں سوراخ تنگ ہو اور اُنگلی وغیرہ نہ جاسکے اُس جگہ دوا اِس ذریعہ سے پہنچاتے ہیں ؀ |
| فرزجہ | لتہ | دوا میں کپڑا ترکرکے فرج میں رکھنا | سیلان رحم کے دفع کرنے کو اور فرج کے صاف کرنے کو |
| قطور | ٹپکانا | دوا کا عرق کان یا ناک میں یا ایسے ہی کسی اور سوراخ میں ڈالنا | تنگ اور دراز سوراخوں میں رقیق دوا پہنچانے کا یہی ذریعہ ہے |
| کاجل | کاجل | چند دواؤں کی بتی بنا کر کاجل اُتارنا | امراض چشم میں زیادہ تر مستعمل ہے ؀ |
| کحل | سُرمہ | دیکھو تشریح اکتحال کی | |
| کماد | سینک | کسی اینٹ یا پتھر کو گرم کرکے ٹکور کرنا یا گرم پانی بوتل میں بھر کر ٹکور کرنا | ورم تحلیل کرنے کو چوٹ کی گرہ کھولنے کو مضرب سے جمے ہوئے خون کے گردش دینے کو |
| لخلخہ | | دوا سے تر یا خشک شیشی وغیرہ کسی برتن میں ڈالکر سونگھنا۔ شموم عام ہے اور لخلخہ خاص۔ | دیکھو شموم کو۔ |

| نام عربی | اردو معنی | تفصیل وکیفیت | مدعا یہ کہ کیوں عمل کیا جاتا ہے |
|---|---|---|---|
| تمریخ | مالش | کسی نرم شے کی بدن پر مالش کرنا | ذکر امراض جلدی میں اعصاب اور مسامات پر اسکی تاثیر جلد ہوتی ہے |
| تعلیق | لٹکانا | گلے یا کسی عضو پر دوا لٹکانا جیسے علاج فیل و حجر الشیب دل پر خفقان میں عود صلیب گلے میں صرع کے لئے ۔ وغیرہ وغیرہ | یہ عمل بعض دواؤں سے تعلق رکھتا ہے + |
| حقنہ | عمل کرنا | ادویہ مسہلہ کو پانی میں پکا کر پچکاری کے ذریعہ پاخانہ کی راہ امعا میں پہنچانا | تاکہ سدہ کھولے ۔ پاخانہ آوے ۔ قولنج وغیرہ میں یہ عمل کیا جاتا ہے |
| حمول | اٹھانا | فرج یا دبر میں دواؤں کا رکھنا خواہ گولی بنا کر خواہ کپڑے میں لپیٹ کر | سیلان رحم دور کرنے کو ضیق فرج کے واسطے مثانہ صاف کرنے کو |
| ذرور | چھڑکنا | خشک پسی ہوئی دوا کسی زخم یا دنبل یا بثور یا عضو پر چھڑکنا | تر زخم کے خشک کرنے کو ۔ اکثر پاؤں ۔ زبان ۔ حلق کے زخموں اور دانتوں کے اوپر چھڑکتے ہیں + |
| سعوط | ناک میں ٹپکانا | تر دوا ناک میں ٹپکانا | درد سر رفع کرنے کو ۔ رعاف بند کرنے کو ۔ |
| سکوب | دھار باندھنا | کسی نرم اعضا پر دوا کا جوشاندہ اونچے سے ٹھیر ٹھیر کر ڈالنا | تاکہ عضو مشوش شدہ اصلی حالت میں آجاوے |
| سنون | منجن | کوئی دوا پیس کر دانتوں پر ملنا | دانتوں کو صاف کرنے اور سوڑھوں کے مضبوط کرنے کو |
| شافہ | بتی بیضوی شکل کی | دواؤں کی سلائی بنا کر آنکھ میں لگانا یا بتی یا گولی بیضوی شکل کی بنا کر فرج یا دبر میں رکھنا + | آنکھ ۔ فرج اور دبر کے صاف کرنے کو |
| شموم | سونگھنا | کوئی چیز تر یا خشک سونگھنا | اصلاح دماغ و اعصاب کے واسطے |
| ضماد | لیپ | تر قدرے گاڑھی دوا بدن یا عضو پر لگانا | کسی خاص عضو پر کوئی خاص تاثیر دینے کو + |

# علم طب کی اصطلاحوں کی تشریح و اصول۔ انہیں اصولوں پر نسخہ کا نام ہوتا ہے

| نام عربی | اردو معنی | تفصیل وکیفیت | مدعا یہ کہ یہ عمل کیوں کیا جاتا ہے؟ |
| --- | --- | --- | --- |
| آبزن | پانی میں بیٹھنا | نیم گرم پانی میں مریض کو بٹھانا جو اور اس پانی میں دوائیں جوش دی ہوئی ہوں یا نہ ہوں | پٹھوں کو نرم کرنے کے واسطے یا مسامات پر اثر پہنچانے کو |
| اکتحال | سرمہ لگانا | سرد یا کوئی اور دوا باریک پیس کر سلائی سے آنکھ میں لگانا۔ | آنکھ یا آنکھ کے متعلق مرض کے واسطے۔ بعض اوقات بالکل غیر تعلق عضو یا جزو کا علاج بھی کرتے ہیں جیسے سرمہ لگانا اور بخار کا اُتر جانا۔ یا سوزاک وغیرہ دفع ہونا + |
| انکباب | بھپارہ | چادر اوڑھ کر دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ کا بخار بدن کو یا کسی عضو کو پہنچانا۔ تاکہ مسام کی راہ دوا تاثیر کرے + | اکثر امراض سرد زکام یا ریاح بدن وغیرہ میں۔ |
| بخور | دھونی | دوا آگ پر رکھ کر دماغ۔ ناک یا کسی عضو کو دھواں دینا | اکثر دماغ کے مرض میں یا جلدی بیماریوں و بواسیر میں کار آمد ہے |
| برود | پوٹلی | چند دوائیوں کے کپڑے کپڑے میں باندھ کر بذریعہ پانی یا عرق تر کر کے آنکھ پر پھیرنا | دکھتی آنکھ میں سرخی دور کرنے کو۔ |
| پاشویہ | پاؤں دھونا | دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ سے مریض کے پاؤں پر پنڈلیوں کی طرف سے پاؤں کی طرف کو ہاتھوں سے ملنا اور بعد عمل پنڈلیوں کو کسی کپڑے سے ڈھک دینا ہوا سے بچانے کے لئے + | تاکہ انجرات سر سے پاؤں کی طرف اُتر آئیں۔ سخت اور دیرپا بخار میں مستعمل ہے + |
| تدہین | | کسی عضو پر تیل لگا کر ملنا۔ خواہ تیل سرد یا نیم گرم ہو + | عضو یا پٹھوں کو نرم کرنے اور ورم اُتارنے کو + |

# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد کے لایق وہی حکیم برحق ہے کہ جسکی تشخیص محیط ہر دا ر ہے - اور تعریف کا مستحق وہی شافی مطلق ہے
کہ جسکا نام گناہوں کے مہلک مرض کی دوا ہے - عجیب طبیب اجل ہے کہ جس کا نسخہ خود دوا ہے - اور
زہے حکیم کامل کہ جسکی دوا محض شفا ہے - واہ واہ صنعت کاملہ کا پھولوں کے تکلوں کو طیبہ رایحہ سے
تیار کیا - اور حبوب فواکہ کو جابجا قرینہ سے دھرا - سبحان اللہ کیا مطب محیط عالم ہے کہ جس میں ہر مرض
کی دوا اتم ہے - کہیں نور کی قرص کافوری - کہیں جلال کا شربت بزوری - کہیں تربوزوں کا میٹھا دھرا
ہے - کہیں سنگتروں میں عرق بہار بھرا ہے - اور نعت کا سزاوار وہ رسول مقبول ہے کہ جس نے مریضان
مرض گمراہی کو اُس طبیب حاذق کی خبر دی - اور گناہوں کے بد پرہیزوں کو غذائے نفقہ تبائی گردہ پناہ
اُمت ہم پر کرم نہ فرماتا تو پھر کوئی مرض ضلالت سے نجات نہ پاتا ⁛

اما بعد بندہ احقر العباد غلام نبی ملازم محکمہ سفری ڈاک خانہ لاہور بخدمت جملہ ناظرین کتاب ہذا
عرض پرداز ہے کہ اگرچہ آجکل بہت سے رسالے مفردات کے خواص میں چھپکر شایع ہوئے ہیں مگر
سب ایک ہی طرز کے کہ جن میں سوائے چند ادویہ یونانی کے ہندی اور انگریزی دواؤں کا بالکل ذکر
نہیں - یا اگر کسی میں ہے تو بالکل ناکمل کہ اُنکا عدم وجود علی السویہ ہے - لہٰذا اس خاکسار نے حسب ایماء
دوست صمیم جناب منشی امام الدین صاحب ملازم محکمہ سفری ڈاک خانہ لاہور کے اس کتاب جامع خواص
مفردات و مرکبات کو تالیف کیا - اور ہندی دواؤں کے اندراج سے مکمل بنایا - اسمیں علاوہ خواص
مفردات کے مرکبات کا خواص و قدر خوراک مع ترکیب ساخت درج ہے - اور چند اعمال عجیبہ کہ جنکو اسرار
صدری کہنا زیبا ہے مزید برآں ہیں - یہ اسرار صدری اپنے سریع التاثیر ہونے میں ید بیضا ہیں اور
لطف یہ کہ سہل الحصول بھی پرلے درجہ کے - علاوہ ازیں یونانی اور ہندی وزنوں کی کیفیت بھی واضح
طور پر مرقوم ہے اور اخیر میں سب قسم کی مشترکہ اور ہم جنس ادویہ کے اسامی علیحدہ علیحدہ کر دیے ہیں +
الغرض یہ کتاب اپنے طور پر بالکل نئے ڈھنگ کی ہے کہ جسکے آگے پھر کسی مخزن یا قرابادین کی ضرورت
نہیں رہتی - اُمید کہ شایقین اسکے مطالعہ سے فائدہ اُٹھائیں گے اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد فرمائینگے ⁃

بر رسولاں بلاغ باشد و بس

ان الحکم والحکمۃ للہ جمیعاً
لله الحمد کہ یہ مجربوں کا مجموعہ کار آمد اطبا یونانی مصنفہ و مرتبہ صاحب تجارب معالجات ماہر حقائق
مفردات و مرکبات جناب منشی غلام نبی صاحب ملازم محکمہ سفری ڈاکخانہ لاہور اعنی
مخزن مفردات و مرکبات
معروف بہ
خواص الادویہ
حسب فرمایش نرائن داس جنگلی مل تاجر کتب دہلی بازار دریبہ کلاں اندرون کٹرہ مشرو
بصحت تمام وسعی مالک الکلام برائے افادہ خاص و عام بزبان اردو سلیس درمیان سنہ ۱۹۰۵
در مطبع افتخار دہلی زیور طبع پوشید